بسم اللہ الرحمن الرحیم

238۔ سب نمازوں کی محافظت کیا کرو اور بالخصوص درمیانی نماز کی، اور اللہ کے حضور سراپا ادب و نیاز بن کر قیام کیا کرو o 239 پھر اگر تم حالتِ خوف میں ہو تو پیادہ یا سوار (جیسے بھی ہو نماز پڑھ لیا کرو)، پھر جب تم حالتِ امن میں آجاؤ تو انہی طریقوں پر اللہ کی یاد کرو جو اس نے تمہیں سکھائے ہیں جنہیں تم (پہلے) نہیں جانتے تھے o

لاہور اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار

MEMBER APNS

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

ABC CERTIFIED

مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ

Daily SEHAR

روزنامہ

سحر

لاہور

چیف ایڈیٹر

ملک یامین اعوان

جلد: 19 | جمعرات 22 اکتوبر 2026ء 1448ھ 10 جمادی الاول 8 کاتک صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ نمبر: 268

www.sehar.pk

dailysehar1@gmail.com

# بھارت نے اگر پاکستان کا پانی روکا تو اسے جنگی اقدام تصور کیا جائیگا

**وزیراعظم**

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو کے سرکاری دورہ پاکستان کو دونوں ممالک کے دیرینہ برادرانہ تعلقات کے فروغ میں اہم پیشرفت قرار دیتے ہوئے مالدیپ کی قومی ترقیاتی ترجیحات میں پاکستان کے تعاون کو جاری رکھنے کی یقین دہانی کرائی ہے

وزیراعظم شہباز شریف نے وزیراعظم ہاؤس آمد پر مالدیپ کے صدر کا استقبال کیا اور ان کے اعزاز میں گارڈ آف آنر کی تقریب منعقد کی گئی، صدر معیزو نے گارڈ آف آنر کا معائنہ کیا اور وزیراعظم ہاس میں یادگار کے طور پر پودا بھی لگایا

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اور مالدیپ نے اقتصادی، تجارتی اور (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 1)

## اسحاق ڈار کی مالدیپ کے صدر سے ملاقات، تجارت، سرمایہ کاری، تعلیم، موسمیاتی تبدیلی اور سیاحت کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر2)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

## ترکیہ، قطر، پاکستان اور انڈونیشیا کے دفاعی تعاون بڑھانے کے معاہدے پر دستخط

ترک وزارت دفاع کے مطابق چاروں ممالک کے درمیان دفاعی معاہدے پر دستخط دوحہ میں کیے گئے

معاہدے کے تحت چاروں ممالک مشترکہ فوجی مشقوں اور تربیتی تعاون کو فروغ دیں گے

انقرہ(مانیٹرنگ ڈیسک) ترکیہ، قطر، پاکستان اور انڈونیشیا نے دفاعی تعاون بڑھانے اور اپنی دفاعی صلاحیتیں مضبوط بنانے کے لیے معاہدے پر دستخط کر دیے۔ترک وزارت دفاع کے مطابق چاروں ممالک کے درمیان دفاعی معاہدے پر دستخط دوحہ میں کیے گئے۔معاہدے کے تحت چاروں ممالک مشترکہ فوجی مشقوں اور تربیتی تعاون کو فروغ دیں گے، جبکہ دفاعی تحقیق اور ترقی کے شعبوں میں بھی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر3)

# اسحاق ڈار مالدیپ کے صدر سے ملاقات، مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

وزیراعظم ہاؤس میں استقبالیہ تقریب، مسلح افواج کے چاق و چوبند دستے نے معزز مہمان کو سلامی دی، گارڈ آف آنر پیش

ملاقات کے دوران دونوں ملکوں کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری، تعلیم، موسمیاتی تبدیلی اور سیاحت میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا

مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو نے وزیراعظم ہاؤس کے سبزہ زار میں پودا بھی لگایا، اس موقع پر دونوں ملکوں کی ترقی اور عوام کی خوشحالی کیلئے خصوصی دعا کی گئی

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو نے ملاقات کی جس میں مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق وزیر خارجہ نے مالدیپ کے صدر اور ان کے وفد کا پاکستان آمد پر پرتپاک خیر مقدم کیا، اسحاق ڈار نے صدر مملکت اور وزیراعظم کی جانب سے مالدیپ کے صدر کو نیک خواہشات کے پیغامات پہنچائیے۔وزیر خارجہ نے مالدیپ کے ساتھ دیرینہ برادرانہ تعلقات کے فروغ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 6)

# عدالتیں مستقبل کے ممکنہ قوانین کو روکنے کیلئے پیشگی فیصلہ نہیں کرسکتیں

**اسلام آباد ہائی کورٹ**

نیب ترامیمی آرڈیننس کی قانونی مدت ختم ہونے کے بعد وہ خود ہی منسوخ ہوچکا ہے، تحریری فیصلہ

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد ہائی کورٹ نے ایک فیصلے میں ریمارکس دیے ہیں کہ عدالتیں مستقبل کے ممکنہ قوانین کو روکنے کے لیے پیشگی فیصلہ نہیں کر سکتیں۔عدالت عالیہ نے نیب کی حراست میں جسمانی ریمانڈ کی مدت 14 سے بڑھا کر 40 روز کرنے کے آرڈیننس کے خلاف آئینی درخواست غیر مؤثر ہونے پر نمٹا دی۔جسٹس انعام امین منہاس نے تحریری فیصلے میں قرار دیا کہ نیب ترامیمی آرڈیننس کی قانونی مدت ختم ہونے کے بعد وہ خود ہی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 4)

## آئینی عدالت، اے ٹی سی ججز قبل از مدت ہٹانے کا نوٹیفکیشن

عمر کی نئی حد سابقہ تقرریوں پر لاگو نہیں ہوتی، آئینی عدالت: سندھ ہائیکورٹ کا فیصلہ کالعدم

جسٹس حسن اظہر رضوی اور جسٹس کریم خان آغا کے دو رکنی بنچ نے منظور یامین کی اپیل منظور کرلی

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی آئینی عدالت نے انسدادِ دہشت گردی عدالت نمبر 4 کراچی کے جج کو بحال کردیا ہے جنہیں انسدادِ دہشت گردی (سندھ ترمیمی) ایکٹ 2025 کے بعد ڈی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 5)

اقتصادی تعاون اور سرمایہ کاری کے فروغ، براہ راست فضائی رابطوں کے قیام اور مختلف شعبوں میں شراکت داری کو وسعت دینے پر اتفاق اور تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ

# پاکستان اور مالدیپ کے درمیان 20 مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط

اقتصادی تعاون اور سرمایہ کاری کے فروغ، براہ راست فضائی رابطوں کے قیام اور مختلف شعبوں میں شراکت داری کو وسعت دینے پر اتفاق اور فلسطینی عوام کے حق خودارادیت اور ایک آزاد ریاست کے قیام کی حمایت اور علاقائی و عالمی امور پر تعاون جاری رکھنے پر اتفاق

معاہدوں کو محض دستاویزات تک محدود رکھنے کے بجائے عملی اقدامات میں تبدیل کیا جائیگا، بروقت فیصلوں اور تیز رفتار عمل درآمد کو یقینی بنانے کی کوشش کی جائیگی، وزیراعظم

شہباز شریف اور مالدیپ کے صدر کا دوطرفہ تجارت کو آئندہ دو سال میں 13.9 ملین ڈالر سے بڑھا کر 200 ملین ڈالر تک لے جانے کا

یہ معاہدے دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعاون کو وسعت دینے، ادارہ جاتی روابط مضبوط بنانے اور تجارت، تعلیم، صحت، ٹیکنالوجی اور دیگر شعبوں میں باہمی مفاد کے نئے مواقع پیدا کرنے کی جانب اہم پیش رفت ہیں

تجارت، تعلیم، صحت، ٹیکنالوجی اور دیگر شعبوں میں باہمی مفاد کے نئے مواقع پیدا کرنے کی جانب اہم پیش رفت ہیں

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اور مالدیپ نے دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے اور مختلف شعبوں میں باہمی تعاون کو فروغ دینے کے لیے انفارمیشن ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت، سائبر سکیورٹی، ڈیجیٹل سکلز، صحت، تعلیم، دفاع، بحری سلامتی، زراعت، سیاحت، تجارت اور ماحولیاتی تحفظ سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کے لیے مفاہمت کی 20 یادداشتوں (ایم او یوز) پر دستخط کردیئے ہیں جبکہ دونوں ممالک نے دوطرفہ تجارت کو آئندہ دو سال میں 13.9 ملین ڈالر سے بڑھا کر 200 ملین ڈالر تک لے جانے، اقتصادی تعاون اور سرمایہ کاری کے فروغ، براہ راست فضائی رابطوں کے قیام اور مختلف شعبوں میں (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 7)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف مالدیپ کے صدر کے ہمراہ مشترکہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے

## وزیر مملکت طلال چوہدری کی مالدیپ کے وزیر داخلہ سے ملاقات

پاکستان مالدیپ کے ساتھ داخلی سلامتی اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے مابین تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کا خواہاں ہے

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری سے مالدیپ کے وزیر داخلہ علی احسان نے اہم ملاقات کی، جس میں دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات کے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر10)

## وزیراعظم شہباز شریف نے مالدیپ کے صدر اور ان کے وفد کے اعزاز میں ظہرانہ دیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے مالدیپ کے صدر اور ان کے وفد کے اعزاز میں ظہرانہ دیا۔مالدیپ کے صدر کا یہ سرکاری دورہ گزشتہ 11 سال میں کسی مالدیپ کے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 8)

## سٹیٹ بینک کا مانیٹری پالیسی اجلاس 26 اکتوبر کو ہوگا، شرح سود میں اضافے کا امکان

مارکیٹ سروے کے مطابق شرکاء کی اکثریت نے شرح سود میں اضافے کا امکان ظاہر کیا ہے

کراچی(بیورو رپورٹ) سٹیٹ بینک آف پاکستان کی مانیٹری پالیسی کمیٹی کا اجلاس 26 اکتوبر کو ہوگا، جس میں آئندہ مانیٹری پالیسی اور شرح سود کے حوالے سے اہم فیصلہ متوقع ہے۔مارکیٹ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 11)

## مالدیپ کے صدر کے اعزاز میں وزیراعظم ہاؤس میں استقبالیہ تقریب

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو کے اعزاز (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 9)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے سعودی عرب کے نئے تعینات ڈاکٹر راجح الفی ملاقات کرتے ہوئے

# خادمین حرمین شریفین پاکستانی دل میں منفرد محترم اور مقام رکھتا ہے

**مریم نواز**

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف سے سعودی عرب کے نئے تعینات ڈاکٹر راجح الفی کی ملاقات، سفارتی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد

پاکستان کی اقتصادی اور مالی معاونت پر سعودی قیادت سے اظہار تشکر، سعودی شہریوں کو پنجاب میں شاندار سیاحتی مراکز کے دوروں کی دعوت

مکہ دفاعی معاہدہ باہمی تعلقات میں نئے باب کا آغاز قرار، مملکت سعودی عرب پر حوثی حملوں کی شدید مذمت، خادم حرمین شریفین اور ولی عہد کیلئے نیک خواہشات کا اظہار

لاہور( سٹاف رپورٹر)وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے سعودی عرب کے نئے تعینات ڈاکٹر راجح الفی نے ملاقات کی۔وزیراعلیٰ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر12)

اسلام آباد: وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے

# اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات کا شیڈول جاری، پولنگ 20 دسمبر کو ہوگی

کاغذات نامزدگی جمع کرانے کیلئے عوامی نوٹس 30 اکتوبر کو جاری کیا جائے گا، جبکہ امیدواروں سے کاغذات نامزدگی 2 نومبر سے 6 نومبر تک وصول کئے جائینگے

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات کا شیڈول جاری کر دیا ہے۔شیڈول کے مطابق اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات 20 دسمبر 2026 (بروز اتوار) کو 2015 کے قانون کے تحت ہوں گے۔انتخابی شیڈول کے مطابق (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 13)

## وفاقی وزیر شزہ فاطمہ خواجہ کی عالمی بینک کے نائب صدر سے ملاقات

ملاقات میں پاکستان کے ڈیجیٹل شعبے میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شزہ فاطمہ خواجہ نے جنوبی کوریا کے دورے کے دوران عالمی بینک کے نائب صدر اوسامانے ڈیونے سے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 15)

اسلام آباد: وزیر دفاع خواجہ آصف کا ترکیہ، قطر، پاکستان اور انڈونیشیا کے دفاعی تعاون بڑھانے کے معاہدے پر دستخط کے بعد سفیروں کے ہمراہ گروپ فوٹو

## نئی آٹو پالیسی پر آئی ایم ایف سے ورچوئل مذاکرات کا فیصلہ، اضافی ٹیکس کی تجویز

دستاویزات کے مطابق آئی ایم ایف نے الیکٹرک گاڑیوں پر 18 فیصد سیلز ٹیکس عائد کرنے کا مطالبہ کیا ہے

اسلام آباد(سی ایم لنکس) پاکستان نے نئی آٹو پالیسی پر عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) سے مشاورت کا فیصلہ کرلیا ہے، جس کے لیے ورچوئل مذاکرات ہوں گے۔وزارتِ صنعت و پیداوار کے ذرائع کے مطابق آٹو پالیسی کا ابتدائی منظور شدہ مسودہ آئی ایم ایف کو ارسال کردیا گیا ہے۔دستاویزات (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر22)

## چیف جسٹس وفاقی آئینی امین الدین خان کا دورآذربائیجان اور ترک دنیا کی آئینی عدالتوں کی بین الاقوامی تنظیم کے اجلاس سے خطاب

باکو (مانیٹرنگ ڈیسک) چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالتِ پاکستان، جسٹس امین الدین خان رواں ہفتے آذربائیجان کے سرکاری (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 20)

## احد چیمہ سے برطانوی ہائی کمشنر کی ملاقات، اقتصادی اصلاحات اور ترقیاتی ترجیحات میں تعاون پر تبادلہ خیال

حکومت معاشی ترقی کے فروغ کے لیے شعبہ جاتی اصلاحات اور پالیسیاں اپنا رہی ہے، وفاقی وزیر احد چیمہ کی گفتگو

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان میں برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ نے وفاقی وزیر اقتصادی امور احد چیمہ سے ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور اور پاکستان و برطانیہ کے درمیان (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر16)

## عالمی اداروں کو موجودہ دور کی ابھرتی ہوئی حقیقتوں سے ہم آہنگ کرنا ضروری ہے، احسن اقبال

علاقائی امن کے فروغ اور بین الاقوامی قوانین کی پاسداری کے لیے پاکستان کے سفارتی کردار کو عالمی سطح پر غیر معمولی پذیرائی ملی ہے

کامیابیوں کو پائیدار معاشی ثمرات میں تبدیل کرنے کے لیے برآمدات پر مبنی معیشت کی تشکیل ناگزیر ہے

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ علاقائی امن کے فروغ اور بین الاقوامی قوانین کی پاسداری کے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 14)

## ڈاکٹر محمد معیزو کو بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی کی طرف سے ڈاکٹریٹ کی اعزازی ڈگری دی گئی

مالدیپ کے صدر نے پاکستان کی حکومت اور بالخصوص بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی کا شکریہ ادا کیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو کو عوامی خدمات، ادارہ جاتی اور سماجی و معاشی ترقی میں ان کے اہم کردار پر بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد کی جانب (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر17)

اسلام آباد: وفاقی وزیر اقتصادی امور احد چیمہ سے برطانوی ہائی کمشنر ملاقات کرتے ہوئے

# الزام ثابت نہ کر پانے پر شہری کو جھوٹا قرار نہیں دیا جاسکتا، لاہور ہائیکورٹ نے بڑا قانونی نکتہ طے کردیا

الزام ثابت نہ ہونا اور الزام جھوٹا ثابت ہونا دو مختلف باتیں ہیں، بدنیتی ثابت کرنا ضروری ہے، عدالتی فیصلہ

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور: لاہور ہائیکورٹ نے بڑا قانونی نکتہ طے کردیا، فیصلے میں کہا گیا ہے کہ الزام ثابت نہ کر پانے پر کسی شہری کو جھوٹا قرار نہیں دیا جاسکتا۔ عدالت نے سرکاری ریکارڈ میں غلطی کی نشاندہی کرنے والے شہری کے خلاف دفعہ 182 کے تحت کارروائی کو کالعدم قرار دے دیا، شہری محمد شاہد کے خلاف دفعہ 182 تعزیرات پاکستان کے تحت فوجداری کارروائی بھی ختم کردی۔جسٹس غلام سرور نیہنگ نے شہری محمد شاہد کی درخواست منظور کرلی، (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 23)

## بیرسٹر گوہر نے پارٹی اراکین کو ایک دوسرے کے خلاف بیان بازی سے روک دیا

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے پارٹی اراکین کو ایک دوسرے کے خلاف بیان بازی سے روک دیا (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر21)

## پاکستان کی معیشت درست سمت میں گامزن ہے، بیرسٹر دانیال چوہدری

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات ونشریات بیرسٹر دانیال چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر19)

## وزیراعظم شہباز شریف کی رومانیہ کے نئے وزیراعظم لوکا نکولیسکو کو عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے لوکا نکولیسکو کو رومانیہ کے وزیراعظم کا عہدہ سنبھالنے پر دلی مبارکباد پیش (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر18)

## بیرسٹر عقیل ملک سے یورپی یونین کے وفد کی ملاقات، سکیورٹی، انسدادِ دہشت گردی اور علاقائی امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر مملکت برائے قانون و انصاف بیرسٹر عقیل ملک سے یورپی ایکسٹرنل ایکشن سروس میں پاکستان (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر33)

## وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان کی زیر صدارت اجلاس

برآمد کنندگان کے مسائل حل کرنے، صنعتی مسابقت بہتر بنانے اور پاکستان کی برآمدات میں اضافے کیلئے حکومتی عزم کا اعادہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے تجارت جام کمال خان کی زیر صدارت برآمد کنندگان، صنعت کاروں اور کاروباری برادری کے نمائندوں کا مشاورتی اجلاس منعقد ہوا جس میں برآمد کنندگان کے مسائل حل کرنے، صنعتی مسابقت بہتر بنانے اور پاکستان کی برآمدات میں اضافے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر34)

## پی آئی ایف ڈی کے معاملے پر ذیلی کمیٹی تشکیل دینے کا فیصلہ

سینیٹ کمیٹی برائے قواعد وضوابط اور استحقاقات کا کمیٹی کا وزیر تعلیم اور سیکرٹری کی عدم شرکت پر برہم

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سینیٹ کمیٹی برائے قواعد وضوابط اور استحقاقات کا کمیٹی نے وزیر تعلیم اور سیکرٹری کی عدم شرکت پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے پی آئی ایف ڈی کے معاملے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر24)

## ناروے کے سفیر سگوالڈ ہاؤگ کی چیئرمین سی ڈی اے سے ملاقات

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان میں ناروے کے سفیر مسٹر سگوالڈ ہاؤگ نے چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) و (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر26)

اسلام آباد: نائب وزیراعظم مالدیپ کے صدر کا استقبال کرتے ہوئے

## کشمیر چوک انڈر پاس جلد ٹریفک کے لیے کھول دیا جائے گا: محسن نقوی

اسلام آباد کو شہریوں کے لیے مزید بہتر اور پرکشش بنانے کے لیے ایف نائن پارک کی تزئین وآرائش کی جائے گی

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ کشمیر چوک انڈر پاس جلد ٹریفک کے لیے کھول دیا جائے گا۔وفاقی دارالحکومت میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے محسن (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 25)

## وزیر داخلہ کی لائبہ کے گھر آمد، والد سے اظہار ہمدردی، لوٹی گئی رقم حوالے کی

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری کے ہمراہ لائبہ کے گھر پہنچے اور ان (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 27)

## پی ٹی آئی نے وفاق اور اسٹیبلشمنٹ سے مذاکرات کا ٹاسک علی امین گنڈاپور کو سونپ دیا

پارلیمانی قیادت نے سہیل آفریدی کی حکومت کی بحالی، گورنر راج کے خاتمے کے لیے مذاکرات کے تمام ممکنہ راستے اختیار کرنے کا اختیار دیدیا

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) خیبر پختونخواہ میں گورنر راج کے نفاذ کے بعد پاکستان تحریک انصاف نے وفاقی حکومت اور اسٹیبلشمنٹ سے مذاکرات کے لیے سابق وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور کو ذمہ داری سونپ دی ہے۔ پارٹی کی پارلیمانی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 30)

## اسلام آباد، سوتیلی بیٹی سے زیادتی کرنے والے سفاک شخص کو سزائے موت دینے کا حکم

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس نے سوتیلی بیٹی سے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر29)

# امریکا کو پاکستان سے تعلقات برقرار رکھنے کی ضرورت ہے، مارکو روبیو

ہم دنیا میں کہیں بھی ہونے والی دہشت گردی کے خلاف ہیں، ہم ہراس شخص یا ملک کے خلاف ہیں جو دہشت گردی کی سرپرستی کرتا ہے

امریکا کے پاکستان کے ساتھ تعلقات ہیں اور جغرافیائی نقطہ نظر سے امریکا کیلئے پاکستان کے ساتھ تعلقات قائم رکھنا ضروری ہے

پاکستان کے ساتھ تعلقات میں ہم ان سے بات چیت کریں تو شاید اس سے ہمیں مدد ملے، ممکن ہے کہ ان تعلقات کے ذریعے ہم بھارت کو لاحق خدشات دور کرنے میں اپنا کردار ادا کرسکیں

لاہور (سٹاف رپورٹر) امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے کہا ہے کہ جیسے بھارت کیلئے ایران سے تعلقات ضروری ہیں ویسے ہی امریکا کو پاکستان سے تعلقات کی ضرورت ہے۔بھارتی میڈیا کو انٹرویو دیتے ہوئے امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو کا کہنا تھا کہ ہم دنیا میں کہیں بھی ہونے والی دہشت گردی کے خلاف ہیں، ہم ہراس شخص یا ملک کے خلاف ہیں جو دہشت گردی کی سرپرستی کرتا ہے۔انہوں نے کہا کہ امریکا کے پاکستان کے ساتھ تعلقات ہیں اور (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 35)

## گورنر راج کیس، ایڈووکیٹ جنرل خیبر پختونخوا اور اٹارنی جنرل کو نوٹس جاری، فریقین کو 14 روز میں جواب جمع کرانے کی ہدایت، حکم نامہ

پشاور(بیورو رپورٹ)پشاور ہائی کورٹ نے خیبر پختون خوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کے خلاف دائر درخواستوں پر گزشتہ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 28)

## این ایچ اے کے چار منصوبے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت مکمل کرنے پر اتفاق

مانسہرہ، ناران، جھالکنڈ اور چلاس کی موٹروے کو چین کی سرحد سے منسلک کرنا چاہتے ہیں، عبدالعلیم خان

اسلام آباد (اے ایف بی) وفاقی حکومت نے نیشنل ہائی وے اتھارٹی کے موٹرویز سمیت مختلف ترقیاتی منصوبے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت مکمل کرنے پر غور شروع کردیا، پہلے مرحلے میں این ایچ اے اور نجکاری کمیشن نے چار منصوبوں کو پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت لانے پر اتفاق (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 29)

## قومی بچت اسکیموں کے شرح منافع میں اضافہ کردیا گیا

اسپیشل سیونگز سرٹیفکیٹ کا شرح منافع 11.6 فیصد سے 12 فیصد بڑھ گیا

اسلام آباد(اے ایف بی) قومی بچت کی اسکیموں کے شرح منافع میں اضافہ کردیا گیا۔اسپیشل سیونگز سرٹیفکیٹ کا شرح منافع 11.6 فیصد سے بڑھا کر 12 فیصد کردیا گیا ہے۔ریگولر انکم سرٹیفکیٹ کے شرح منافع کو 11.76 فیصد سے بڑھا کر 12.12 فیصد، بہبود سیونگز سرٹیفکیٹ، پنشنرز بینفیٹ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 31)

## امیر مقام کی زیر صدارت آزاد جموں وکشمیر کونسل میں اعلیٰ سطح کا اجلاس

اکتوبر کو منائے جانے والے یوم سیاہ کی تیاریوں کو حتمی شکل دی گئی

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان وسیفران انجینئر امیر مقام کی زیر صدارت آزاد جموں وکشمیر کونسل میں ایک اعلیٰ سطح کا اجلاس منعقد ہوا جس میں 27 اکتوبر کو منائے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر32)



اسلام آباد: نائب وزیراعظم اسحاق ڈار مالدیپ کے صدر سے ملاقات کرتے ہوئے

اسلام آباد: وفاقی وزیر عبدالعلیم خان سے پی پی پی کا وفد ملاقات کرتے ہوئے

# شہر شہر، نگر نگر

# Shehar Shehar Nagar Nagar

ڈپٹی رجسٹرار وفاقی محتسب فیصل آباد زون یاسر شبیر ملک ایس ای لیسکو آفس میں عوامی شکایات کی سماعت کرتے ہوئے

## ڈپٹی رجسٹرار وفاقی محتسب فیصل آباد زون یاسر شبیر ملک کی ایس ای لیسکو آفس میں عوامی شکایات کی سماعت

بچیکی (نامہ نگار) ڈپٹی رجسٹرار وفاقی محتسب فیصل آباد زون یاسر شبیر ملک کی ایس ای لیسکو آفس میں عوامی شکایات کی سماعت، 62 درخواست گزاروں کو ریلیف فراہم کیا، درخواست گزاروں کا آسان ترین طریقے سے ریلیف کی فراہمی پر وفاقی محتسب نوید کامران بلوچ اور ڈپٹی رجسٹرار فیصل آباد زون کو خراج تحسین تفصیلات کے مطابق وفاقی محتسب نوید کامران بلوچ کی خصوصی ہدایت پر ڈپٹی رجسٹرار وانویسٹیگیشن آفیسر یاسر شبیر ملک نے ایس ای لیسکو آفس میں وفاقی محکموں سے متعلقہ عوامی شکایات کی سماعت کی، انہوں نے لیسکو سے متعلقہ 30, سوئی گیس کی 12 پوسٹل لائف انشورنس کی 8، پوسٹ آفس کی , 5 نادرا (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 5)

## ضلع اوکاڑہ کی تینوں تحصیلوں میں صفائی آپریشن جاری، ٹیموں کی روزانہ مانیٹرنگ کی جا رہی ہے: ڈپٹی کمشنر ملک محمد اکرام

چوچک (نمائندہ خصوصی) ضلع اوکاڑہ کی تینوں تحصیلوں میں صفائی آپریشن جاری، ٹیموں کی روزانہ مانیٹرنگ کی جا رہی ہے: ڈپٹی کمشنر ملک محمد اکرام تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ ملک محمد اکرام نے چیئرمین تحصیل پریس کلب اعجاز طاہر قادری صدر ظہور احمد شاہین سے خصوصی ملاقات کے دوران کہا ہے کہ ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت ضلع اوکاڑہ کی تینوں تحصیلوں میں صفائی ستھرائی کے اقدامات جاری ہیں۔ صفائی ٹیموں کی کارکردگی کو روزانہ کی بنیاد پر مانیٹر کیا جا رہا ہے تاکہ شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے کے لیے مؤثر اقدامات یقینی بنائے جا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ صفائی کے عمل میں جہاں کہیں کمی یا کوتاہی سامنے آتی ہے، وہاں فوری طور پر خصوصی ٹیمیں روانہ کی جاتی ہیں تاکہ صورتحال کو بہتر بنایا جا سکے۔ اسی طرح شہریوں کی جانب سے صفائی سے متعلق نشاندہی موصول ہونے پر بھی متعلقہ علاقوں میں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 6)

## ترقیاتی امداد برائے آبادکاری زرعی الائنس پروگرام "اپنا کھیت اپنا روزگار" کے تحت ڈپٹی کمشنر جھنگ بابر صاحب دین کی زیرنگرانی تقریب تقسیم پے آرڈرز منعقد

جھنگ (مہر ریاض نول ڈسٹرکٹ رپورٹر سے) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے تحت ترقیاتی امداد برائے آبادکاری زرعی الائنس پروگرام "اپنا کھیت اپنا روزگار" کے تحت ڈپٹی کمشنر جھنگ بابر صاحب دین کی زیرنگرانی تقریب تقسیم پے آرڈرز منعقد ہوئی۔ تقریب میں سابق رکن پنجاب اسمبلی الحاج محمد یعقوب شیخ، سابق رکن پنجاب اسمبلی مہر سلطان سکندر بھروانہ، اسسٹنٹ کمشنر جھنگ تیمور عثمان، اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت توسیع جھنگ مہر ناصر عارف سیال، اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت توسیع شورکوٹ میڈم ریحانہ روہی اور زونل منیجر بینک الفلاح محمد عمران سمیت دیگر شخصیات نے شرکت کی۔ اس موقع پر پہلے مرحلے کے تحت 94 کاشتکاروں میں فی ایکڑ 25 ہزار روپے کے حساب سے امدادی چیکس اور نقد رقوم تقسیم کی گئیں۔ تقریب کے شرکاء نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ "اپنا کھیت اپنا روزگار" پروگرام کاشتکاروں کی مالی معاونت، زرعی شعبے کے فروغ اور دیہی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 7)

## مانگا منڈی: علی چلڈرن کمپلیکس میں ڈاکٹر کی مبینہ غفلت، تین کمسن بچوں کی ماں جاں بحق

مانگا منڈی (نامہ نگار) علی چلڈرن کمپلیکس مانگا منڈی میں مبینہ طور پر آکسیجن کی عدم دستیابی کے باعث تین کمسن بچوں کی ماں جاں بحق ہو گئی۔ افسوسناک واقعے نے اہلِ علاقہ کو غمزدہ کر دیا، جبکہ معصوم بچوں کے سر سے ماں کا سایہ اٹھ جانے پر ہر آنکھ اشکبار ہے۔ تفصیلات کے مطابق ایک خاتون، جو تین کمسن بچوں کی ماں تھی، علی چلڈرن کمپلیکس مانگا منڈی میں زندگی کی بازی ہار گئی۔ اہلِ خانہ کے مطابق ڈاکٹر نصیر نے خاتون کو بروقت آکسیجن فراہم نہیں کی جس کے باعث اس کی حالت بگڑی اور وہ جانبر نہ ہو سکی۔ واقعے کے بعد ہسپتال میں طبی سہولیات کی دستیابی اور مریضوں کو بروقت علاج فراہم کرنے کے انتظامات پر سوالات اٹھنے لگے ہیں۔ تین معصوم بچوں کی ماں کی وفات نے ایک خاندان کو گہرے صدمے سے دوچار کر دیا ہے۔ شہریوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ واقعے کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کروائی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 26)

## ایس ایچ او تھانہ بڈیانہ عرفان ڈھلو کی منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی 1 کلو 600 گرام چرس برآمد

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں نکا سے) ایس ایچ او تھانہ بڈیانہ عرفان ڈھلو کی منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی 1 کلو 600 گرام چرس برآمد منشیات فروش ملزم گرفتار، مقدمہ درج۔ تفصیلات کے مطابق ڈی پی او سیالکوٹ کیپٹن ریٹائرڈ دوست محمد کی ہدایات پر ڈی ایس پی پسرور سرکل رانا جمیل قیصر کی سربراہی میں ایس ایچ او تھانہ بڈیانہ عرفان ڈھلو نے پولیس ٹیم کہ ہمراہ مخبر کی اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے دوران ناکہ بندی مشکوک شخص کو روکا تو دوران تلاشی بدنام زمانہ منشیات فروش کاشف عرف کاشو ولد ملک پرویز قوم ملک ساکن محلہ ایک مینار والی مسجد بڈیانہ کے رہائشی کو گرفتار کر لیا اور اس کہ قبضے سے پولیس نے ڈیڑھ کلو سے زائد چرس برآمد کر لی ملزم کے خلاف تھانہ بڈیانہ پولیس نے منشیات ایکٹ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 25)

## شہر کی اہم شاہراؤں، چوکوں اور عوامی مقامات کی صفائی اور دھلائی کا کام استوار بنیادوں پر جاری

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کی خصوصی ہدایت پر شہر کی اہم شاہراؤں، چوکوں اور عوامی مقامات کی صفائی اور دھلائی کا کام استوار بنیادوں پر جاری ہے۔ ایم ڈی ستھرا پنجاب احمد سلیم چشتی کی زیرنگرانی ٹیمیں فیلڈ میں متحرک ہیں اور شہر کے تمام اہم پوائنٹس پر صفائی ستھرائی اور دھلائی کے عمل کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ ایم ڈی ستھرا پنجاب نے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہریوں کو ایک صاف ستھرا، صحت بخش اور خوشگوار ماحول فراہم کرنے کے لیے صفائی ستھرائی کے مور کے ساتھ ساتھ مانیٹرنگ کا عمل بھی جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی عوام کو صاف ستھرے ماحول کی فراہمی کے لیے تمام تر اقدامات کو عملی جامہ پہنایا جا رہا ہے اور وزیر اعلیٰ کے ستھرا (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 22)

## سہولت بازار میں کار خاص لوگوں کو دوکانوں کی بندر بانٹ شہریوں اور ایم پی نے مسترد کر دی

رینالہ خورد (سرفراز انجم سے) سہولت بازار میں کار خاص لوگوں کو دوکانوں کی بندر بانٹ شہریوں اور ایم پی نے مسترد کر دی" دوکانوں کی شفافیت کی بنیاد پر قرعہ اندازی کا اعلان ڈی سی اوکاڑہ کریں گی تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز اسسٹنٹ کمشنر رینالہ خورد صائمہ نذیر نے مبینہ طور پر سہولت بازار میں دوکانداروں کی الاٹ منٹ کی ایک لسٹ جاری کی جس میں کوئی غریب یا ریڑھی والا شامل نہ تھا بلکہ اس میں شہر کے اشرافیہ اور کار خاص لوگوں کے نام شامل تھے جس پر پوری تحصیل کے لوگوں میں شدید غم و غصہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 21)

## حق گرلز ایلیمنٹری سکول میں طالب علم پر مبینہ تشدد، محکمہ تعلیم سے نوٹس لینے کا مطالبہ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) حق گرلز ایلیمنٹری سکول میں طالب علم پر مبینہ تشدد، محکمہ تعلیم سے نوٹس لینے کا مطالبہ، تفصیلات کے مطابق مہاراجہ روڈ سیالکوٹ پر واقع حق گرلز ایلیمنٹری سکول میں ٹیچر مس مقدس کی جانب سے بچوں کے ساتھ مبینہ طور پر تشدد کیے جانے کے حوالے سے تشویش سامنے آئی ہے اطلاعات کے مطابق مذکورہ ٹیچر پر بچوں کے ساتھ اکثر سختی اور مار پیٹ کرنے کے الزامات عائد کیے جا رہے ہیں، جبکہ ایک بچے کی موجودہ حالت نے بھی معاملے پر سوالات اٹھا دیے ہیں۔ بچوں پر مبینہ تشدد کا معاملہ نہایت حساس نوعیت کا ہے، کیونکہ تعلیمی اداروں میں بچوں کو محفوظ ماحول فراہم کرنا اور ان کی عزتِ نفس کا تحفظ کرنا انتظامیہ اور متعلقہ حکام کی بنیادی ذمہ داری ہے والدین اپنے بچوں کو حصولِ تعلیم کے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 1)

## ڈسکہ و گردونواح میں پرالی جلانے کا سلسلہ شروع

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) ڈسکہ و گردونواح میں پرالی جلانے کا سلسلہ شروع، سموگ کے خطرات بڑھنے کا خدشہ، پرالی اور فصل کیا باقیات جلانے کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں علاقہ مکینوں کی دہائی، اعلیٰ افسران سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ، پنجاب بھر کی طرح ڈسکہ شہر و ردونواح میں دھان کی فصل کی کٹائی کے بعد بعض کسانوں نے کھیتوں میں باقی ماندہ پرالی جلانا شروع کر دی، جس سے فضائی آلودگی اور سموگ کے خطرات بڑھنے کا خدشہ پیدا ہو گیا ہے۔ پرالی جلانے سے اٹھنے والا دھواں ماحول کو آلودہ کرنے کے ساتھ انسانی صحت کے لیے بھی نقصان دہ ثابت ہو سکتا ہے۔ تفصیلات کے مطابق دھان کی فصل کی کٹائی کے بعد بعض کسان اگلی فصل کی کاشت کے لیے کھیت تیار کرنے کی غرض سے پرالی کو آگ لگا رہے ہیں۔ اس عمل سے فضا میں دھوئیں اور مضر ذرات کی مقدار (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 4)

## عالمی سطح پر ممالک کے درمیان تعلقات اب صرف سفارتی روابط تک محدود نہیں رہے، لالہ احسان اللہ انصاری

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما لالہ احسان اللہ انصاری نے کہا ہے کہ پاکستان کو موجودہ معاشی اور بین الاقوامی حالات میں آگے بڑھانے کے لیے سیاسی استحکام اور قومی یکجہتی ناگزیر ہیں۔ عالمی سطح پر ممالک کے درمیان تعلقات اب صرف سفارتی روابط تک محدود نہیں رہے بلکہ تجارت، سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی، توانائی اور معاشی تعاون بھی ان کا اہم حصہ بن چکے ہیں۔ پاکستان کے قومی مفادات کا تقاضا ہے کہ عالمی برادری کیساتھ تعلقات کو باہمی احترام، معاشی شراکت داری اور مشترکہ مفادات کی بنیاد پر مضبوط بنایا جائے۔ لالہ احسان اللہ انصاری نے کہا کہ حکومت کی ترقیاتی کوششوں کی کامیابی کا پیمانہ صرف منصوبوں کا اعلان نہیں بلکہ ان کے نتیجے میں عوام کو ملنے والا حقیقی ریلیف، روزگار کے مواقع میں اضافہ اور بنیادی سہولیات کی بہتر دستیابی ہے جس پر حکومت بھرپور توجہ دے رہی ہے۔

## پولیس اہلکاروں کی ویلفیئر کیلئے عملی اقدامات جاری

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم کے احکامات پر پولیس اہلکاروں کی ویلفیئر کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں۔ ڈی پی او چنیوٹ ڈاکٹر نوید عاطف نے پولیس اہلکاروں سے ملاقات کی۔ ڈی پی او نے پولیس اہلکاروں سے خیریت دریافت کی، صحت، بچوں کی تعلیم کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا۔ ڈی پی او نے پولیس (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 8)

## سموگ کی روک تھام کے لیے ایس او پیز کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے۔ کمشنر ڈاکٹر آصف طفیل

ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل کی زیرصدارت سموگ کی روک تھام اور ماحولیاتی آلودگی پر قابو پانے کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا، جس میں ساہیوال، اوکاڑہ اور پاکپتن میں کیے گئے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر ساہیوال کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق، ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت ڈاکٹر طاہر جاوید، ڈپٹی ڈائریکٹر ماحولیات عروشہ مقبول، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر انفورسمنٹ عدنان رشید اور متعلقہ افسران نے شرکت کی، جبکہ ڈپٹی کمشنرز اوکاڑہ اور پاکپتن ویڈیو لنک کے ذریعے شریک ہوئے۔ تینوں اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز نے سموگ کی روک تھام کے لیے کیے گئے اقدامات پر بریفنگ دی۔ ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت ڈاکٹر طاہر جاوید نے فصلوں کی باقیات جلانے کی روک تھام، آگاہی سیمینارز اور خلاف ورزیوں کے خلاف کارروائیوں سے آگاہ کیا، جبکہ ڈپٹی ڈائریکٹر ماحولیات نے دھواں چھوڑنے والی فیکٹریوں، صنعتی یونٹس اور ماحولیاتی ایس او پیز کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کیے گئے اقدامات پر بریفنگ دی۔ کمشنر ڈاکٹر آصف (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 3)

## روبینہ میڈیکل کمپلیکس حویلی لکھا میں فری نیورالوجی کیمپ، 70 سے زائد مریضوں کا مفت معائنہ

اوکاڑہ (شکیل احمد آصم) روبینہ میڈیکل کمپلیکس حویلی لکھا میں ایک روزہ فری نیورالوجی کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ کیمپ میں اوکاڑہ کے مایہ ناز نیورو فزیشن ڈاکٹر علی اکبر خان ایم بی بی ایس، ایم ڈی نیورالوجی، سابق سینئر رجسٹرار میو ہسپتال لاہور نے تقریباً 70 مریضوں کا فری میڈیکل چیک اپ کیا، مریضوں کو بیماری کے مطابق تجاویز دیں اور ادویات تجویز کیں۔ کیمپ کا مقصد لوگوں میں دماغ، اعصاب، پٹھے اور ان سے متعلقہ بیماریوں کے بارے میں شعور و آگاہی فراہم کرنا تھا۔ میڈیکل کیمپ میں فالج، رعشہ، لقوہ، یادداشت کی کمزوری، پٹھوں کا کام نہ کرنا، مرگی اور دیگر اعصابی امراض میں مبتلا مریضوں کا تسلی بخش معائنہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 10)

## جھنگ شہر اور گردونواح میں مہنگائی کا طوفان، دکانداروں کی من مانیاں عروج پر، ضلعی انتظامیہ خواب غفلت میں مدہوش

جھنگ (مہر ریاض نول ڈسٹرکٹ رپورٹر سے) جھنگ شہر اور گردونواح میں مہنگائی کا طوفان، دکانداروں کی من مانیاں عروج پر، ضلعی انتظامیہ خواب غفلت میں مدہوش، غریب عوام پریشان حال، دکانداروں کا منہ مانگے داموں پر اشیاء فروخت کرنا معمول بن گیا۔ تفصیلات کے مطابق جھنگ بھر میں مہنگائی نے غریب عوام کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے۔ دکانداروں نے سرکاری نرخ نامے ہوا میں اڑا دیے ہیں اور اپنی مرضی کے ریٹ مقرر کر کے لوٹ مار کا بازار گرم کر رکھا ہے۔ آٹا، چینی، گھی، دالیں، سبزیاں، گوشت سمیت اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ کر دیا گیا ہے دکانداروں کی جانب سے ناجائز منافع خوری کا دھندا سرعام جاری ہے جبکہ ضلعی انتظامیہ، پرائس کنٹرول مجسٹریٹس اور متعلقہ افسران مکمل طور پر خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں۔ مارکیٹوں میں پرائس لسٹیں آویزاں نہ کرنا اور ناقص اشیاء مہنگے داموں فروخت کرنا عام ہو چکا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ضلعی انتظامیہ کی عدم توجہی اور پرائس کنٹرول (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 9)

## وزیر آباد پریس کلب کے صدر عدنان بٹ نے عمرہ کی سعادت حاصل کرنے اور نجی مصروفیات کے سلسلے میں سعودی عرب کے دورے سے واپسی کے بعد دوبارہ اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا

وزیر آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر مہر عبدالصمد) وزیر آباد پریس کلب کے صدر عدنان بٹ نے عمرہ کی سعادت حاصل کرنے اور نجی مصروفیات کے سلسلے میں سعودی عرب کے دورے سے واپسی کے بعد دوبارہ اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا۔ ان کی عدم موجودگی میں سینئر نائب صدر مہر شمس الدین قائم مقام صدر کی حیثیت سے فرائض انجام دے رہے تھے، جو اب دوبارہ اپنی سابقہ ذمہ داریوں پر آ گئے ہیں۔ صدر عدنان بٹ کی وطن واپسی پر دوست احباب کی جانب سے پرتپاک خیر مقدم کیا گیا۔ چند روز آرام اور نجی مصروفیات کے بعد انہوں نے پریس کلب پہنچ کر دوبارہ صدارتی ذمہ داریاں سنبھال لیں۔ ان کی واپسی کو پریس کلب کے معاملات میں تسلسل اور صحافتی سرگرمیوں کے حوالے سے خوش آئند قرار دیا (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 2)

### اہم ٹیلی فون نمبرز

| | |
|---|---|
| ریسکیو ایمبولینس | 1122 |
| پولیس ہیلپ لائن | 15 |
| ایدھی کنٹرول | 115 |
| فائر بریگیڈ | 16 |
| بم ڈسپوزل | 99212111 |
| موٹر وے پولیس | 130 |
| پنجاب ہائی وے پولیس | 1124 |

### ریلوے اور پی آئی اے

| | |
|---|---|
| ریلوے انکوائری | 117 |
| ریزرویشن | 99201772 |
| ریلوے پولیس | 1333 |
| فلائٹ انکوائری | 114 |
| پی آئی اے ریزرویشن | 111-786-786 |

### شکایات سیل اور سنٹرز

| | |
|---|---|
| وزیر اعلیٰ شکایات سیل | 99204907-08 |
| گورنر ہاؤس | 99200087 |
| چیف سیکرٹری مانیٹرنگ سیل | 99213103 |
| پولیس شکایت | 99202881 |
| واپڈا شکایت سنٹر | 111-000-118 |
| سوئی گیس شکایت سنٹر | 99211022-9 |

### ہسپتال اور بلڈ بنک

| | |
|---|---|
| سروسز ہسپتال | 99203402-22 |
| میو ہسپتال | 99211100-9 |
| شیخ زید ہسپتال | 35865831 |
| جنرل ہسپتال | 99264091-8 |
| گنگا رام ہسپتال | 99200572-9 |
| یو سی ایچ ہسپتال | 35763573-5 |
| اتفاق ہسپتال | 35881981-05 |
| سی ایم ایچ | 66996168-72 |
| شوکت خانم | 35945100 |
| جناح ہسپتال | 111-809-809 |
| چلڈرن ہسپتال | 99230901-3 |
| فاطمید بلڈ بینک | 35863950 |
| ایدھی بلڈ بینک | 35417440 |

ایس پی انویسٹیگیشن سیالکوٹ محمد حسیب راجہ پولیس رویہ اور اصلاحات کا تربیتی کورس کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے

## ایس پی انویسٹیگیشن سیالکوٹ محمد حسیب راجہ کی زیرصدارت سیالکوٹ پولیس لائنز، کانفرنس ہال میں پولیس رویہ اور اصلاحات کا تربیتی کورس جاری

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں نکا سے) ایس پی انویسٹیگیشن سیالکوٹ محمد حسیب راجہ کی زیرصدارت سیالکوٹ پولیس لائنز، کانفرنس ہال میں پولیس رویہ اور اصلاحات کا تربیتی کورس جاری ہے۔ کورس میں پولیس افسران و اہلکاران کو عوام کے ساتھ بہتر رویہ، پیشہ وارانہ اخلاقیات اور جدید پولیسنگ کے اصولوں کی تربیت دی جا رہی ہے، ایس پی انویسٹیگیشن سیالکوٹ محمد حسیب راجہ نے کہا کہ پولیس افسران کا عوام کے ساتھ رویہ، اخلاق اور طرزِ عمل پولیس اور عوام کے درمیان مضبوط اور مثبت تعلقات قائم کرنے میں بنیادی کردار ادا کرتا ہے۔ اسی مقصد کے تحت پولیس لائنز سیالکوٹ میں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 11)

## غربت صرف مالی مسئلہ نہیں بلکہ یہ انسانی وقار، تعلیم اور صحت کے مواقع کی کمی کا باعث بھی بنتی ہے، ڈاکٹر جمیل الرحمٰن

پاکپتن (نامہ نگار) معروف طبیب اور سماجی رہنما ڈسٹرکٹ اینٹی ٹی بی ایسوسی ایشن کے سابق صدر ڈاکٹر جمیل الرحمٰن نے کہا ہے کہ غربت صرف مالی مسئلہ نہیں بلکہ یہ انسانی وقار، تعلیم اور صحت کے مواقع کی کمی کا باعث بھی بنتی ہے اس کا خاتمہ صرف حکومتی اقدامات سے ممکن نہیں بلکہ معاشرتی سطح پر ہر فرد کا کردار بھی ضروری ہے ان خیالات کا اظہار معروف روحانی شخصیت پیر قاری غیاث القمر حسین سجادہ نشین آستانہ عالیہ الوردری شریف نے غربت کے خاتمے کے عالمی دن کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے معاشرتی اصلاح کے لیے ہمدردی، تعاون، اور عملی اقدامات کی ضرورت پر زور دیا اور عوام سے اپیل کی کہ وہ غربت کے خاتمے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں تاکہ ایک بہتر اور روشن مستقبل کی بنیاد رکھی جا سکے، معروف طبیب اور سماجی رہنما ڈسٹرکٹ اینٹی ٹی بی ایسوسی ایشن کے سابق صدر ڈاکٹر جمیل الرحمٰن نے کہا کہ درگاہیں اور سماجی ادارے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 12)

## حکومت پنجاب کی ہدایات پر اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کی شکایات اور مسائل کے فوری ازالے کا سلسلہ جاری

جھنگ (مہر ریاض نول ڈسٹرکٹ رپورٹر سے) حکومت پنجاب کی ہدایات پر اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کی شکایات اور مسائل کے فوری ازالے کا سلسلہ جاری ہے۔ ڈپٹی کمشنر بابر صاحب دین کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر انفورسمنٹ ربنواز چدھڑ نے شہریوں کی درخواستوں اور شکایات کی سماعت کرتے ہوئے متعلقہ افسران کو فوری کارروائی اور سائلین کو بروقت ریلیف فراہم کرنے کے احکامات جاری کیے۔ اس موقع پر انہوں نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کی جانب سے پیش کی جانے والی ہر درخواست پر قانون و ضابطے کے مطابق فوری عملدرآمد یقینی بنایا جا رہا ہے اور درخواستوں کی پیش رفت سے متعلق باقاعدہ فالو اپ رپورٹ کو بھی باقاعدگی سے چیک کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کو غیر ضروری تاخیر اور دفتری پیچیدگیوں سے بچانا ضلعی انتظامیہ کی ذمہ داری ہے۔ اوپن ڈور پالیسی کا مقصد عوام اور (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 13)

## پتوکی اے سی محمد نوید حیدر کا سپیشل چائلڈ ایجوکیشن سکول ملانوالہ پتوکی کا دورہ

پتوکی (نامہ نگار) پتوکی اے سی محمد نوید حیدر کا سپیشل چائلڈ ایجوکیشن سکول ملانوالہ پتوکی کا دورہ روزانہ کی بنیاد پر سکولوں کے دورے، تعلیمی و انتظامی امور کا جائزہ اور بہترین کارکردگی پر تعریفی اسناد کی فراہمی اسسٹنٹ کمشنر پتوکی محمد نوید حیدر نے سپیشل چائلڈ ایجوکیشن سکول ملانوالہ پتوکی کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے سکول میں فراہم کردہ تعلیمی سہولیات، انتظامی امور اور دیگر ضروری انتظامات کا جائزہ لیا۔ اسسٹنٹ کمشنر محمد نوید حیدر کی جانب سے روزانہ کی بنیاد پر تعلیمی اداروں کے دوروں کا مقصد سکولوں میں تعلیمی ماحول، صفائی ستھرائی، نظم و ضبط اور طلبہ کو فراہم کی جانے والی سہولیات کو بہتر بنانا ہے۔ خصوصی بچوں کی تعلیم و تربیت اور ان کے لیے سازگار ماحول کی فراہمی بھی خصوصی اہمیت رکھتی ہے۔ اس موقع پر سکول کے انتظامات کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ عملے کی کارکردگی اور تعلیمی سرگرمیوں پر توجہ دی گئی۔ بہترین کارکردگی کا مظاہرہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 14)

## اسسٹنٹ کمشنر نوشہرہ عمار انور گل نے اپنے دفتر میں اساتذہ کرام کے وفد سے ملاقات کی

نوشہرہ سون سکیسر (نمائندہ سحر) اسسٹنٹ کمشنر نوشہرہ عمار انور گل نے اپنے دفتر میں اساتذہ کرام کے وفد سے ملاقات کی اس موقع پر علاقے میں تعلیمی صورتحال، سکولوں میں درپیش مسائل اور معیاری تعلیم کے فروغ کے حوالے سے تفصیل سے تبادلہ؟ خیال کیا گیا ملاقات کے دوران اسسٹنٹ کمشنر نے تعلیم کی اہمیت اور معاشرے کی تعمیر و ترقی میں اساتذہ کے کلیدی کردار کو سراہا انہوں نے کہا کہ اساتذہ قوم کے معمار ہیں اور ان کی خدمات انتہائی قابلِ تحسین ہیں عمار انور گل نے اساتذہ پر زور دیا (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 15)

## محکمہ زراعت توسیع اور سرسبز فرٹیلائزر کے اشتراک سے "گندم اگاؤ" مہم کے سلسلے میں آگاہی سیمینار منعقد

ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) محکمہ زراعت توسیع اور سرسبز فرٹیلائزر کے اشتراک سے "گندم اگاؤ" مہم کے سلسلے میں آگاہی سیمینار منعقد ہوا جس کے مہمانِ خصوصی ممبر صوبائی اسمبلی محمد ارشد ملک تھے۔ سیمینار میں ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع ڈاکٹر طاہر جاوید، ڈویلپمنٹ منیجر عمران حمید اور ظفر اقبال سمیت کاشتکاروں، ترقی پسند زمینداروں، زرعی و سیڈ کمپنیوں کے نمائندگان اور سماجی شخصیات نے شرکت کی۔ ممبر صوبائی اسمبلی محمد ارشد ملک نے سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ گندم ملکی غذائی ضروریات پوری کرنے میں بنیادی اہمیت رکھتی ہے اس لیے کاشتکاروں کی رہنمائی، جدید زرعی طریقوں کے فروغ اور فی ایکڑ پیداوار میں اضافے کے لیے مشترکہ کوششیں ناگزیر ہیں۔ ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع ڈاکٹر طاہر جاوید نے بتایا کہ گزشتہ سال ضلع بھر میں 2 لاکھ 88 ہزار ایکڑ رقبے پر گندم کاشت کی گئی جبکہ سال 2026-27 کے لیے ہدف بڑھا کر 3 لاکھ 6 ہزار 500 ایکڑ مقرر کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 16)

## اوکاڑہ سبزی منڈی میں تجاوزات کے خلاف کارروائیاں جاری

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر) اوکاڑہ سبزی منڈی میں تجاوزات کے خلاف کارروائیاں جاری، راستوں کی کشادگی اور ٹریفک کی روانی یقینی بنانے کے لیے اقدامات، ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک کی ہدایت پر ایس ڈی ای او پیرا اصغر علی کی زیرنگرانی سبزی منڈی میں تجاوزات کے خلاف چیکنگ کی گئی اور اس سلسلہ میں دکانداروں کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا گیا کہ مقررہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 17)

## میئر روچڈیل فیصل رانا کی قیادت میں وفد کی کمشنر ساہیوال سے ملاقات، جڑواں شہروں کے روابط اور باہمی تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال

ساہیوال (ڈسٹرکٹ رپورٹر) برطانیہ کے شہر روچڈیل کے میئر کونسلر فیصل رانا کی قیادت میں وفد نے کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل سے ملاقات کی، جس میں ساہیوال اور روچڈیل کے مابین جڑواں شہروں کی شراکت داری کو مزید مستحکم بنانے، مختلف شعبوں میں تعاون کے فروغ اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد میں ڈپٹی لیڈر روچڈیل محمد ارشاد، میئر کنسورٹ بشارت عمر، چیئرمین روچڈیل ورکنگ پارٹی ساہیوال و صدر روٹری کلب ساہیوال سینٹرل چوہدری ممتاز احمد، چیئرمین المحمود فاؤنڈیشن طاہر محمود اور سیکرٹری غلام رسول شہزاد شامل تھے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر ساہیوال کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق، ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی اور چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن شیخ اشفاق احمد بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران وفد نے ساہیوال کے شہری و دیہی علاقوں کو درپیش (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 27)

## تمام ترقیاتی منصوبوں میں تعمیراتی میٹریل کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے اور کام مقررہ ڈیڈ لائن کے اندر مکمل کیے جائیں۔ ڈاکٹر آصف طفیل

ساہیوال (ڈسٹرکٹ رپورٹر) کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل کی زیرصدارت سٹریٹجک مینجمنٹ یونٹ (SMU) کے تحت ڈویژن بھر کے سکولوں میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ اینڈ فنانس شفیق احمد ڈوگر، ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل محمد عمران خان، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ حافظ محمد ظفر، ڈویژنل ڈائریکٹر سیکنڈری ایجوکیشن خادم حسین موہل، سی ای او ایجوکیشن میاں محمد خالد علیم، ایس ایم یو ساہیوال ڈویژن کے ایسوسی ایٹ انجینئر رانا بلال خان سمیت متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں سی ای او ایجوکیشن نے سٹریٹجک مینجمنٹ یونٹ کے تحت ڈویژن بھر کے سکولوں میں جاری ترقیاتی کاموں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ بریفنگ میں سکولوں کی باؤنڈری والز، ٹوائلٹ بلاکس، اضافی کلاس رومز کی تعمیر اور خستہ حال سکولوں کی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 28)

ڈی پی او اوکاڑہ ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی کی زیرِ صدارت جرائم جائزہ اجلاس، جرائم کی روک تھام، مؤثر پولیسنگ اور عوامی خدمت بہتر بنانے کے لیے اہم ہدایات دیتے ہوئے

## پیپلز پارٹی فاصلے کم کرنے کے لیے مثبت کردار ادا کرنے کو تیار ہے، رانا محمود اشرف

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر، نمائندہ خصوصی) پیپلز پارٹی کے رہنما رانا محمود اشرف نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی ہمیشہ سیاسی مذاکرات، جمہوری مفاہمت اور آئینی طریقہ کار کے ذریعے قومی مسائل کے حل کی حامی رہی ہے اور ملک کے وسیع تر مفاد میں حکومت اور اپوزیشن کے درمیان فاصلے کم کرنے کے لیے مثبت کردار ادا کرنے کو تیار ہے۔ جمہوریت کا حسن اختلاف رائے میں ہے، تاہم اختلافات کو ذاتی دشمنی، سیاسی محاذ آرائی اور مسلسل کشیدگی میں تبدیل کرنے کے بجائے مذاکرات اور باہمی مشاورت کے ذریعے مسائل کا حل تلاش کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ پاکستان اس وقت معاشی استحکام، عوامی مشکلات میں کمی، روزگار کے مواقع میں اضافے اور قومی ترقی جیسے اہم معاملات پر خصوصی توجہ کا متقاضی ہے اس لیے سیاسی قیادت کو ایسے اقدامات سے گریز کرنا چاہیے جن سے ملک میں غیر یقینی صورتحال پیدا ہو اور عوامی مسائل کے حل کا عمل متاثر ہو پیپلز پارٹی کی سیاسی تاریخ جمہوری جدوجہد، عوامی حقوق کے تحفظ اور سیاسی مفاہمت کی کوششوں سے عبارت ہے۔

## ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان کی زیرصدارت ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ ریویو کمیٹی کا اجلاس منعقد

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان کی زیرصدارت ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ ریویو کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر میں جاری اور نئی ترقیاتی سکیموں کی پیش رفت، عملدرآمد کی صورتحال اور متعلقہ محکموں کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈ کوارٹر غزالہ یاسین، اسسٹنٹ کمشنرز، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ، ایکسین ہائی ویز، پبلک ہیلتھ، بلڈنگز، ایجوکیشن، ہیلتھ، انہار سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی، اجلاس کے دوران ضلع میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی موجودہ صورتحال اور نئی سکیموں کے حوالے سے مختلف امور زیر بحث آئے۔ متعلقہ محکموں کے افسران نے ترقیاتی سکیموں پر ہونے والی پیش رفت سے آگاہ کیا اور منصوبوں کی بروقت تکمیل کے حوالے سے امور کا جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان نے ترقیاتی منصوبوں کی مؤثر نگرانی اور متعلقہ محکموں کے درمیان مربوط رابطے کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام ترقیاتی سکیموں پر کام کی رفتار اور معیار کو یقینی بنایا جائے، منصوبوں کی تکمیل (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 20)

## ڈی پی او اوکاڑہ ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی کی زیرِ صدارت جرائم جائزہ اجلاس، جرائم کی روک تھام، مؤثر پولیسنگ اور عوامی خدمت بہتر بنانے کے لیے اہم ہدایات جاری

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اوکاڑہ ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی کی زیرصدارت جرائم جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایس پی انویسٹیگیشن حافظ خضر زمان سمیت ضلع بھر کے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع کی مجموعی امن و امان کی صورتحال، جرائم کی روک تھام، زیر تفتیش مقدمات اور پولیس کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈی پی او ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی نے افسران کو انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی ہدایات سے آگاہ کرتے ہوئے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 23)

## بی سی پی ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کے تحت سکول کرکٹ ٹورنامنٹ کا فائنل، کامیاب ٹیم میں انعامات تقسیم

اوکاڑہ (نامہ نگار) بی سی پی ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کے تحت سکول کرکٹ ٹورنامنٹ کا فائنل میچ گورنمنٹ ماڈل ہائی سکول دیپالپور اور گورنمنٹ سیکنڈری سکول رینالہ خورد کی ٹیموں کے درمیان کھیلا گیا۔ فائنل میچ میں کھلاڑیوں نے بہترین کھیل کا مظاہرہ کیا، جبکہ مہمانانِ خصوصی صدر انجمن تاجران شیخ محمد ریاض جنرل سیکرٹری چوہدری ثاقب ظہیر، اور تاجر وفد نے خصوصی شرکت کی ڈسٹرکٹ پریزیڈنٹ شیخ محمد سلیم نے شرکت کی۔ تفصیلات کے مطابق ٹورنامنٹ میں ضلع اوکاڑہ کی مجموعی طور پر 13 ٹیموں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 24)

## گورنمنٹ گریجویٹ اسلامیہ کالج چنیوٹ میں نوجوانوں کے لیے ایک خصوصی ووٹر آگاہی نشست کا انعقاد

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) الیکشن کمیشن آف پاکستان کے پانچ ماہ کے مجوزہ شیڈول برائے ووٹر آگاہی مہم کی روشنی میں ڈسٹرکٹ ووٹر ایجوکیشن کمیٹی چنیوٹ کے زیرِ اہتمام گورنمنٹ گریجویٹ اسلامیہ کالج چنیوٹ میں نوجوانوں کے لیے ایک خصوصی ووٹر آگاہی نشست کا انعقاد کیا گیا۔ نشست کا عنوان "مستقبل کا ووٹ، آپ کی آواز، آپ کا پاکستان" تھا، جس کا مقصد نوجوانوں میں ووٹ کی اہمیت، جمہوری عمل میں مؤثر شرکت اور ذمہ دارانہ حقِ رائے دہی کے متعلق شعور اجاگر کرنا تھا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ الیکشن کمشنر چنیوٹ محمد وقاص خالد نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ الیکشن کمیشن آف پاکستان کی ہدایات کے مطابق معاشرے کے تمام طبقات، بالخصوص نوجوانوں کو جمہوری عمل میں شامل کرنے اور ووٹنگ کے عمل کو مؤثر بنانے کے لیے چھ قومی ترجیحات پر مبنی خصوصی آگاہی پروگرام ترتیب دیا گیا ہے۔ اور اس سلسلے میں سیمپل بیلٹ پیپر کے ذریعے قومی ترجیحات کی مختلف کیٹیگریز اور ان کی اہمیت (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 19)

## ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان کا ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی واثق عباس ہرل، ایکسین ہائی ویز اور میونسپل کمیٹی کے دیگر افسران کے ہمراہ شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان نے ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی واثق عباس ہرل، ایکسین ہائی ویز اور میونسپل کمیٹی کے دیگر افسران کے ہمراہ شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا اور جاری بیوٹیفکیشن، پلانٹیشن اور ترقیاتی کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے فیصل آباد روڈ کے دورے کے دوران گرین بیلٹ کی بہتری، شجرکاری اور سڑک کے اطراف جاری بیوٹیفکیشن کے کاموں کا معائنہ کیا۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ شہر کی خوبصورتی میں اضافے کے لیے گرین بیلٹس کو مزید بہتر بنایا جائے، مناسب مقامات پر شجرکاری کی جائے اور جاری کاموں کو معیار کے مطابق مکمل کیا جائے۔ بعد ازاں ڈپٹی کمشنر نے جھنگ روڈ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے مین روڈ کے فٹ پاتھوں سمیت دیگر شہری سہولیات اور بنیادی ڈھانچے کی بہتری کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ فٹ پاتھوں کی حالت بہتر بنانے اور (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 18)

توجہ برائے نمائندگان نیوز ایجنٹ
MEMBER APNS
ABC CERTIFIED
روزنامہ سحر
نہ ملنے یا لیٹ ملنے کی صورت میں ہمارے
فارورڈنگ ایجنٹ شعیب چودھری سے رابطہ کریں
0331-4667648
0321-4618852

مجھے ہے حکم اذاں لا الٰہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

## مسلم لیگ (ن) کے رہنما و ممبر قومی اسمبلی چوہدری نصیر عباس سدھو نے ایس پی سٹی خرم اشرف سے ان کے والد محترم کے انتقال پر تعزیت کی اور فاتحہ خوانی کی

لالہ موسیٰ (محمد شہزاد دلبر) مسلم لیگ (ن) کے رہنما و ممبر قومی اسمبلی چوہدری نصیر عباس سدھو نے ایس پی سٹی خرم اشرف سے ان کے والد محترم کے انتقال پر تعزیت کی اور فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری بھی موجود تھے۔ چوہدری نصیر عباس سدھو اور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے مرحوم کے لیے دعائے مغفرت کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 29)

# زیرِ تعمیر سڑکوں کے کام کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے، سید محمد عباس شاہ

### ڈپٹی کمشنر سید محمد عباس شاہ نے بہاولنگر شہر میں زیرِ تعمیر اور مکمل ہونے والی سڑکوں کا اچانک دورہ کیا اور جاری ترقیاتی منصوبوں میں استعمال ہونے والے تعمیراتی میٹریل، کام کے معیار اور مجموعی پیش رفت کا جائزہ لیا

بہاولنگر (بیورو رپورٹ) زیرِ تعمیر سڑکوں کے کام کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے تاکہ شہریوں کو آمدورفت میں سہولت میسر آسکے۔ سید محمد عباس شاہ۔ ڈپٹی کمشنر سید محمد عباس شاہ نے بہاولنگر شہر میں زیرِ تعمیر اور مکمل ہونے والی سڑکوں کا اچانک دورہ کیا اور جاری ترقیاتی منصوبوں میں استعمال ہونے والے تعمیراتی میٹریل، کام کے معیار اور مجموعی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے سڑکوں کی تعمیر میں استعمال ہونے والے میٹریل کے معیار اور تعمیراتی کام کے مختلف مراحل کا معائنہ کرتے ہوئے متعلقہ حکام (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 30)

بہاولنگر: ڈپٹی کمشنر سید محمد عباس شاہ سڑکوں کی تعمیر میں استعمال ہونے والے میٹریل کے معیار اور تعمیراتی کام کے مختلف مراحل کا معائنہ کرتے ہوئے

مسلم لیگ (ن) کے رہنما و ممبر قومی اسمبلی چوہدری نصیر عباس سدھو نے ایس پی سٹی خرم اشرف سے ان کے والد محترم کے انتقال پر تعزیت کی اور فاتحہ خوانی کی

## وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کی جانب سے شروع کیے گئے ستھرا پنجاب پروگرام کی ہیلپ لائن عوام کے لیے وبال جان بن گئی

سیالکوٹ (میاں عثمان شہزاد سے) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کی جانب سے شروع کیے گئے ستھرا پنجاب پروگرام کی ہیلپ لائن عوام کے لیے وبال جان بن گئی عوام کی جانب سے شکایات درج کروانے کے لیے جب دیے گئے نمبر کو ڈائل کیا جائے تو آگے سے جواب آتا ہے کہ آپ کا مطلوبہ نمبر کسی کے استعمال میں نہیں ہے کچھ دیر بعد رابطہ کریں جس کی وجہ سے شہریوں کو شدید مشکلات کا (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 31)

## کیپٹن ریٹائرڈ مستنصر فیروز ملک کو ڈائریکٹر جنرل سیف سٹی اسلام آباد تعینات کر دیا گیا

بھیرہ (فرحان ظفر) کیپٹن ریٹائرڈ مستنصر فیروز ملک کو ڈائریکٹر جنرل سیف سٹی اسلام آباد تعینات کر دیا گیا ہے۔ ان کی اہم عہدے پر تعیناتی کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے سماجی، صحافتی اور کاروباری حلقوں نے توقع ظاہر کی ہے کہ وہ اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور انتظامی تجربے کو بروئے کار لاتے ہوئے وفاقی دارالحکومت کو مزید محفوظ، پُرامن اور مثالی شہر بنانے میں اہم کردار ادا کریں گے۔ بھیرہ سے تعلق رکھنے والے کیپٹن ریٹائرڈ مستنصر فیروز ملک پولیس سروس میں نمایاں خدمات انجام دے چکے ہیں۔ وہ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر میانوالی، چنیوٹ اور لاہور سمیت مختلف اہم عہدوں پر فائز رہنے کے علاوہ چیف ٹریفک آفیسر (سی ٹی او) کے طور پر بھی خدمات انجام دے چکے ہیں۔ ان کا وسیع انتظامی تجربہ اور پولیسنگ کے مختلف شعبوں میں خدمات ان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا عکاس ہیں۔ ان کے بھائی عمران فیروز ملک ایڈووکیٹ سپریم کورٹ آف پاکستان بھی قانون (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 34)

## مختلف علاقوں میں چوری کی دو وارداتوں کے دوران نامعلوم چور لاکھوں روپے مالیت کا بجلی کا ٹرانسفارمر اور بکرا چوری کر کے لے گئے

ننکانہ صاحب (نمائندہ روزنامہ سحر) ننکانہ صاحب کے مختلف علاقوں میں چوری کی دو وارداتوں کے دوران نامعلوم چور لاکھوں روپے مالیت کا بجلی کا ٹرانسفارمر اور بکرا چوری کر کے لے گئے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ سیدوالہ کے گاؤں چک نمبر 15 میں واقع رب نواز کے زرعی رقبے سے نامعلوم چور 10 کے وی کا ٹرانسفارمر چوری کر کے لے گئے، جس کی مالیت تقریباً 3 لاکھ 50 ہزار روپے بتائی گئی ہے۔ دوسری واردات سانگلہ ہل کے محلّہ فیضان مدینہ میں پیش آئی، جہاں قیصر محمود کا گھر کے سامنے بندھا ہوا تقریباً 32 ہزار روپے مالیت کا بکرا نامعلوم چور لے گئے، جس کی مالیت تقریباً 32 ہزار روپے بتائی گئی ہے۔

## صرف 15 دن میں اسکول کی شاندار کامیابی، بچوں کی پُراعتماد پرفارمنس نے سب کے دل جیت لیے

شیر گڑھ (عمران زاہد کھوکھر) شیر گڑھ کے نواحی گاؤں چک نمبر 30 فارم میں پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے زیرِ انتظام اسکول کے حوالے سے علاقے میں پھیلائی جانے والی منفی افواہیں بچوں کی شاندار کارکردگی نے غلط ثابت کر دیں۔ نئی انتظامیہ کی تعلیم یافتہ، باصلاحیت اور پُرعزم ٹیم نے محض 15 دن کی مختصر مدت میں اپنی محنت، بہترین تدریسی حکمتِ عملی اور مؤثر تربیت کے ذریعے بچوں کو اسٹیج پر پُراعتماد انداز میں تقاریر کرنے اور مختلف سرگرمیوں میں بھرپور حصہ لینے کے قابل بنا دیا۔ تقریب کے دوران بچوں کی شاندار پرفارمنس نے اہلِ علاقہ، والدین اور معزز مہمانوں کو بے حد متاثر کیا۔ اس موقع پر ملک کاشف، چیئرمین چک 3-A L، رائے عتیق، صدر جماعت اسلامی رینالہ خورد، چوہدری دل محمد طارق، پرنسپل رینالہ خورد، عمران زاہد کھوکھر، صدر مرکزی پریس کلب رجسٹرڈ شیر گڑھ، جنرل سیکرٹری حاجی غلام یسین کھوکھر، محمد یعقوب بھٹہ اور شکیل احمد بھٹی سمیت دیگر معززین اور والدین نے بھرپور شرکت کی اور بچوں کی صلاحیتوں کو سراہا۔ شرکاء ؒ نے اسکول کی نئی انتظامیہ اور اساتذہ کی محنت کو قابلِ تحسین قرار دیتے ہوئے کہا کہ مخلص قیادت، بہترین تعلیمی ماحول اور محنتی اساتذہ کی کاوشوں سے مختصر وقت میں بھی نمایاں مثبت تبدیلی لائی جا سکتی ہے۔ بچوں کی شاندار کارکردگی اس حقیقت کی عکاس ہے کہ کسی بھی تعلیمی ادارے کی اصل پہچان افواہیں نہیں بلکہ اس کی عملی کارکردگی، طلبہ کی صلاحیتیں اور تعلیمی و تربیتی نتائج ہوتے ہیں۔ محض 15 دن میں بچوں کی حوصلہ افزا کارکردگی نئی انتظامیہ اور اساتذہ کی محنت، لگن اور تعلیمی عزم کا واضح ثبوت ہے۔

گورنمنٹ ایلیمنٹری آفٹرنون سکول 30
A WARM WELCOME TO OUR NEW SCHOOL

## ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق کے ہمراہ ماجرہ روڈ امریکپورہ سمبڑیال ڈسپوزل اسٹیشن کا دورہ کیا

سمبڑیال (تحصیل رپورٹر شمع فردوس) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ویژن اور سی ایم پنجاب پی ڈی پی پروگرام کے تحت کمشنر گوجرانوالہ و گجرات ڈویژن محمد علی نے ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق کے ہمراہ ماجرہ روڈ امریکپورہ سمبڑیال ڈسپوزل اسٹیشن کا دورہ کیا دورے کے دوران متعلقہ حکام نے منصوبے پر پیش رفت کے حوالے سے بریفنگ دی جبکہ کمشنر محمد علی نے تعمیراتی کام اور استعمال ہونے والے میٹریل کے معیار کا جائزہ لیا کمشنر نے ہدایت کی کہ تعمیراتی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 35)

## سیالکوٹ اور گردونواح میں انتظامیہ کے دعوؤں کے برعکس مختلف مقامات پر اوپن مارکیٹوں میں گراں فروشی اپنے عروج پر رہی

سیالکوٹ (میاں عثمان شہزاد سے) سیالکوٹ اور گردونواح میں انتظامیہ کے دعوؤں کے برعکس مختلف مقامات پر اوپن مارکیٹوں میں گراں فروشی اپنے عروج پر رہی، دکاندار سبزیاں اور پھل سرکاری نرخنامے کی بجائے زائد قیمت پر فروخت کرتے رہے۔ انتظامیہ کی رٹ نہ ہونے کی وجہ سے گلی محلوں اور بازاروں میں عوام کا استحصال ہوتا رہا۔ تفصیلات کے مطابق سیالکوٹ میں آلو 30 سے 60 روپے فی کلو، ادرک تھائی لینڈ 370 روپے کی بجائے 520 روپے، ادرک چائینہ 335 روپے کی بجائے 400 روپے، بینگن 80 روپے کی بجائے 120 روپے، بند گوبھی 150 روپے کی بجائے 200 روپے، بھنڈی 160 روپے کی بجائے 220 روپے، پیاز 190 روپے کی بجائے 230 سے 240 روپے، پالک فارمی 60 روپے، پھول گوبھی 150 روپے کی بجائے 200 روپے، پھلیاں موٹی 120 روپے کی بجائے 180 سے 200 روپے، ٹماٹر درجہ اول 140 روپے کی بجائے 180 روپے، ٹماٹر درجہ دوم 110 روپے کی بجائے 140 روپے، ٹینڈے دیسی 200 روپے کی بجائے 250 روپے کلو، مٹر 350 روپے کی بجائے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 38)

## ڈپٹی رجسٹرار وفاقی محتسب فیصل آباد زون یاسر شبیر ملک کی ایس ای لیسکو آفس ننکانہ صاحب میں عوامی شکایات کی سماعت

ننکانہ صاحب (نمائندہ روزنامہ سحر) ڈپٹی رجسٹرار وفاقی محتسب فیصل آباد زون یاسر شبیر ملک کی ایس ای لیسکو آفس ننکانہ صاحب میں عوامی شکایات کی سماعت، 62 درخواست گزاروں کو ریلیف فراہم کیا، درخواست گزاروں کا آسان ترین طریقے سے ریلیف کی فراہمی پر وفاقی محتسب نوید کامران بلوچ اور ڈپٹی رجسٹرار فیصل آباد زون کو خراج تحسین تفصیلات کے مطابق وفاقی محتسب نوید کامران بلوچ کی خصوصی ہدائیت پر ڈپٹی رجسٹرار و انویسٹیگیشن آفیسر (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 36)

## وزیر اعلیٰ پنجاب کے عوامی ریلیف ویژن کے تحت سرکاری سبسڈائزڈ آٹے کی فراہمی کا جائزہ، اے ڈی سی انفورسمنٹ کے مختلف پوائنٹس کے دورے

عارفوالا (تحصیل رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے عوامی ریلیف ویژن اور ڈپٹی کمشنر آصف رضا کی ہدایات کے مطابق شہریوں کو سرکاری سبسڈائزڈ آٹے کی فراہمی اور مہنگائی کے اثرات میں کمی کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں۔ شہریوں کو ریلیف کی فراہمی، آٹے کی دستیابی اور مقررہ نرخوں پر فروخت یقینی بنانا انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ ان خیالات کا اظہار ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر انفورسمنٹ راؤ محمد سہیل اختر نے بجلی چوک، ریلوے روڈ اور شہر کے دیگر مقامات پر سرکاری سبسڈائزڈ آٹا پوائنٹس کے معائنے کے موقع پر کیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر انفورسمنٹ نے آٹے کی دستیابی، مقررہ نرخوں پر فروخت اور شہریوں کو فراہم کی جانے والی سہولتوں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ عوامی ریلیف کی فراہمی میں شفافیت برقرار رکھی جائے، آٹے کی بلاتعطل دستیابی یقینی بنائی جائے اور شہریوں کو حکومتی سہولتوں سے بھرپور استفادے کا موقع فراہم کیا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے عوام دوست اقدامات کے ثمرات (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 37)

وزیر اعلیٰ پنجاب کے عوامی ریلیف ویژن کے تحت سرکاری سبسڈائزڈ آٹے کی فراہمی کا جائزہ، اے ڈی سی انفورسمنٹ کے مختلف پوائنٹس کے دورے

## مرحوم حکیم محمد سعید وطن سے محبت کرنیوالے ایک ایماندار اور وضع دار انسان تھے، حکیم مقبول احمد چوہدری

پاکپتن (نامہ نگار) معروف طبیب، میلورا فوڈز، بلال فوڈز اور مطب المسعود بہرام پور پاکپتن کے چیف ایگزیکٹو حکیم مقبول احمد چوہدری نے کہا ہے کہ مرحوم حکیم محمد سعید وطن سے محبت کرنیوالے ایک ایماندار اور وضع دار انسان تھے شہید پاکستان نے اپنی محنت سے کئی جہان آباد کیے پوری زندگی کسی سے کچھ نہیں مانگا اپنی رزق حلال کی کمائی سے ہی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 32)

## رائیونڈ: عظیم الشان محفل جشنِ سوہنے محمدؐ کا انعقاد، عاشقانِ رسول کی بھرپور شرکت

رائیونڈ (نمائندہ خصوصی) سالانہ عظیم الشان محفل جشنِ سوہنے محمدؐ کا انعقاد مہر محمد شرافت کی جانب سے کیا گیا، جس میں چیئرمین سہولت بازار پنجاب ملک محمد افضل کھوکھر کے صاحبزادے ملک احسن افضل کھوکھر اور چیئرمین ٹرانسپورٹ پنجاب چوہدری شہزاد نذیر سندھو نے اپنے ساتھیوں کے ہمراہ خصوصی شرکت کی، محفل میں چیئرمین رائیونڈ میاں مبشر حسین، سابق صوبائی وزیر کے کوآرڈینیٹر فیضی جٹ، یوتھ کوآرڈینیٹر رانا عمر دراز خاں، حاجی شوکت خاں، ملک اکرم، شیخ علی، رانا وقار عباد، رانا بابر خاں، ثمر بخاری، عبداللہ چوہدری سمیت دیگر سیاسی و سماجی شخصیات اور عاشقانِ رسول کی بڑی تعداد نے شرکت کی، اس موقع پر (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 33)

رائیونڈ: عظیم الشان محفل جشنِ سوہنے محمدؐ کا انعقاد، عاشقانِ رسول کی بھرپور شرکت

## ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اوکاڑہ ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی نے تھانہ کینٹ کا اچانک دورہ کیا

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اوکاڑہ ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی نے تھانہ کینٹ کا اچانک دورہ کیا، جہاں انہوں نے تھانے کے انتظامی امور، پولیس ریکارڈ، سیکیورٹی انتظامات اور شہریوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران ڈی پی او نے فرنٹ ڈیسک، کیومیٹک مشین، سرکاری ریکارڈ اور تھانے کی عمارت کا معائنہ کیا اور سیکیورٹی انتظامات کا بھی جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے تھانے میں موجود شہریوں سے ملاقات کر کے ان کے مسائل سنے اور متعلقہ افسران کو شکایات کے قانونی حل کے لیے موقع پر ضروری احکامات جاری کیے۔ ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی نے اس بات پر زور دیا کہ شہریوں کے مسائل کا قانون کے مطابق بروقت ازالہ، پولیس کے رویے میں بہتری اور تھانوں میں آنے والے سائلین کو سہولیات کی فراہمی پولیس کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ ڈی پی او اوکاڑہ کا کہنا تھا کہ تھانوں کے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 39)

## اسسٹنٹ کمشنر چیچہ وطنی کا مال منڈی کا دورہ، سیوریج کے مسائل پر مال منڈی انتظامیہ کی سرزنش

چیچہ وطنی (نامہ نگار، تحصیل رپورٹر) اسسٹنٹ کمشنر چیچہ وطنی کا مال منڈی کا دورہ، سیوریج کے مسائل پر مال منڈی انتظامیہ کی سرزنش، اسسٹنٹ کمشنر چیچہ وطنی نے مال منڈی کا دورہ کیا اور مال منڈی سیوریج کے گندے پانی، گوبر اور گندگی کے باعث بند ہونے والی سیوریج لائن کا تفصیلی جائزہ لیا، اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نے ناقص انتظامات اور صفائی ستھرائی کی ابتر صورتحال پر مال منڈی کی انتظامیہ پر برہمی کا اظہار کیا اور متعلقہ ذمہ داران کی سرزنش کرتے ہوئے فوری اقدامات کی ہدایت جاری کی، اسسٹنٹ کمشنر نے متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ سیوریج لائن کو فوری طور پر بحال کیا جائے اور نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنایا جائے تاکہ مال منڈی میں صفائی ستھرائی کی صورتحال بہتر ہو اور تاجروں کو درپیش مسائل کا ازالہ ممکن بنایا جا سکے، انہوں نے واضح کیا کہ صفائی ستھرائی، نکاسی آب اور انتظامی امور میں غفلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی اور تمام متعلقہ افسران و اہلکار اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے ادا کریں تاکہ عوام کو بہتر سہولیات فراہم کی جا سکیں، بعد ازاں اسسٹنٹ کمشنر نے میونسپل کمیٹی کی مشینری اور انتظامیہ کے ہمراہ سیوریج لائن کی بحالی اور صفائی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 41)

## مبینہ طور پر شہر کے مختلف ہوٹلوں پر ناقص صفائی اور مضر صحت کھانوں کی فروخت جاری

چیچہ وطنی (نامہ نگار، تحصیل رپورٹر) مبینہ طور پر شہر کے مختلف ہوٹلوں پر ناقص صفائی اور مضر صحت کھانوں کی فروخت جاری، ہوٹلوں کی ویسٹیج کی وجہ سے سیوریج کا نظام بھی درہم برہم، شہریوں کا اعلیٰ حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ، شہریوں نے احتجاج کرتے ہوئے میڈیا کے نمائندوں کو بتایا کہ چیچہ وطنی شہر کے گنجان آباد علاقوں پر قائم ہوٹلوں میں صفائی ستھرائی کے ناقص انتظامات اور مضر صحت کھانوں کی فروخت دھڑلے سے جاری ہے، متعدد ہوٹل مالکان معیار اور حفظان صحت کے اصولوں کو نظر انداز کرتے ہوئے پیسے بٹورنے میں مصروف ہیں، ہوٹل میں کام کرنے والے کُکر سے لے کر ویٹرز تک ہر شخص کے ناخنوں میں میل، گندے کپڑے اور حفظان صحت کے اصولوں کے خلاف کام کر رہے ہیں، فوڈ سیفٹی قوانین کی کھلم کھلا خلاف ورزی کی جا رہی ہے، جبکہ ان ہوٹل والے تمام کچھرا اور ویسٹیج گٹروں میں پھینک دیتے ہیں جس کی وجہ سے سیوریج (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 40)

## آن سکرین مارکنگ کنٹرولر بورڈ کی سربراہی میں آئی ٹی ٹیم کی چیئرمین بورڈ اشتیاق احمد گوندل سے ملاقات اور سیمینار برائے تفصیلی بریفنگ

بہاول پور (محمد اسد بھٹہ سے) چیئرمین بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن بہاول پور اشتیاق احمد گوندل سے کنٹرولر امتحانات سید محمد وحید الزمان ہمدانی کی سربراہی میں آئی ٹی ٹیم کے افسران نے ملاقات کی۔ ملاقات میں آن سکرین مارکنگ کے حوالے سے سیمینار کے انعقاد اور اس سے قبل موک ایکسرسائز کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر آن سکرین مارکنگ کے نظام کو مؤثر انداز میں متعارف کروانے کے لیے مختلف تجاویز زیرِ غور آئیں۔ موک ایکسرسائز کا مقصد مجوزہ سیمینار سے قبل تکنیکی انتظامات کو جانچنا، ممکنہ مسائل کی نشاندہی کرنا اور ان کے بروقت حل کے لیے ضروری اقدامات کرنا ہے، تاکہ سیمینار کے انعقاد کے دوران تمام امور منظم اور مؤثر انداز میں انجام دیے جا سکیں۔ چیئرمین بورڈ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 43)

## گورنمنٹ سکول وزیر آباد میں خواتین اساتذہ سے مبینہ ناروا سلوک سے متعلق سوشل اور پرنٹ میڈیا پر گردش کرنے والی خبروں کی شفاف تحقیقات کا مطالبہ

وزیر آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر مہر عبدالصمد) گورنمنٹ سکول وزیر آباد میں خواتین اساتذہ سے مبینہ ناروا سلوک سے متعلق سوشل اور پرنٹ میڈیا پر گردش کرنے والی خبروں کے بعد محکمہ تعلیم اور سکول انتظامیہ کی جانب سے تردید سامنے آنے پر مقامی شہریوں اور سماجی حلقوں نے معاملے کی شفاف تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے۔ سکول انتظامیہ اور متعلقہ عملے کے مطابق سی ای او ایجوکیشن کے خلاف عائد الزامات بے بنیاد ہیں اور ان سے ادارے کی ساکھ متاثر کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ تاہم شہریوں کا کہنا ہے کہ معاملے کی حقیقت واضح کرنے کے لیے صرف بیانات اور تردید پر اکتفا کرنے کے بجائے تمام متعلقہ شواہد کا جائزہ لیا جانا چاہیے۔ شہریوں نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ واقعے سے متعلق دستیاب سی سی ٹی وی کیمروں کی ریکارڈنگ، حاضری کے ریکارڈ اور دیگر متعلقہ دستاویزات کی جانچ کی جائے، جبکہ معاملے کی غیر جانبدارانہ اور شفاف محکمانہ انکوائری بھی کرائی جائے تاکہ تمام حقائق سامنے آسکیں۔ سماجی حلقوں نے اس امر پر بھی زور دیا کہ انکوائری (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 42)

## وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کی جمبر آمد مرکزی پریس کلب کے عہدیداران سے ملاقات ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل کی یقین دہانی

جمبر (نمائندہ خصوصی کامران خانزادہ) صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات خاں کی جمبر آمد کے موقع پر مرکزی پریس کلب جمبر کے عہدیداران اور دیگر معززین سے ملاقات ہوئی جس میں علاقے کے دیرینہ مسائل اور ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے تفصیلی گفتگو کی گئی اس موقع پر مرکزی پریس کلب جمبر کے چیئرمین رانا انتظار الحق معاویہ اور صدر رانا عمران صابری نے اہل جمبر کی جانب سے جمبر کلاں کے بوائز اور گرلز ہائی اسکولوں کو ہائیر سیکنڈری اسکولوں کا درجہ دینے پر صوبائی وزیر تعلیم کو خراج تحسین پیش کیا انہوں نے جمبر کے مختلف مسائل تحریری طور پر پیش کرتے ہوئے ان کے فوری حل کا مطالبہ کیا رانا انتظار الحق معاویہ نے مطالبہ کیا کہ جمبر موڑ سے ٹھٹھی اوتاڑ راجہ کوٹ تک چھ کلومیٹر سے زائد سڑک کی آر سی سی تعمیر کروائی جائے جمبر (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 45)

## یونیورسٹی آف لاہور میں مصنوعی ذہانت اور انفارمیشن کمیونیکیشنز پر ساتویں نیشنل سمٹ کا انعقاد کیا گیا

لاہور (ڈاکٹر ندیم آصف چوہدری) دی یونیورسٹی آف لاہور کی فیکلٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی نے IEEE کمیونیکیشنز سوسائٹی لاہور اور آفس آف ریسرچ، انوویشن اینڈ کمرشلائزیشن (ORIC) کے اشتراک سے "ساتویں سمٹ برائے مصنوعی ذہانت در انفارمیشن اینڈ کمیونیکیشنز "2026" کا انعقاد کیا۔ سمٹ میں ملک بھر کی ممتاز سرکاری و نجی جامعات اور ٹیکنالوجی کمپنیوں کے نامور اساتذہ، محققین اور صنعتی ماہرین نے شرکت کی۔ ابتدائی خطاب LUMS کے سید بابر علی سکول آف سائنس اینڈ انجینئرنگ کے پروفیسر ڈاکٹر میاں محمد اویس نے کیا، جس کے بعد پینل ڈسکشن ہوئی۔ دیگر مقررین میں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 53)

## سول ہسپتال میں نوسر بازی کی واردات، 95 سالہ معمر خاتون کے کانوں سے بالیاں اور نقدی چھین لی گئی

وزیر آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر مہر عبدالصمد) سول ہسپتال میں نوسر بازی کی واردات، 95 سالہ معمر خاتون کے کانوں سے بالیاں اور نقدی چھین لی گئی۔ سول ہسپتال وزیر آباد میں علاج معالجہ کے لیے آنے والی 95 سالہ معمر خاتون سے نوسرباز کان کی بالیاں اور نقدی چھین کر فرار ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق لیاقت علی اپنی 95 سالہ والدہ اور اہلیہ کے ہمراہ سول ہسپتال وزیر آباد میں علاج کے لیے آیا تھا کہ ایک نوسرباز نے ٹیسٹ کا جھانسہ دے کر واردات کر ڈالی۔ نوسرباز نے معمر خاتون سے یہ کہہ کر کہ "ٹیسٹ کی مشینوں میں سونا میٹل ہونے سے ٹیسٹ ٹھیک نہیں ہوتے" نوسرباز شخص نے خود ہی خاتون کے کانوں سے سونے کی بالیاں نکال لیں اور موجود رقم بھی اپنے پاس رکھ لی۔ نوسرباز نے خاتون کو یہ کہہ کر مطمئن کیا کہ "میں ادھر ہی موجود ہوں، آپ ٹیسٹ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 54)

## آرائیں کمیونٹی تحصیل کوٹ رادھا کشن کے زیرِ اہتمام دوسرے ٹیلنٹ ایوارڈ کی پروقار تقریب منعقد

کوٹ رادھا کشن (سہیل الطاف خاں) آرائیں کمیونٹی تحصیل کوٹ رادھا کشن کے زیرِ اہتمام دوسرے ٹیلنٹ ایوارڈ کی پروقار تقریب منعقد ہوئی، جس میں تعلیمی میدان میں نمایاں کامیابیاں حاصل کرنے والے ہونہار طلبہ وطالبات کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے انہیں نقد انعامات اور تعریفی سرٹیفکیٹس سے نوازا گیا۔ تقریب مقامی شادی ہال میں منعقد ہوئی، جس میں سیاسی، سماجی و فلاحی شخصیات، وکلاء ؒ، (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 44)

## ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اوکاڑہ ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی کی زیرِ صدارت جرائم جائزہ اجلاس

حجرہ شاہ مقیم (الٰہی بخش ڈولہ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اوکاڑہ ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی کی زیرِ صدارت جرائم جائزہ اجلاس جرائم کی روک تھام مؤثر پولیسنگ اور عوامی خدمت بہتر بنانے کے لیے اہم ہدایات جاری تفصیلات کے مطابق سٹرکٹ پولیس آفیسر اوکاڑہ ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی کی زیرِ صدارت جرائم جائزہ اجلاس منعقد ہوا جس میں ایس پی انویسٹیگیشن حافظ خضر زمان سمیت ضلع بھر کے ایس ڈی پی اوز (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 48)

## چولستان یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز بہاولپور کی مین لائبریری میں الخدمت فاؤنڈیشن کے تعاون سے ریورس اوسموسس (RO) واٹر پلانٹ نصب کر دیا گیا

بہاول پور (محمد اسد بھٹہ سے) چولستان یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز بہاولپور کی مین لائبریری میں الخدمت فاؤنڈیشن کے تعاون سے ریورس اوسموسس (RO) واٹر پلانٹ نصب کر دیا گیا، جس کا افتتاح الخدمت فاؤنڈیشن ضلع بہاولپور کے چیئرمین نصر اللہ خان ناصر نے کیا۔ یہ اقدام وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد طارق جاوید کی خصوصی کاوشوں اور وژن کے تحت طلبہ کو صاف اور محفوظ پینے کے پانی کی سہولت فراہم کرنے کے لیے عمل میں لایا گیا۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد طارق جاوید طلبہ کی سہولت اور فلاح و بہبود کو اپنی ترجیحات میں شامل رکھتے ہیں۔ انہوں نے طلبہ سے کیے گئے وعدے کی تکمیل کے لیے یونیورسٹی میں بنیادی سہولیات کی بہتری اور صاف پینے کے پانی کی فراہمی کے سلسلے میں ہر ممکن اقدامات کیے ہیں۔ نصب کیا گیا آر او واٹر پلانٹ مین لائبریری میں زیرِ تعلیم طلبہ کو صاف اور فلٹر شدہ پانی فراہم کرے گا، جس سے بالخصوص ان طلبہ کو فائدہ ہوگا جو طویل وقت تک لائبریری میں مطالعہ کرتے اور امتحانات کی تیاری میں مصروف رہتے ہیں۔ یہ اقدام طلبہ کے لیے صحت مند، محفوظ اور سازگار تعلیمی ماحول کی فراہمی کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔ اس موقع پر وائس چانسلر نے طلبہ کی فلاح و بہبود کے اس (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 46)

## موٹر سائیکل کے بھاری چالان سمیت بہت سارے حکومتی اقدامات سے تاجر اور سرمایہ کار پریشان ہیں، چوہدری اظہر محمود

پاکپتن (نامہ نگار) معروف سیاسی سماجی اور کاروباری شخصیت مرکزی انجمن تاجران پاکپتن کے صدر چوہدری اظہر محمود نے کہا ہے کہ موٹر سائیکل کے بھاری چالان سمیت بہت سارے حکومتی اقدامات سے تاجر اور سرمایہ کار پریشان ہیں، بھاری چالانوں کی وجہ سے لوگ گھر سے نہیں نکل رہے کاروباری سرگرمیوں کو بڑھانے کیلئے حکومت کو تاجروں اور آڑھتیوں کو ریلیف دینا ہوگا ان خیالات کا اظہار انہوں نے تاجرواں کے وفد سے ملاقات میں کیا انہوں نے کہا کہ سر پر ڈنڈا مارنے سے مسائل حل نہیں ہونگے، لوگ پہلے ہی معاشی طور پر پریشان ہیں، مارکیٹوں اور دوکانوں میں گاہک نہ ہونے کے برابر ہیں، (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 52)

## ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ محمد اویس مشتاق کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر سیالکوٹ رانا صفدر شبیر کا ٹی ایچ کیو ہسپتال کوٹلی لوہاراں کا دورہ

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں نکا سے) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ محمد اویس مشتاق کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر سیالکوٹ رانا صفدر شبیر نے ٹی ایچ کیو ہسپتال کوٹلی لوہاراں کا دورہ کیا اور ہسپتال میں مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات اور سروسز کی دستیابی کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے ہسپتال کے مختلف شعبوں کا معائنہ کرتے ہوئے ایمرجنسی میں ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی موجودگی، طبی آلات و مشینری کی فعالیت اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کو موقع پر چیک کیا۔ انہوں نے میڈیکل اسٹور میں ادویات کی دستیابی اور دیگر ضروری طبی سامان کی موجودگی کا بھی جائزہ لیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نے زیر علاج مریضوں سے براہ راست گفتگو کی اور ہسپتال میں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کے بارے میں ان کی رائے معلوم کی۔ مریضوں کی جانب سے سہولیات کے حوالے سے مثبت فیڈ بیک دیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ محمد اویس مشتاق کی ہدایت پر سرکاری ہسپتالوں میں طبی سہولیات، ادویات (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 51)

LOHARAN SIALKOT
THQ HOSPITAL KOTLI LOHARAN SIALKOT

## ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ کیپٹن (ر) دوست محمد کا تھانہ سمبڑیال اور پولیس خدمت مرکز سمبڑیال کا سرپرائز وزٹ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ کرائم رپورٹر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کیپٹن (ر) دوست محمد کا تھانہ سمبڑیال اور پولیس خدمت مرکز سمبڑیال کا سرپرائز وزٹ ڈی پی او سیالکوٹ نے تھانہ میں آنے والے شہریوں سے ملاقات کر کے ان کے مسائل سنے اور فوری حل کے احکامات جاری کیے پولیس خدمت مرکز میں شہریوں کو بہترین سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت کی دوران وزٹ تھانہ عمارت صفائی ستھرائی اور ریکارڈ کی تکمیل کے حوالے سے بھی ضروری ہدایات جاری کی گئیں۔

## آرائیں کمیونٹی تحصیل کوٹ رادھا کشن کے زیرِ اہتمام دوسرے ٹیلنٹ ایوارڈ کی پروقار تقریب منعقد

کوٹ رادھا کشن (سہیل الطاف خاں) آرائیں کمیونٹی تحصیل کوٹ رادھا کشن کے زیرِ اہتمام دوسرے ٹیلنٹ ایوارڈ کی پروقار تقریب منعقد ہوئی، جس میں تعلیمی میدان میں نمایاں کامیابیاں حاصل کرنے والے ہونہار طلبہ وطالبات کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے انہیں نقد انعامات اور تعریفی سرٹیفکیٹس سے نوازا گیا۔ تقریب مقامی شادی ہال میں منعقد ہوئی، جس میں سیاسی، سماجی و فلاحی شخصیات، وکلاء ؒ، اساتذہ کرام اور صحافی برادری سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ تقریب میں چوہدری محمد علی آرائیں، چوہدری رفیع آرائیں، رؤف نواب چوہدری، چوہدری وقار حاکم علی، مہر حافظ اشتیاق اور جنید امجد چوہدری سمیت دیگر رہنماؤں نے خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر مقررین نے ہونہار طلبہ کی تعلیمی کامیابیوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ نوجوان نسل ملک وقوم کا قیمتی سرمایہ ہے۔ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 47)

## تھانہ شاہین پولیس کی کاروائی شادی بیاہ کی تقریبات میں باراتیوں کی جیبوں کا صفایا کرنے والا تین رکنی گینگ گرفتار

گجرات (سید طارق حسین+زیڈ اے بھٹی) ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد کی ہدایت پر تھانہ شاہین پولیس کی کاروائی شادی بیاہ کی تقریبات میں باراتیوں کی جیبوں کا صفایا کرنے والا تین (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 50)

کوٹ رادھا کشن آرائیں کمیونٹی کے زیرِ اہتمام دوسرا ٹیلنٹ ایوارڈ، ہونہار طلبہ میں نقد انعامات اور سرٹیفکیٹس تقسیم

## تھانہ صدر سرائے عالمگیر کا فحاشی کے اڈے پر چھاپہ 2 خواتین 5 مرد گرفتار، مقدمہ درج کرلیا گیا

گجرات (سید طارق حسین+زیڈ اے بھٹی) تھانہ صدر سرائے عالمگیر کا فحاشی کے اڈے پر چھاپہ 2 خواتین 5 مرد گرفتار، مقدمہ درج کرلیا گیا تفصیلات کے مطابق تھانہ صدر سرائے عالمگیر کو اطلاع موصول ہوئی کہ اشتیاق ساجد سکنہ منڈ ریجی ہاؤسنگ سوسائٹی میں فحاشی کا اڈہ چلا رہا ہے۔ اطلاع موصول ہونے پر ایس ایچ او تھانہ صدر سرائے عالمگیر انسپکٹر بلال نعیم اپنی پولیس ٹیم کے ہمراہ ریڈنگ پارٹی تشکیل دیگر متذکرہ جگہ پر چھاپہ مارا تو وہاں پر 2 خواتین اور 5 مرد موجود تھے۔ پولیس نے لیڈی پولیس کے ہمراہ موقع پر موجود تمام ملزمان کو گرفتار کر کے تھانہ منتقل کر دیا۔ گرفتار ہونے والے ملزمان میں 1- اشتیاق ساجد حسین ولد (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 49)

تھانہ شاہین پولیس کی کاروائی شادی بیاہ کی تقریبات میں باراتیوں کی جیبوں کا صفایا کرنے والا تین رکنی گینگ گرفتار

مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

# خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی دور اقتدار میں معدنیات کے شعبے میں تاریخ کی بدترین کرپشن بے نقاب

خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی دورِ اقتدار میں معدنیات کے شعبے میں تاریخ کی بدترین کرپشن اور لوٹ مار بے نقاب ہوگئی۔ سرکاری آڈٹ رپورٹ میں قرار دیا گیا ہے کہ یہ محض بدانتظامی نہیں بلکہ منظم کرپشن ہے، جس سے خیبر پختونخوا کے خزانے کو صرف ایک سال میں 16 ارب 94 کروڑ روپے سے زائد کا نقصان پہنچایا گیا۔ آڈٹ رپورٹ کے مطابق پی ٹی آئی حکومت کی سرپرستی اور مجرمانہ گٹھ جوڑ سے صرف سال 2022 اور 2023 کے دوران غیر قانونی کان کنی کے ذریعے 8 ارب روپے سے زائد کی لوٹ مار کی گئی۔ نادہندہ ٹھیکے داروں سے 4 ارب 31 کروڑ روپے کے واجبات جان بوجھ کر وصول نہیں کیے گئے، جو اس بات کا ثبوت ہے کہ کرپشن کو سرکاری سرپرستی حاصل تھی۔ رپورٹ میں مزید انکشاف ہوا کہ چیک پوسٹوں، انسپکٹرز اور محکمہ معدنیات کی موجودگی کے باوجود غیر قانونی مائننگ پورے صوبے میں جاری رہی، جس سے مزید 3 ارب 8 کروڑ روپے صوبائی خزانے سے نکال لئے گئے۔ اسی طرح شاہراہوں اور اسمال ڈیمز کی تعمیر کے نام پر بجری اور ریت کے غیر قانونی طور پر نکالے جانے سے 3 ارب 7 کروڑ روپے ہڑپ کر لیے گئے۔ سرکاری آڈٹ رپورٹ کے مطابق معدنیات پر عائد ایکسائز ڈیوٹی کی مد میں 54 کروڑ 72 لاکھ روپے وصول ہی نہیں کیے گئے، جبکہ کوئلہ، باکسائیٹ، لائم اسٹون اور سوپ اسٹون کی کانوں سے 81 کروڑ روپے سے زائد کے بقایاجات بھی معاف کر دیے گئے۔ رپورٹ میں مزید انکشاف ہوا کہ پشاور میں محکمہ معدنیات کی زمین 10 ہزار روپے فی ایکڑ کے بجائے صرف 200 روپے فی ایکڑ پر دے کر 14 کروڑ روپے عوام کی جیب سے نکال لیے گئے۔ کوہاٹ، نوشہرہ، صوابی، ہری پور اور دیگر اضلاع میں اسمال ڈیمز کے واجبات کی عدم وصولی سے 53 کروڑ روپے سے زائد کا نقصان ہوا، جبکہ مردان میں رائلٹی کی مد میں 6 کروڑ 36 لاکھ روپے بھی دبا لیے گئے۔ آڈٹ رپورٹ کے مطابق آڈیٹر جنرل نے واضح طور پر ذمہ داران کے خلاف انکوائری کی سفارش کی۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ یہ معاملہ خیبر پختونخوا کے وسائل کی کھلی لوٹ مار ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ رپورٹ میں نامزد عہدے داروں کو قانون کے کٹہرے میں لا کر تحقیقات کی جائیں۔ پہاڑی اور میدانی علاقوں میں سرکاری اسکولوں کی عمارتیں کھنڈر کا منظر پیش کرنے لگی ہیں۔ اسکولوں میں فرنیچر، پینے کا صاف پانی اور موسم سے بچاؤ کے لیے چھتیں تک موجود نہیں ہیں۔ غلط پالیسیوں کی وجہ سے تباہ حال اسکولوں کی ویڈیوز نے سابقہ حکومت اور انتظامیہ کے بلند و بانگ دعوؤں کا پول کھول دیا، والدین اور علاقہ مکینوں نے زبوں حال اسکولوں کی ہنگامی بنیادوں پر تعمیرِ نو اور بحالی کا مطالبہ کیا ہے۔ والدین کے مطابق اسکولوں میں طلبہ و طالبات برآمدوں میں ٹاٹ پر بیٹھ کر پڑھنے پر مجبور ہیں۔ صوبائی حکومت، ضلعی انتظامیہ اور محکمہ تعلیم فوری نوٹس لے کر تعلیمی ماحول بہتر بنائے۔

---

### عاق نامہ

میں اپنے پسر مہروز اقبال ولد اقبال حسین کو بوجہ نافرمانی، گستاخی، غلط چال چلن اور بری حرکات کی وجہ سے اپنی منقولہ و غیر منقولہ جائیداد سے عاق کرتا ہوں آئندہ میرا اور میرے خاندان کے دیگر افراد کا اس کے ساتھ کسی بھی قسم کا کوئی تعلق نہ ہوگا اور نہ ہی ہم اس کے قول و فعل اور لین دین کے ذمہ دار ہوں گے۔

المشتہر: اقبال حسین ولد سولکھن خاں ساکن چک وٹواں ڈاکخانہ خاص چک نمبر 638 گ ب تحصیل و ضلع ننکانہ صاحب۔

CR...CH IMTIAZ AHMED

---

### بعدالت جناب آصف اقبال صاحب گارڈین جج سلانوالی ضلع سرگودھا

درخواست گارڈین سرٹیفکیٹ
ساجد عمران بنام عوام الناس
ساجد عمران ولد عمر حیات قوم کچھی سکنہ چک نمبر 144/145 شمالی تحصیل سلانوالی ضلع سرگودھا
اشتہار بنام: عوام الناس

عوام الناس کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ بتقرر 26-10-2026 وقت 08:00 بجے کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں ورنہ آپ کے خلاف حسب ضابطہ کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔
آج ہمارے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Asif

---

### بعدالت جناب محبوب اختر بھٹہ صاحب نائب تحصیلدار/ بعدالت جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر/اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول اراضی ریکارڈ سنٹر جڑانوالہ

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ حشمت بی بی دختر قادر بخش چک نمبر 70 گ ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہوچکی ہے۔ متوفیہ کے وارثان میں قادر بخش والد، کرم بی بی والدہ، نذیر احمد خاوند پہلے فوت شدگان، نسیم اختر دختر بعد میں فوت شد، عبدالمجید پسر، سروری بیگم، مجیداں بیگم دختران زندہ وارثان تصدیق ہوئے ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہو کر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کر سکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابلِ قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

---

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب تحصیل و ضلع جھنگ۔ عمر حیات بنام محمد الیاس وغیرہ اپیل زیر دفعہ 161 لینڈ ریونیو ایکٹ اشتہار بنام محمد الیاس ولد فقیر محمد، غلام عباس، غضنفر عباس پسران غلام حسین، محمد الیاس ولد مٹھا خان، ثمینہ بی بی زوجہ محمد رمضان، محمد آمین، غلام یٰسین، محمد اسرار پسران محمد شفیع، محمد مرسلین ولد محمد موسیٰ، صابر خان ولد غلام شبیر اقوام باری بلوچ سکنہ چک نمبر 11/3 تھل تحصیل 18 ہزاری ضلع جھنگ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے لیکن مدعا علیہم کی تعمیل اسان طریقے سے ہونا ممکن نہ ہے لہذا اپ کو بذریعہ اشتہار اخبار مطالع کیا جاتا ہے کہ مقرر تاریخ 22-10-2026 اصالتا وکلاء حاضر عدالت بوقت 8 بجے پیش ہو ورنہ یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی

Cr..Shahid Shaki

---

### بعدالت جناب محبوب اختر بھٹہ صاحب نائب تحصیلدار/ بعدالت جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر/اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول اراضی ریکارڈ سنٹر جڑانوالہ

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ظہراں بی بی دختر محمد حسین چک نمبر 39 گ ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہوچکی ہے۔ متوفیہ کے وارثان میں محمد حسین والد، فضل بی بی والدہ، محمد سلیم خاوند پہلے فوت شدگان، امداد حسین پسر بعد میں فوت شد، مدثر سلیم، محسن سلیم بھٹی پسران، نگہت پروین، عشرت پروین، نصرت بانو، فرحت سلیم دختران زندہ وارثان تصدیق ہوئے ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہو کر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کر سکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابلِ قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

---

### بعدالت جناب محبوب اختر بھٹہ صاحب نائب تحصیلدار/ بعدالت جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر/اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول اراضی ریکارڈ سنٹر جڑانوالہ

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ نذیر احمد ولد منشی خاں چک نمبر 70 گ ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہو چکا ہے۔ متوفی کے وارثان میں منشی خاں والد، عائشہ بی بی والدہ پہلے فوت شدگان، حشمت بی بی بیوہ، نسیم اختر دختر بعد میں فوت شدگان، عبدالمجید پسر، سروری بیگم، مجیداں بیگم دختران زندہ وارثان تصدیق ہوئے ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہو کر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کر سکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابلِ قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

---

### بعدالت جناب تحصیلدار صاحب بہاولنگر

ہر گاہ عملہ فیلڈ ہمارے روبرو انتقال وراثت متوفی محمد حسن ولد محمد رمضان ذات مہار موضع مٹھا عاکوکا تحصیل و ضلع بہاولنگر پیش ہوا جس میں حسب گفتہ خیر محمد حسین پسر متوفی نے اپنے علاوہ کنیز فاطمہ بیوہ متوفی، محمد عابد، محمد احمد، محمد مذمل، روبینہ بی بی، مبینہ کوثر، تحمینہ بی بی پسران و دختران متوفی کو زندہ و شرعی وارثان جبکہ والدین متوفی کو متوفی سے قبل فوت ہونا ظاہر کیا گیا ہے۔ دیگر کوئی وارث نہ ہے۔ اگر کسی کو کوئی عذر و اعتراض ہو تو اندر معیاد سات یوم دفتر مجاز عدالت پیش ہو کر آگاہ کریں ورنہ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Raja Kokab

---

### بعدالت جناب ریونیو آفیسر حلقہ تحصیل و ضلع ننکانہ صاحب

درخواست تقسیم اراضی معہ حکم امتناعی دوامی
عنوان مقدمہ: سعدیہ الفت وغیرہ بنام محمد ذوہیب علی خان وغیرہ

اشتہار بنام: محمد ذوہیب علی خان ولد الفت خان، احمد خاں ولد خادم حسین، شگفتہ ناہید دختر سلامت بی بی عرف رحمت بی بی، محمد رمضان عاصی ولد نواب دین، نذر حسین ولد محمد رفیق، شہزادی زوجہ عبدالستار، کاشف حسین ولد محمد عاشق، ذیشان علی ولد محمد عاشق، راشد حسین ولد محمد عاشق، محمد رزاق ولد روشن دین، ندیم حسین ولد منیر احمد، محمد شبیر ولد صدیق، محمد ایوب ولد محمد صدیق، محمد نعیم ولد خالد جاوید، تنویر حسین ولد منیر احمد، محمد سعید اختر ولد محمد شفیع، محمد ولید اقبال ولد محمد اقبال، رانا محمد فیاض ولد محمد لطیف خاں، محمد سہیل خالد ولد محمد خالد جاوید، ظفر اقبال ولد شاہنواز، فضل احمد ولد محمد رفیق، فقیر محمد ولد رحیم بخش، محمد شریف ولد دین محمد، محمد علی ولد اللہ بخش، معراج دین ولد شاہ محمد ساکنان چک نمبر 07 گ ب تحصیل و ضلع ننکانہ صاحب۔ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر مورخہ 22-10-2026 کو بوقت صبح 8 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا۔ آج بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

CR...CH IMTIAZ AHMED

---

### بعدالت جناب محترمہ زہرہ جمیل صاحبہ سول جج فیملی کورٹ ننکانہ صاحب

دعویٰ: تنسیخ نکاح
عنوان مقدمہ: راشدہ مبارک بنام محمد ابوبکر

اشتہار بنام: محمد ابوبکر ولد لیاقت علی ساکن بچیکی تحصیل و ضلع ننکانہ صاحب۔ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر مورخہ 02-11-2026 کو بوقت صبح 8 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ آج بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

CR...CH IMTIAZ AHMED

---

### بعدالت جناب ADLR صاحب /تحصیلدار صاحب بہاولنگر

ہر گاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی محمد اسلم ولد محمد صادق ذات بھٹی ضلع بہاولنگر کا انتقال ہو چکا ہے۔ متوفی کی اراضی موضع رم والی اور موضع راجو والہ تحصیل و ضلع بہاولنگر میں واقع ہے. متوفی کے شرعی وارثان میں عبدالباسط، ماجد علی، امان اللہ، الطاف حسین، آمنہ بی بی، عائشہ بی بی پسران و دختران حقیقی زندہ حیات ہیں۔ متوفی کی بیوہ لطیفاں بی بی بعد میں فوت شدہ ہے جبکہ متوفی کے والدین پہلے سے فوت شدہ ہیں۔ اور کوئی وارث نہ ہے. متوفی کا انتقال وراثت منظور ہونا ہے. اگر کوئی وارث رہ گیا ہو یا کسی کو کوئی اعتراض ہو تو اندر سات یوم زیر دستخطی کے روبرو اصالتاً یا وکالتاً پیش ہوں ورنہ انتقال وراثت منظور کر لیا جائے گا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Raja Kokab

---

### بعدالت جناب ماہین فاطمہ صاحبہ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو ننکانہ صاحب

درخواست بمراد درستگی ریکارڈ وغیرہ
عنوان مقدمہ: محمد عمران بنام سرکار وغیرہ

اشتہار بنام: اورنگزیب خاں ولد محمد اکرم خاں، عبدالقیوم ولد عبدالشکور، رضیہ بی بی دختر محمد علی، محمد انوار ولد محمد حسین، یسین عارف ولد محمد عارف بھٹی، مدثر نثار ولد محمد نثار، محمد اکرم ولد محمد حنیف، ناظم غفور ولد عبدالغفور، محمد فیصل ولد محمد اکبر، فاروق شفیق ولد محمد شفیق، محمد اسماعیل ولد بختاور، عطاء اللہ ولد عنائیت علی، محمد اظہر، جاوید اقبال پسران غلام مصطفیٰ، محمد اشرف ولد محمد رفیق، محمد بوٹا ولد اسلم، افتخار احمد ولد محمد رفیق، طالب حسین ولد محمد موسیٰ ساکنان بچیکی تحصیل و ضلع ننکانہ صاحب۔ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر مورخہ 24-10-2026 کو بوقت صبح 8 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ آج بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

CR...CH IMTIAZ AHMED

---

### بعدالت جناب محبوب اختر بھٹہ صاحب نائب تحصیلدار/ بعدالت جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر/اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول اراضی ریکارڈ سنٹر جڑانوالہ

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ امداد حسین ولد محمد سلیم چک نمبر 39 گ ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی (لاولد) فوت ہو چکا ہے۔ متوفی کے وارثان میں محمد سلیم والد، ظہراں بی بی والدہ پہلے فوت شدگان، مدثر سلیم، محسن سلیم بھٹی برادران، نگہت پروین، عشرت پروین، نصرت بانو، فرحت سلیم ہمشیرگان زندہ وارثان تصدیق ہوئے ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہو کر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کر سکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابلِ قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

---

### لیٹ اندراج پیدائش برائے ریکارڈ یونین کونسل نمبر 40 کوڑیانوالی

ہر گاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی محمد ادریس ولد محمد رفیق سکنہ بکھو شاہ تحصیل و ضلع بہاولنگر نے درخواست گزاری کہ اس کے حقیقی بھائی محمد لطیف کی تاریخ پیدائش مورخہ 01-04-1999 ہے جس کی پیدائش کا اندراج بروقت یونین کونسل میں نہ کروایا جا سکا۔ درخواست گزار یا اس کے کسی رشتہ دار و عزیز و اقارب میں پیدائش کا اندراج پاکستان کے کسی بھی یونین کونسل/لوکل گورنمنٹ میں نہ کروایا گیا ہے اور نہ ہی پہلے سے درج ہے۔ مذکورہ لیٹ اندراج پیدائش کے بارے میں اگر کسی کو کوئی عذر یا اعتراض ہو تو اندر اشاعت اخبار 7 یوم ہمراہ ثبوت حاضر دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ بہاولنگر میں جمع کروائیں، اس مدت گزرنے کے بعد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

المشتہر۔ ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ بہاولنگر

Cr..Raja Kokab

---

### بعدالت جناب نوید انجم سلیمی صاحب ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج ننکانہ صاحب

درخواست بمراد ٹرانسفر فرمائے جانے درخواست اجراء ڈگری
عنوان مقدمہ: رانا طاہر مقصود بنام رانا محمد عارف

اشتہار بنام: رانا محمد عارف ولد محمد حسین ساکن مکان نمبر c-242 ماڈل سٹی چک نمبر 208 رب فیصل آباد۔ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر مورخہ 22-10-2026 کو بوقت صبح 8 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ آج بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

CR...CH IMTIAZ AHMED

---

### بعدالت جناب رانا قیصر شفیق صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ /اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اوّل / تحصیلدار صاحب تحصیل و ضلع ننکانہ صاحب

نوٹس بنام عوام الناس

ہر گاہ ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وارثت متوفی مسمی احمد خاں ولد محمد خاں ساکن موضع چک نمبر 369 گ ب تحصیل و ضلع ننکانہ صاحب جو کہ مورخہ 16-07-2021 کو فوت ہوگیا تھا جس کی وارثتی اراضی موضع چک نمبر 369 گ ب تحصیل و ضلع ننکانہ صاحب میں واقع ہے شجرہ نسب مرتب پٹواری کے مطابق متوفی کے وارثان میں بشیراں بی بی زندہ، عمر حیات زندہ، منور اقبال زندہ، محمد اشرف زندہ کو متوفی کے قانونی و شرعی وارثان ظاہر کیا گیا ہے اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر دوارث ہو تو اشاعت اخبار سے سات دن کے اندر اندر دفتر ہذا آ کر اپنا عذر پیش کریں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گیاور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

CR....CH IMTIAZ AHMED

---

### بعدالت جناب ماہین فاطمہ صاحبہ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو ننکانہ صاحب

اپیل محکمہ مال برخلاف حکم مورخہ 10-01-2024 مصدرہ بعدالت جناب معین رؤف بٹ نائب تحصیلدار/اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اوّل ننکانہ صاحب
عنوان مقدمہ: طارق محمود وغیرہ بنام حسن علی وغیرہ

اشتہار بنام: حسن علی ولد مقبول احمد ساکن جیون پورہ ڈاکخانہ جوگے کوٹ نو بہار تحصیل و ضلع ننکانہ صاحب، عمران علی ولد اکبر علی، عنائیت بی بی بیوہ اللہ دتہ، محمد ریاض، محمد شہباز پسران اللہ دتہ، شائستہ دختر اللہ دتہ، شوکت علی ولد مسن، شوکت علی، مشتاق، محمد اسلم پسران رحمت علی، حبیب، محمد رفیق، منصب علی پسران رحمت علی، شرافت علی ولد فرزند ساکنان قلعہ قمر سنگھ تحصیل و ضلع ننکانہ صاحب۔ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر مورخہ 31-10-2026 کو بوقت صبح 8 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ آج بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

CR...CH IMTIAZ AHMED

---

### بعدالت جناب محترمہ زہرہ جمیل صاحبہ سول جج ننکانہ صاحب

دعویٰ: حکم امتناعی دوامی
عنوان مقدمہ: رشید احمد بنام مہوش امانت

اشتہار بنام: مہوش امانت بیوہ گلریز رشید قوم بھٹی ساکن گلی نمبر 3 محلہ منور موڑ کھنڈا تحصیل و ضلع ننکانہ صاحب۔ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر مورخہ 27-10-2026 کو بوقت صبح 8 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ آج بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

CR....CH IMTIAZ AHMED

---

### بعدالت جناب رانا قیصر شفیق صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ /اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اوّل / تحصیلدار صاحب تحصیل و ضلع ننکانہ صاحب

نوٹس بنام عوام الناس

ہر گاہ ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وارثت متوفی مسمی محمد فاضل ولد محمد حسین قوم کھرل منگیرہ ساکن موضع کلچ پور تحصیل و ضلع ننکانہ صاحب جو کہ مورخہ 30-07-2014 کو فوت ہوگیا تھا جس کی وارثتی اراضی موضع کلچ پور تحصیل و ضلع ننکانہ صاحب میں واقع ہے شجرہ نسب مرتب پٹواری کے مطابق متوفی کے وارثان میں راج بی بی زندہ، رضیہ بانو زندہ بیوگان متوفی، سبط الحسنین زندہ، قمر عباس زندہ، شہروز فاضل زندہ پسران متوفی، روبینہ بی بی زندہ، تحمینہ بی بی زندہ دختران متوفی کو متوفی کے قانونی و شرعی وارثان ظاہر کیا گیا ہے اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر دوارث ہو تو اشاعت اخبار سے سات دن کے اندر اندر دفتر ہذا آ کر اپنا عذر پیش کریں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گیاور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

CR....CH IMTIAZ AHMED

---

### بعدالت جناب رانا قیصر شفیق صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ /اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اوّل / تحصیلدار صاحب تحصیل و ضلع ننکانہ صاحب

نوٹس بنام عوام الناس

ہر گاہ ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وارثت متوفی علی اصغر ولد بختاور عرف بکھو ساکن موضع محال جسلانی تحصیل و ضلع ننکانہ صاحب جو کہ مورخہ 07-08-2022 کو فوت ہوگیا تھا جس کی وارثتی اراضی موضع محال جسلانی تحصیل و ضلع ننکانہ صاحب میں واقع ہے شجرہ نسب مرتب پٹواری کے مطابق متوفی کے وارثان میں زہرہ بی بی زوجہ پہلے فوت شد، خالد سعید پسر لاولد فوت شد، بلقیس بی بی، مقصود بی بی زندہ، صغریٰ بی بی زندہ دختران متوفی، علی اکبر بھائی پہلے فوت شد، بشیر احمد بھائی پہلے فوت شد، جنت بی بی بہن پہلے فوت شد متوفی کو متوفی کے قانونی و شرعی وارثان ظاہر کیا گیا ہے اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر دوارث ہو تو اشاعت اخبار سے سات دن کے اندر اندر دفتر ہذا آ کر اپنا عذر پیش کریں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گیاور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

CR....CH IMTIAZ AHMED

---

### بعدالت جناب رانا عرفان صاحب تحصیلدار/ بعدالت جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیر/ اراضی ریکارڈ سنٹر کھرڑیانوالہ تحصیل جڑانوالہ

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آمنہ بی بی دختر محمد سردار چک نمبر 106 ر ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہو چکا ہے۔ متوفی کے وارثان میں محمد سردار والد، شریفاں بی بی والدہ، محمد صدیق خاوند پہلے فوت شدگان، ناصر محمود، امجد محمود، شاہد محمود، زاہد محمود پسران، ساجدہ پروین، عابدہ بانو دختران زندہ وارثان تصدیق ہوئے ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہو کر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کر سکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابلِ قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

---

### بعدالت جناب طالب حسین صاحب نائب تحصیلدار/ بعدالت جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر/اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول اراضی ریکارڈ سنٹر جڑانوالہ

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ محمد عقیل ولد غلام محمد چک نمبر 109 ر ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہو چکا ہے۔ متوفی کے وارثان میں غلام محمد والد، نذیراں بی بی والدہ پہلے فوت شدگان، رضیہ بی بی بیوہ، فیاض محمد پسر، فوزیہ بی بی، ثونیہ بی بی دختران زندہ وارثان تصدیق ہوئے ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہو کر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کر سکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابلِ قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed Bhatti

---

### بعدالت جناب محترمہ نبزایاسین فیملی وسول جج کاموںکی ضلع گوجرانوالہ

دعویٰ۔ دلاپانے خرچہ نان و نفقہ سابقہ آئندہ مدعیان و واپسی سامان جہیز وغیرہ

مدعیہ۔ ارم احتشام زوجہ احتشام مبارک (دختر محمد جاوید) ساکن حال مقیم چوک غوثیہ تحصیل کاموںکے گوجرانوالہ، ام ہانیہ، عمر 3 میرب ہانیہ عمر ڈیرھ سال، نابالغان نمبر احتشام

بنام۔ احتشام مبارک ولد مبارک علی ساکن ونڈالہ ڈیال شاہ اسٹریٹ 10 شہر فیروزوالا ضلع شیخوپورہ

کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 02/11/2026 کو پیش عدالت ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔

Cr..Nadeem gujjar

---

از دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر صاحب لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ضلع گجرات

درخواست برائے لیٹ اندراج پیدائش ہر گاہ عوام الناس مطلع ہوں کہ مسرت سلیم دختر محمد سلیم ساکن سرگودھا روڈ محلہ قطب آباد تحصیل و ضلع گجرات نے درخواست گزاری ہے کہ میری مسرت سلیم دختر محمد سلیم ولد محمد حبیب کی تاریخ پیدائش 28-05-198 کا لیٹ اندراج یونین کونسل میں کروانا مقصود ہے اگر کسی کو عذر یا اعتراض ہو تو وہ اندر دس یوم زیر دستخطی سے رابطہ کریں بعد از میعاد اندراج کر دیا جائے گا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

Cr..Ghafar

---

### بعدالت جناب محمد اکرم صاحب نائب تحصیلدار/ بعدالت جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیر/اراضی ریکارڈ سنٹر کھرڑیانوالہ تحصیل جڑانوالہ

ہرگاہ مطلع کیا جاتا ہے کہ محمد اسماعیل ولد نور سمند مرحوم قوم ماچھی سکنہ چاہ شیر والا 10 ایس پی تحصیل وضلع پاکپتن نے درخواست گزاری ہے اس کی حقیقی بیٹی سونیا دختر محمد اسماعیل کی تاریخ پیدائش 07 مارچ 2006 ہے جس کا اندراج کسی یونین کونسل میں نہ ہے، لاعلمی کی وجہ سے یونین کونسل میں اندراج نہ کروا سکا ہے، لیٹ اندراج یونین کونسل نمبر 09 کمہاری والا پاکپتن میں کروانا قانونی امر ہے اگر کسی کو اعتراض ہوتو وہ اندر 07 یوم رابطہ کریں بعد میں کوئی عذر/ اعتراض قابل قبول نہ ہوگا

Cr..WF

---

### بعدالت جناب چوہدری غلام مصطفیٰ کمبوہ صاحب نائب تحصیلدار قانونگوئی بنگہ حیات تحصیل وضلع پاکپتن

ہرگاہ عوام الناس مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفیہ بھابھی بی بی زوجہ محمد حنیف قوم راجپوت تحصیل وضلع پاکپتن شریف جو کہ 25 نومبر 1993 کو قضائے الٰہی سے وفات پا گئی تھی، جن کا وراثتی انتقال درج کیا جانا ہے، امام علی والد، عقیقاں بی بی والدہ پہلے فوت شد ہیں، وارثان بازگشت میں محمد حنیف خاوند، کنیز بی بی، رانی بی بی دختر جمشید علی پسر (بعد میں فوت شد) راؤ جنگ شیر علی، محمد ارشاد، شمشیر علی پسران، جمشیداں بی بی، خورشیدا" بی بی، ارشاد بی بی دختران زندہ اور حقیقی وارث ہیں، اس کے علاوہ اگر وارث ہے تو وہ اشتہار کی اشاعت کے 7 یوم کے اندر پیش ہوں، بعد ازاں کوئی عذر اعتراض قابلِ قبول نہ ہوگا

Cr..WF

---

بعدالت جناب خدیجہ فاروق صاحبہ سول جج گوجرانوالہ،

دعویٰ دلاپانے خرچہ نان ونفقہ
کلثوم بی بی دختر محمد الیاس وغیرہ بنام فہد خالد ولد خالد محمود ساکن گھسن والہ تحصیل نوشہرہ ورکاں ضلع گوجرانوالہ

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 02-نومبر-2026 بوقت 9 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہوکر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..AM

---

### بقیہ سحر 39

اچانک دوروں کا مقصد پولیس کی کارکردگی کو جانچنا، انتظامی امور میں بہتری لانا اور پولیس افسران کی استعدادِ کار میں اضافہ کرنا ہے۔انہوں نے واضح کیا کہ شہریوں کو انصاف کی فراہمی اور ان کے مسائل کا فوری قانونی حل پولیس کی اولین ترجیح ہے

### بقیہ سحر 40

کا نظام بھی درہم برہم ہو چکا ہے، شہریوں نے اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

### بقیہ سحر 41

کے کام کی خود نگرانی کی اور ہدایت کی کہ تمام امور کو بروقت مکمل کرکے نکاسی آب کے نظام کو مؤثر بنایا جائے۔

### بقیہ سحر 42

کے دوران متعلقہ اساتذہ اور عملے کے بیانات آزادانہ ماحول میں قلم بند کیے جائیں اور اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ کسی بھی فریق پر دباؤ نہ ہو۔ان کا کہنا تھا کہ تمام متعلقہ افراد کو اپنا مؤقف پیش کرنے کا یکساں موقع ملنا چاہیے اور تحقیقات کسی بھی قسم کے دباؤ یا جانبداری سے بالاتر ہو کر مکمل کی جانی چاہئیں۔

### بقیہ سحر 43

اشتیاق احمد گوندل نے اس امر پر زور دیا کہ امتحانی نظام میں جدید ٹیکنالوجی کا مؤثر استعمال وقت کی اہم ضرورت ہے۔ آن سکرین مارکنگ جیسے جدید نظام سے امتحانی عمل کو مزید شفاف، منظم اور مؤثر بنانے میں مدد مل سکتی ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ سیمینار کے انعقاد سے قبل تمام ضروری انتظامات اور تکنیکی امور کا جائزہ لیا جائے، تاکہ سیمینار کو کامیابی سے مکمل کیا جا سکے اور جدید امتحانی نظام کے نفاذ کے لیے مؤثر پیش رفت ممکن ہو۔

### بقیہ سحر 44

اساتذہ کرام اور صحافی برادری سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔تقریب میں چوہدری محمد علی آرائیں، چوہدری رفیع آرائیں، رؤف نواب چوہدری، چوہدری وقار حاکم علی، مہر حافظ اشتیاق اور جنید امجد چوہدری سمیت دیگر رہنماؤں نے خصوصی شرکت کی۔اس موقع پر مقررین نے ہونہار طلبہ کی تعلیمی کامیابیوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ نوجوان نسل ملک وقوم کا قیمتی سرمایہ ہے۔ان کی حوصلہ افزائی اور تعلیمی صلاحیتوں کو اجاگر کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

### بقیہ سحر 45

خورد میں سوئی گیس کے کم پریشر کا مسئلہ حل کیا جائے شہر میں عوام کے لیے ایک خوبصورت پارک اور نوجوانوں کے لیے کھیلوں کا گراؤنڈ تعمیر کیا جائے اسٹریٹ لائٹس بحال کی جائیں اور طویل عرصے سے بند واٹر سپلائی کو دوبارہ بحال کیا جائے اس کے علاوہ جمبر خورد کی مدینہ کالونی میں سیوریج لائن بچھانے کا مطالبہ بھی کیا گیا۔

### بقیہ سحر 46

اقدام میں تعاون پر الخدمت فاؤنڈیشن کا شکریہ ادا کیا اور اس عزم کا اعادہ کیا کہ طلبہ کی ضروریات پوری کرنے اور یونیورسٹی میں بنیادی سہولیات کو مزید بہتر بنانے کے لیے اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔

---

### از دفتر جناب چوہدری ذوالفقار علی DDLG فیصل آباد

اے ڈی ایل جی تحصیل صدر کے دفتر سے محمد شہزاد تاریخ پیدائش 01-07-2003 سکنہ چک نمبر 215 رب کا لیٹ اندراج پیدائش کا کیس موصول ہوا ہے درخواست دہندہ محمد اشرف (والد) نے استدعا کی ہے اپنے بیٹے کا لیٹ اندراج پیدائش یونین کونسل 140/215 رب میں کروانا چاہتے ہیں اگر کسی کو کوئی اعتراض ہوتو اندریں 10 یوم از اشاعت اخبار زیر دستخطی کو تحریری طور پر پیش کرے بعد از گذرنے معیاد کوئی اعتراض قبول نہ ہوگا۔

Cr..FSD

---

### از دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ تحصیل وضلع پاکپتن

ہرگاہ مطلع کیا جاتا ہے کہ عبدالرشید ولد وریام قوم قصاب سکنہ سدو پپلی گھگے تحصیل وضلع پاکپتن نے درخواست گزاری ہے اس کی حقیقی بیٹی انیلہ بی بی کی تاریخ پیدائش 05 اکتوبر 2012 حقیقی بیٹی میرب بی بی کی تاریخ پیدائش 01 مئی 2015 حقیقی بیٹی ایمان فاطمہ کی تاریخ پیدائش 02 دسمبر 2017 حقیقی بیٹی عیشاء رشید کی تاریخ پیدائش 24 جولائی 2019 ہے جس کا اندراج کسی یونین کونسل میں نہ ہے، لاعلمی کی وجہ سے یونین کونسل میں اندراج نہ کرواسکا ہے، لیٹ اندراج یونین کونسل نمبر 09 کمہاری والا پاکپتن میں کروانا قانونی امر ہے اگر کسی کو اعتراض ہوتو وہ اندر 07 یوم رابطہ کریں بعد میں کوئی عذر/ اعتراض قابل قبول نہ ہوگا

Cr..WF

---

### از دفتر ایڈمنسٹریٹر صاحب میونسپل کمیٹی تحصیل وضلع پاکپتن شریف

ہر خاص وعام کو اطلاع دی جاتی ہے کہ عاشق علی ولد غلام نبی قوم راٹھ کھوکھر سکنہ اسٹریٹ 07 محلّہ مدینہ ٹاؤن شہر تحصیل وضلع پاکپتن نے درخواست گزاری ہے، اس کی بیٹی ام ایمن کا نام میونسپل کمیٹی کے جاری برتھ سرٹیفکیٹ کی انگلش تحریر میں Umm E Aman کی بجائے Umm E Ameen درج ہوگیا ہے، لہذا میونسپل کمیٹی پاکپتن میں درست کیا ہے، اگر کسی کو کوئی اعتراض ہوتو اندر 7 یوم رابطہ کرسکتا ہے بصورت دیگر کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

Cr..WF

---

بعدالت جناب یاسر مشتاق ساہی صاحب سول جج گوجرانوالہ،

سدرہ المنتہیٰ دختر ملک محمد احسان بنام عوام الناس وغیرہ
درخواست زیردفعہ 7 گارڈین

اخبار اشتہار بنام نبیل اکرم ولد محمد اکرم ساکن گلی نمبر 1 محلّہ نعمانیہ روڈ محمد پورہ شہر گلاب پورہ گوجرانوالہ

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مسئول علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 29-اکتوبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہوکر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا

Cr..AM

---

### بقیہ سحر 47

ان کی حوصلہ افزائی اور تعلیمی صلاحیتوں کو اجاگر کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ایسی تقریبات طلبہ میں آگے بڑھنے کا جذبہ پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ محنت، لگن اور حصول علم کی اہمیت کو بھی اجاگر کرتی ہیں۔شرکاء نے آرائیں کمیونٹی تحصیل کوٹ رادھا کشن کی جانب سے تعلیمی میدان میں نمایاں کارکردگی دکھانے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کے لیے منعقدہ تقریب کو قابلِ تحسین اقدام قرار دیا اور اس امید کا اظہار کیا کہ مستقبل میں بھی ایسی مثبت سرگرمیاں جاری رہیں گی تاکہ نئی نسل کو تعلیم کے میدان میں مزید آگے بڑھنے کے مواقع میسر آسکیں۔

### بقیہ سحر 48

اور ایس ایچ اوز نے شرکت کی اجلاس میں ضلع کی مجموعی امن و امان کی صورتحال جرائم کی روک تھام، زیر تفتیش مقدمات اور پولیس کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔

### بقیہ سحر 49

لیاقت علی ،-2 کبیر افلاک ولد محمد افلاک،-3 محمد حذیفہ علی ولد ذوالفقار علی ، 4۔ راجہ اسد طارق ولد راجہ طارق ایوب،-5 عامر فدا ولد فدا حسین ،6-انعم پرویز دختر پرویز صبیح اور 7- سویرہ بی بی زوجہ محمد علی شامل ہیں۔جن کے خلاف مقدمہ کا اندراج کر کے مزید تفتیش کا آغاز کر دیا گیا۔

### بقیہ سحر 50

رکی گینگ گرفتار - 2 لاکھ تیس ہزار روپے برآمد تفصیلات کے مطابق سٹی سرکل میں شادی بیاہ کی تقریبات میں شہریوں کی جیبوں کا صفایا کرنے والا گینگ متحرک تھا۔

### بقیہ سحر 51

کی دستیابی، صفائی ستھرائی اور مریضوں کو معیاری خدمات کی فراہمی یقینی بنانے کے لئے نگرانی کا عمل جاری ہے۔

### بقیہ سحر 52

دو وقت کی روٹی مشکل ہوئی پڑی ہے ، ایسے میں روزانہ کی بنیاد پر بھاری چالان کسی عذاب سے کم نہیں ہیں، معروف سیاسی سماجی اور کاروباری شخصیت مرکزی انجمن تاجران پاکپتن کے صدر چوہدری اظہر محمود نے کہا ہے کہ ترقی پذیر ممالک میں لوگوں کی ذہن سازی اور قانون پر عمل درآمد کرنے کیلئے نرم انداز میں عمل درآمد اور تربیتی سیشن کی ضرورت ہوتی ہے ، دوسری طرف مارکیٹ میں سرمائے کی قلت دور کرنے کیلئے وہ اقدامات نہیں اٹھائے جارہے ہیں جس کی ضرورت ہے،

### بقیہ سحر 53

کروالیں تو میں واپس دے دوں گا" اور موقع سے غائب ہوگیا۔معمر خاتون کی بہو کا کہنا تھا کہ پتہ ہی نہیں چلا کہ کس انداز میں یہ تمام معاملہ ہوگیا۔واقعہ کے بعد لیاقت علی نے فوری طور پر 15 پر کال کر کے پولیس کو اطلاع دی۔ اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی اور سی سی ٹی وی کیمروں کی مدد سے تفتیش شروع کردی ہے۔شہریوں نے سیف سٹی کیمروں کی موجودگی کے باوجود ہسپتال میں سیکیورٹی کی ناقص صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ڈی پی او گوجرانوالہ سے ملزم کی فوری گرفتاری کا مطالبہ کیا ہے۔

### بقیہ سحر 54

کروالیں تو میں واپس دے دوں گا" اور موقع سے غائب ہوگیا۔معمر خاتون کی بہو کا کہنا تھا کہ پتہ ہی نہیں چلا کہ کس انداز میں یہ تمام معاملہ ہوگیا۔واقعہ کے بعد لیاقت علی نے فوری طور پر 15 پر کال کر کے پولیس کو اطلاع دی۔ اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی اور سی سی ٹی وی کیمروں کی مدد سے تفتیش شروع کردی ہے۔شہریوں نے سیف سٹی کیمروں کی موجودگی کے باوجود ہسپتال میں سیکیورٹی کی ناقص صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ڈی پی او گوجرانوالہ سے ملزم کی فوری گرفتاری کا مطالبہ کیا ہے۔

---

### لیٹ اندراج وفات

از دفتر جناب چوہدری ذوالفقار علی صاحب DDLG فیصل آباد ADLG تحصیل صدر کے دفتر سے عنوان درخواست حصول سرٹیفکیٹ فوتیدگی، درخواست دہندہ اقصیٰ کنول نے درخواست گذاری ہے کہ متوفی محمد طہٰ تاریخ وفات 02-08-2022 سکنہ چک نمبر 209 رب کال گڑھ کی فوتگی کا اندراج یونین کونسل میں کروانا چاہتے ہیں اگر کسی کو کوئی اعتراض ہوتو اندر 10 یوم اشاعت اخبار کے دفتر ہذا میں حاضر ہوں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

Cr..FSD

---

### از دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ تحصیل وضلع پاکپتن

ہرگاہ مطلع کیا جاتا ہے کہ محمد دین ولد سید محمد سکنہ بستی نیامت پور ملیکے تارو تحصیل وضلع پاکپتن نے درخواست گزاری ہے اس کے حقیقی بیٹے محمد عثمان ولد محمد دین کی تاریخ پیدائش 10 اکتوبر 2012 ہے جس کا اندراج کسی یونین کونسل میں نہ ہے، لاعلمی کی وجہ سے یونین کونسل میں اندراج نہ کروا سکا ہے، لیٹ اندراج یونین کونسل نمبر 09 کمہاری والا پاکپتن میں کروانا قانونی امر ہے اگر کسی کو اعتراض ہوتو وہ اندر 07 یوم رابطہ کریں بعد میں کوئی عذر/ اعتراض قابل قبول نہ ہوگا

Cr..WF

---

### از دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ تحصیل وضلع پاکپتن

ہرگاہ مطلع کیا جاتا ہے کہ زمان شاہ ولد حسین شاہ قوم کھگہ سکنہ سدو پپلی گھگے تحصیل وضلع پاکپتن نے درخواست گزاری ہے اس کی حقیقی بیٹی سعدیہ زمان کی تاریخ پیدائش 01 جولائی 1996 حقیقی بیٹی صغراں بی بی کی تاریخ پیدائش 01 جون 2001 حقیقی بیٹی آسیہ بی بی کی تاریخ پیدائش 08 مارچ 2005 حقیقی بیٹی زینب بی بی کی تاریخ پیدائش 04 فروری 2008 ہے جس کا اندراج کسی یونین کونسل میں نہ ہے، لاعلمی کی وجہ سے یونین کونسل میں اندراج نہ کرواسکا ہے، لیٹ اندراج یونین کونسل نمبر 09 کمہاری والا پاکپتن میں کروانا قانونی امر ہے اگر کسی کو اعتراض ہوتو وہ اندر 07 یوم رابطہ کریں بعد میں کوئی عذر/ اعتراض قابل قبول نہ ہوگا

Cr..WF

---

بعدالت جناب چوہدری قیصر شہزاد صاحب سنیئر سول جج گوجرانوالہ،

دعویٰ تنسیخ نکاح بربنائے خلع
مدیحہ طارق دختر طارق محمود بنام محمد شہریار ولد محمد سرفراز احمد ساکن فیض مدینہ کامونکی گوجرانوالہ حال مقیم ڈی ایچ اے فیز 2 نزد پنجاب کیش اینڈ کیری صابری کوالٹی ہیپٹ شاپ اسلام آباد

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 23-اکتوبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہوکر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا

Cr..AM

### بقیہ سحر 1

سفارتی تعلقات کو نئی بلندیوں تک لے جانے اور باہمی اعتماد و تعاون کی نئی راہیں کھولنے کے عزم کا اعادہ کیا ہے جبکہ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو کے سرکاری دورہ پاکستان کو دونوں ممالک کے دیرینہ برادرانہ تعلقات کے فروغ میں اہم پیشرفت قرار دیتے ہوئے مالدیپ کی قومی ترقیاتی ترجیحات میں پاکستان کے تعاون کو جاری رکھنے کی یقین دہانی کرائی ہے۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف اور مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو کے درمیان وزیراعظم ہاؤس اسلام آباد میں ملاقات ہوئی۔ بعد ازاں دونوں ممالک کے درمیان اعلیٰ سطحی وفود کی سطح پر اجلاس بھی ہوا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے وزیراعظم ہاؤس آمد پر مالدیپ کے صدر کا استقبال کیا اور ان کے اعزاز میں گارڈ آف آنر کی تقریب منعقد کی گئی۔ صدر معیزو نے گارڈ آف آنر کا معائنہ کیا اور وزیراعظم ہاؤس میں یادگار کے طور پر پودا بھی لگایا۔ مذاکرات کے دوران دونوں رہنماؤں نے پاکستان اور مالدیپ کے دوطرفہ تعلقات کا جائزہ لیا اور علاقائی و عالمی امور پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے مالدیپ کے ساتھ دیرینہ برادرانہ تعلقات مزید مضبوط بنانے اور اس کی قومی ترقی کی ترجیحات میں تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ مذاکرات میں اقتصادی تعاون کو خصوصی اہمیت دی گئی۔ دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ تجارت، سرمایہ کاری، سیاحت، غذائی تحفظ، ادویات اور نجی شعبے کے درمیان شراکت داری بڑھانے پر اتفاق کیا۔ دونوں رہنماؤں نے فضائی اور بحری رابطوں کو بہتر بنانے اور مشترکہ اقتصادی کمیشن کا اجلاس جلد منعقد کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ وزیراعظم اور مالدیپ کے صدر نے اگلے دو سال میں دوطرفہ تجارت موجودہ ایک کروڑ 34 لاکھ ڈالر سے بڑھا کر 20 کروڑ ڈالر تک پہنچانے کا ہدف مقرر کیا۔ وزیراعظم نے مالدیپ کو ضروری غذائی اشیا اور ادویات کی فراہمی کے لئے پاکستان کی آمادگی کا اعادہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ فراہمی دونوں حکومتوں کے درمیان براہ راست انتظامات کے ذریعے ممکن بنائی جائے گی۔ وزیراعظم نے مالدیپ کے طلبہ کیلئے ہر سال مزید 20 انڈر گریجویٹ اسکالرشپس دینے کا اعلان کیا۔

### بقیہ سحر 2

نے بدھ کو اسلام آباد میں مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو سے ملاقات کی تجارت، سرمایہ کاری، تعلیم، موسمیاتی تبدیلی اور سیاحت کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ سے جاری بیان کے مطابق نائب وزیراعظم نے صدر آصف علی زرداری اور وزیراعظم محمد شہباز شریف کی جانب سے صدر ڈاکٹر محمد معیزو کو گرم جوشی سے سلام اور نیک خواہشات پیش کیں۔ انہوں نے صدر اور ان کے وفد کا پاکستان میں گرمجوشی سے استقبال کیا۔ مالدیپ کے ساتھ پاکستان کے دیرینہ برادرانہ تعلقات کے عزم کی تصدیق کرتے ہوئے وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے تجارت، سرمایہ کاری، تعلیم، موسمیاتی تبدیلی اور سیاحت کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون بڑھانے پر زور دیا۔ نائب وزیراعظم نے مالدیپ۔ پاکستان بزنس فورم میں مالدیپ کاروباری وفد کی شرکت کا خیرمقدم کیا اور امید ظاہر کی کہ بزنس ٹو بزنس ملاقاتوں سے ٹھوس تجارتی اور سرمایہ کاری کے مواقع پیدا ہوں گے۔ صدر ڈاکٹر محمد معیزو نے ان اور ان کے وفد کے لیے کیے گئے گرم جوش استقبال اور مہمان نوازی کی تعریف کی۔ انہوں نے پاکستان کے ساتھ اپنے قریبی تعلقات کو گہرا کرنے اور باہمی فائدہ مند تعاون کے نئے راستے تلاش کرنے کی مالدیپ کی خواہش کا اظہار کیا۔

### بقیہ سحر 3

تعاون بڑھایا جائے گا۔ ترک وزارت دفاع کا کہنا ہے کہ معاہدے کا مقصد چاروں ممالک کی دفاعی صنعتوں کے درمیان مشترکہ تعاون کو فروغ دینا اور دفاعی صلاحیتوں کو مزید مضبوط بنانا ہے۔

### بقیہ سحر 4

منسوخ ہو چکا ہے، اس لیے اس کے خلاف عدالت کے سامنے کوئی تنازع موجود نہیں رہا۔ عدالت کے مطابق آرڈیننس کی میعاد ختم ہونے کے بعد اس کی آئینی حیثیت پر رائے دینا غیر ضروری ہے۔ فیصلے میں کہا گیا کہ درخواست گزار اپنے خلاف آرڈیننس کے تحت کسی کارروائی یا سزا کو ثابت نہیں کر سکا۔ عدالتیں مستقبل میں بننے والے ممکنہ قوانین کو روکنے کے لیے پیشگی فیصلے نہیں کر سکتیں۔ اسی بنیاد پر نیب ترامیمی آرڈیننس 2024 کے خلاف دائر آئینی درخواست نمٹا دی گئی۔ یاد رہے کہ نیب ترامیمی آرڈیننس 2024 کے تحت جسمانی ریمانڈ کی مدت 14 روز سے بڑھا کر 40 روز کی گئی تھی۔ قائم مقام صدر مملکت نے یہ آرڈیننس 27 مئی 2024 کو جاری کیا تھا، تاہم اسے پارلیمنٹ سے توسیع نہیں ملی اور نہ ہی باقاعدہ ایکٹ بنایا گیا۔

### بقیہ سحر 5

نوٹیفائی کر دیا گیا تھا۔ وفاقی آئینی عدالت نے انسداد دہشتگردی عدالتوں کے ججوں کو مقررہ مدت سے پہلے عہدے سے ہٹانے کا حکومتی نوٹیفکیشن غیر قانونی قرار دے دیا اور اس حوالے سے سندھ ہائیکورٹ کا فیصلہ کالعدم کر دیا۔

### بقیہ سحر 6

کیلئے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔ ترجمان کے مطابق ملاقات کے دوران دونوں ملکوں کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری، تعلیم، موسمیاتی تبدیلی اور سیاحت میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔

### بقیہ سحر 7

شراکت داری کو وسعت دینے پر اتفاق اور فلسطینی عوام کے حق خودارادیت اور ایک آزاد ریاست کے قیام کی حمایت اور علاقائی و عالمی امور پر تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق بدھ کو پاکستان کے دورے پر آئے ہوئے مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو کے اعزاز میں باضابطہ استقبالیہ تقریب وزیراعظم ہاؤس میں منعقد ہوئی۔

### بقیہ سحر 8

صدر کا پاکستان کا پہلا دورہ ہے۔ یہ دورہ پاکستان اور مالدیپ کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کے 60 سال مکمل ہونے کے موقع پر ہو رہا ہے، جو دونوں ممالک کے تعلقات کو مزید مضبوط، وسیع اور باہمی طور پر فائدہ مند بنانے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔

### بقیہ سحر 9

میں وزیراعظم ہاؤس میں باضابطہ استقبالیہ تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے وزیراعظم ہاؤس پہنچنے پر معزز مہمان کا پرتپاک استقبال کیا، دونوں رہنماؤں کے درمیان مصافحہ اور خوشگوار جملوں کا تبادلہ ہوا۔ استقبالیہ تقریب کے آغاز پر دونوں ملکوں کے قومی ترانے بجائے گئے، مسلح افواج کے چاق و چوبند دستے نے معزز مہمان کو سلامی دی اور گارڈ آف آنر پیش کیا، مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو نے گارڈ آف آنر کا معائنہ بھی کیا۔

### بقیہ سحر 10

فروغ اور باہمی تعاون کو مزید وسعت دینے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزارت داخلہ سے جاری بیان کے مطابق ملاقات کے دوران غیر قانونی امیگریشن، انسانی اسمگلنگ اور منظم جرائم کی روک تھام کے لیے مشترکہ لائحہ عمل اور باہمی تعاون کو فروغ دینے پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔ وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان خطے میں امن و استحکام کے قیام کے لیے دوست ممالک کے ساتھ سکیورٹی تعاون اور پیشہ ورانہ تجربات کے تبادلے کو خصوصی اہمیت دیتا ہے۔

### بقیہ سحر 11

سروے کے مطابق شرکاء کی اکثریت نے شرح سود میں اضافے کا امکان ظاہر کیا ہے، جبکہ بعض شرکاء کے خیال میں موجودہ شرح سود برقرار رہ سکتی ہے۔ گورنر سٹیٹ بینک جمیل احمد مانیٹری پالیسی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کریں گے، مارکیٹ سروے کے نتائج کے مطابق 61 فیصد شرکاء کو توقع ہے کہ 26 اکتوبر کو ہونے والے اجلاس میں شرح سود بڑھا دی جائے گی۔ سروے میں شامل 54 فیصد شرکاء نے شرح سود میں 0.50 فیصد اضافے کی پیش گوئی کی ہے جب کہ 7 فیصد شرکاء کے خیال میں شرح سود میں ایک فیصد اضافہ کیا جا سکتا ہے۔ دوسری جانب 39 فیصد مارکیٹ شرکاء نے توقع ظاہر کی ہے کہ سٹیٹ بینک شرح سود میں کوئی تبدیلی نہیں کرے گا اور اسے موجودہ سطح پر برقرار رکھا جائے گا۔

### بقیہ سحر 12

مریم نواز شریف نے نوتعینات سعودی سفیر ڈاکٹر راجح البقمی کا پُرتپاک خیرمقدم کیا اور کو پاکستان میں سفارتی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد دی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ڈاکٹر راجح البقمی کی سفارتی خدمات کو سراہا اور پاکستان کی اقتصادی اور مالی معاونت پر سعودی قیادت سے اظہار تشکر کیا۔

### بقیہ سحر 13

کاغذات نامزدگی جمع کرانے کیلئے عوامی نوٹس 30 اکتوبر کو جاری کیا جائے گا، جبکہ امیدواروں سے کاغذات نامزدگی 2 نومبر سے 6 نومبر تک وصول کئے جائیں گے۔ امیدواروں کے ناموں کی فہرست 7 نومبر کو شائع کی جائے گی اور کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال 9 نومبر سے 13 نومبر تک ہوگی، ریٹرننگ افسران کے فیصلوں کے خلاف اپیلیں 14 نومبر سے 18 نومبر تک دائر کی جاسکیں گی، جبکہ ان اپیلوں پر فیصلے 19 نومبر سے 23 نومبر تک کئے جائیں گے۔ الیکشن کمیشن کے مطابق امیدواروں کی حتمی فہرست 25 نومبر کو جاری کی جائے گی، امیدواروں کو انتخابی نشانات 26 نومبر کو الاٹ کئے جائیں گے، اسلام آباد میں پولنگ 20 دسمبر کو صبح 8 بجے سے شام 4 بجے تک ہوگی، جبکہ الیکشن کمیشن 21 سے 24 دسمبر تک بلدیاتی انتخابات کے نتائج کا اعلان کرے گا۔ انتخابی شیڈول جاری ہونے کے بعد اسلام آباد میں سرکاری افسران کے تبادلوں اور تعیناتوں کیلئے الیکشن کمیشن کی پیشگی منظوری لازمی قرار دی گئی ہے۔ الیکشن کمیشن نے واضح کیا ہے کہ انتخابی عمل کو شفاف اور منصفانہ بنانے کیلئے ضابطہ اخلاق پر عمل درآمد یقینی بنایا جائے گا، عام تعطیل کے باوجود الیکشن کمیشن اور ریٹرننگ افسران کے دفاتر کھلے رہیں گے تاکہ انتخابی امور بروقت نمٹائے جاسکیں

### بقیہ سحر 14

لیے پاکستان کے سفارتی کردار کو عالمی سطح پر غیر معمولی پذیرائی ملی ہے، تاہم ان کامیابیوں کو پائیدار معاشی ثمرات میں تبدیل کرنے کے لیے برآمدات پر مبنی معیشت کی تشکیل ناگزیر ہے۔ بدھ کو امریکا ایران جنگ کے بعد: پاکستان کے لیے امن اور معاشی ثمرات کے موضوع پر منعقدہ کنکلیو اور گول میز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان کو اپنی سفارتی اور دفاعی کامیابیوں کو معاشی ترقی، سرمایہ کاری کے فروغ اور برآمدات میں اضافے کے مواقع میں تبدیل کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ مضبوط دفاع کی بنیاد مضبوط معیشت ہے، پائیدار معاشی بنیادوں کے بغیر قومی سلامتی اور ترقی کے ثمرات دیرپا نہیں ہوسکتے۔

### بقیہ سحر 15

ملاقات کی جس میں پاکستان کی ڈیجیٹل معیشت، ای گورننس اور ملک کے آئی ٹی انفراسٹرکچر کو مزید مضبوط بنانے کے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر عالمی بینک نے پاکستان میں ڈیجیٹل اصلاحات اور آئی ٹی کے شعبے میں حکومتی اقدامات پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے پیش رفت کو سراہا۔ عالمی بینک نے پاکستانی نوجوانوں میں ڈیجیٹل مہارتوں کے فروغ اور فری لانسنگ کے شعبے کو وسعت دینے کیلئے تکنیکی اور مالی معاونت جاری رکھنے کے عزم کا بھی اعادہ کیا۔ ملاقات میں پاکستان اور عالمی بینک نے انفارمیشن ٹیکنالوجی اور ٹیلی کمیونیکیشن کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔

### بقیہ سحر 16

تعاون کے امکانات پر گفتگو ہوئی۔ برطانوی ہائی کمشنر نے وفاقی وزیر کو 2027 کے لیے ورلڈ بینک اور آئی ایم ایف کے بورڈ آف گورنرز کا چیئرمین مقرر ہونے پر مبارکباد دی۔ وفاقی وزیر نے ان کی نیک خواہشات کا خیرمقدم کیا۔ ملاقات میں وفاقی وزیر احد چیمہ نے زراعت، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور دیگر اہم شعبوں کو مضبوط بنانے کے لیے وزیراعظم کی ترجیحات کا ذکر کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت معاشی ترقی کے فروغ کے لیے شعبہ جاتی اصلاحات اور پالیسیاں اپنا رہی ہے۔ احد چیمہ نے کہا کہ حکومت ترقیاتی شراکت داروں اور کثیر جہتی سرمایہ کاری کو بھرپور معاونت فراہم کر رہی ہے، جبکہ تعاون اور سرمایہ کاری کو مزید سہل بنانے کے لیے بھی کام جاری ہے۔ وزیر اقتصادی امور نے پاکستان میں استعداد کار بڑھانے اور اصلاحاتی اقدامات کے لیے برطانیہ کے فارن، کامن ویلتھ اینڈ ڈویلپمنٹ آفس (ایف سی ڈی او) کی معاونت کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ ایف سی ڈی او وزیراعظم آفس کے ساتھ مل کر حکومت کی جاری اصلاحاتی کوششوں پر قریبی تعاون کر رہا ہے اور اس پر ہم ان کے مشکور ہیں۔ جین میریٹ نے کہا کہ ایف سی ڈی او حکومت پاکستان کی معاونت جاری رکھے گا۔ انہوں نے معیشت کی بہتری کے لیے حکومتی کوششوں کو سراہا

### بقیہ سحر 17

سے سیاسیات اور بین الاقوامی تعلقات میں ڈاکٹریٹ کی اعزازی ڈگری عطا کی گئی ہے۔ بدھ کو مالدیپ کے صدر کے دورہ پاکستان کے موقع پر انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی کی طرف سے ڈاکٹریٹ کی اعزازی ڈگری دینے کی خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ مالدیپ کے صدر کو یہ اعزازی ڈگری وزیراعظم محمد شہباز شریف نے دی۔ تقریب میں وفاقی کابینہ کے ارکان اور مالدیپ کے صدر کے وفد کے ارکان نے بھی شرکت کی۔ مالدیپ کے صدر نے اسلامی یونیورسٹی کی جانب سے اعزازی ڈاکٹریٹ کی ڈگری دینے پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یہ اعزاز صرف ان کے لیے نہیں، مالدیپ کے لئے بھی قابل فخر ہے، یہ اعزاز دونوں ملکوں کی لازوال دوستی کی علامت ہے۔ انہوں نے کہا کہ باہمی احترام اور اعتماد پاکستان اور مالدیپ کی دوستی کی بنیاد ہے۔ اعزازی ڈگری کے ذریعے مالدیپ کے عوام کو عزت دینے پر بھی اظہار تشکر کرتا ہوں۔ اعزازی ڈگری شکرگزاری کے ساتھ ذمہ داری کا احساس بھی ہے۔ مالدیپ کے صدر نے پاکستان کی حکومت اور بالخصوص بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی کا شکریہ ادا کیا۔

### بقیہ سحر 18

کرتے ہوئے ان کے لئے نئی ذمہ داریوں میں کامیابی کی نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ بدھ کو سماجی رابطے کے پلیٹ فارم ایکس پر اپنی پوسٹ میں وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان رومانیہ کے ساتھ دیرینہ دوستی کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ آنے والے دنوں میں دونوں ممالک کے مابین دوطرفہ تعلقات مزید مضبوط ہوں گے۔

### بقیہ سحر 19

کی معیشت درست سمت میں گامزن ہے، مالیاتی خسارہ 22 سال کی کم ترین سطح پر آ گیا ہے۔ بدھ کو سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ مسلسل تین سال بنیادی بجٹ سرپلس رہا جبکہ گزشتہ دو مالی سالوں کے دوران ٹیکس وصولیوں میں 40 فیصد اضافہ ہوا جو معاشی استحکام اور اصلاحات کے مثبت نتائج کی عکاسی کرتا ہے۔

### بقیہ سحر 20

دورے پر ہیں جہاں انھوں نے دارالحکومت باکو میں منعقدہ ایک اہم بین الاقوامی گول میز اجلاس سے خطاب کیا۔ یہ دورہ ترک دنیا کی آئینی عدالتوں کی تنظیم کی خصوصی دعوت پر ہو رہا ہے، جس نے جولائی 2026ء میں وفاقی آئینی عدالت پاکستان کو مبصر کا درجہ دیا تھا۔ باکو میں منعقدہ اس عالمی اجلاس کا موضوع آئینی عدالتوں کی کارکردگی میں مصنوعی ذہانت کا کردار تھا،

### بقیہ سحر 21

چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر سے ایکسپریس نیوز نے ٹیلی فونک رابطہ کیا جس میں بیرسٹر گوہر نے بتایا کہ پارٹی اراکین کو ایک دوسرے کے خلاف بیان بازی سے روک دیا ہے، میری علی امین، شیخ وقاص اکرم، علی اصغر خان، سلمان اکرم راجہ سے بات ہوئی ہے، پوری پارٹی متحد ہے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ ہمارے ایم پی ایز متحد ہیں، انہوں نے بھی پارٹی پالیسی کی خلاف ورزی نہیں کی اور نہ کریں گے، مجھے ان پر فخر ہے، بانی چیئرمین کو ان پر فخر ہے۔ بیرسٹر گوہر نے مزید کہا کہ ہمارے وزیراعلیٰ سہیل آفریدی تھے، ہیں اور رہیں گے

### بقیہ سحر 22

کے مطابق آئی ایم ایف نے الیکٹرک گاڑیوں پر 18 فیصد سیلز ٹیکس عائد کرنے کا مطالبہ کیا ہے، تاہم متبادل ذرائع سے ٹیکس کی ممکنہ کمی پوری کرنے کی تجاویز بھی زیر غور ہیں۔ مجوزہ آٹو پالیسی میں 75 ہزار ڈالر سے زائد مالیت کی الیکٹرک گاڑیوں پر 10 فیصد فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی عائد کرنے کی تجویز دی گئی ہے، اس اقدام سے 75 ہزار ڈالر سے کم مالیت کی الیکٹرک گاڑیوں پر سیلز ٹیکس کی شرح ایک فیصد رکھنے میں مدد مل سکتی ہے۔ اس کے علاوہ دو کروڑ روپے سے زائد مالیت کی گاڑیوں پر اضافی فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی عائد کرنے کے معاملے پر بھی آئی ایم ایف سے مشاورت کی جائے گی۔ مجوزہ پالیسی میں مقامی طور پر تیار ہونے والی اور درآمد کی جانے والی ایک ہزار سی سی سے زائد انجن کی گاڑیوں پر آٹو موٹیو ڈویلپمنٹ لیوی عائد کرنے کی تجویز بھی شامل ہے۔ ذرائع کے مطابق مقامی طور پر تیار ہونے والی ایک ہزار سی سی سے زائد گاڑیوں پر 2 فیصد جبکہ 2001 سی سی یا اس سے زیادہ انجن کی حامل گاڑیوں پر 10 فیصد لیوی عائد کرنے کی تجویز زیر غور ہے

### بقیہ سحر 23

لاہور ہائیکورٹ نے ماتحت عدالتوں کے 26 فروری اور 24 مارچ 2025ء کے احکامات بھی کالعدم قرار دے دیے۔ پراپرٹی ٹیکس ریکارڈ میں شناختی کارڈ نمبر کی غلطی درست ہونے پر شہری کے خلاف فوجداری کارروائی شروع کر دی گئی تھی۔ جسٹس غلام سرور نہنگ نے فیصلے میں کہا کہ محض الزام ثابت نہ ہونے پر شہری کو جھوٹی اطلاع دینے کا مرتکب قرار نہیں دیا جا سکتا، اطلاع جھوٹی ہونے کا علم اور بدنیتی ثابت کرنا ضروری ہے۔

### بقیہ سحر 24

پر ذیلی کمیٹی تشکیل دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے قواعد وضوابط اور استحقاقات کا اجلاس مختلف تحریکات استحقاق پر غور کرنے کے لیے منعقد ہوا، جن میں سینیٹر بشریٰ انجم بٹ کی تحریک استحقاق سے متعلق معاملہ اور پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف فیشن اینڈ ڈیزائن کے وائس چانسلر کی جانب سے سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت کی ہدایات پر مبینہ عدم عمل درآمد کا معاملہ شامل تھا۔ اجلاس میں سینیٹرز جان محمد، دوست علی جیسر، سعدیہ عباسی، پلوشہ محمد زئی خان، اور موور سینیٹر بشریٰ انجم بٹ اور سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری اور متعلقہ وزارتوں اور محکموں کے سینئر حکام نے شرکت کی۔ کمیٹی نے متعلقہ وزیر تعلیم اور سیکرٹری تعلیم کی اجلاس میں عدم شرکت پر برہمی کا اظہار کیا۔

### بقیہ سحر 25

نقوی کا کہنا تھا کہ اسلام آباد میں ٹریفک کی روانی بہتر بنانے، پارکس کی تزئین و آرائش اور سیف سٹی کا دائرہ کار بڑھانے کے لیے اقدامات جاری ہیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ کشمیر چوک انڈر پاس کم ترین مدت میں تعمیر ہونے والا منصوبہ ہوگا، جسے جلد ٹریفک کے لیے کھول دیا جائے گا، منصوبے کے دوران آنے والے تمام درختوں کو دوسری جگہ منتقل کیا گیا ہے، جبکہ اسلام آباد میں ٹریفک کی روانی بہتر بنانے کے لیے بھی مختلف اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

### بقیہ سحر 26

چیف کمشنر اسلام آباد، مسٹر سہیل اشرف سے سی ڈی اے ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں ملاقات کی جس میں دوران باہمی دلچسپی کے امور، تعاون کے مختلف امکانات اور دوطرفہ روابط کو مزید مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف نے اسلام آباد کی بطور دارالحکومت پاکستان اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے شہر کو ایک جدید، خوبصورت، کھیلوں کے فروغ کا مرکز، سیاح دوست اور ماحول دوست دارالحکومت بنانے کے وژن پر روشنی ڈالی۔

### بقیہ سحر 27

کے والد رانا اعجاز سے ملاقات کی۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے جعلسازی کی جانب سے لوٹی گئی رقم لائبہ کے والد کے حوالے کی، اس موقع پر آئی جی اسلام آباد بھی وزیر کے ہمراہ موجود تھے۔ ذرائع نے بتایا کہ وزیر داخلہ محسن نقوی نے لائبہ کے والد کو 50 لاکھ سے زائد کی رقم دے دی، وزیر داخلہ نے لائبہ سے لوٹی گئی باقی رقم کی واپسی کی بھی یقین دہانی کروائی ہے۔ دریں اثنا گولڈ میڈلسٹ طالبہ لائبہ اعجاز خودکشی کے معاملے میں آئی جی اسلام آباد سہیل چوہدری لائبہ اعجاز کے گھر پہنچ گئے، آئی جی اسلام آباد نے لائبہ اعجاز کے لواحقین سے اظہار تعزیت کیا۔

### بقیہ سحر 28

سماعت کا تحریری حکم نامہ جاری کر دیا۔ عدالت نے ایڈووکیٹ جنرل خیبر پختونخوا اور اٹارنی جنرل کو نوٹس جاری کرتے ہوئے فریقین کو 14 روز میں جواب جمع کرانے کی ہدایت کر دی۔ درخواست گزاروں کے مطابق صوبائی اسمبلی کی منظوری کے بغیر ایمرجنسی نافذ کی گئی، جبکہ صدر کے پاس ایمرجنسی کے نفاذ کے لیے ٹھوس شواہد موجود نہیں تھے۔ درخواست گزاروں نے مؤقف اختیار کیا ہے کہ صوبے میں آئین کے آرٹیکل 245 کے تحت فوج طلب کی گئی، حالانکہ فوج کو سول انتظامیہ کی معاونت کے لیے بلایا جاتا ہے۔ سماعت کے دوران اسسٹنٹ اٹارنی جنرل نے درخواستوں کے قابل سماعت ہونے پر اعتراض اٹھایا۔ عدالت نے درخواستوں پر مزید سماعت 10 نومبر تک ملتوی کر دی۔

### بقیہ سحر 29

زیادتی کرنے والے سفاک ملزم افتخار کو جرم ثابت ہونے پر سزائے موت کا فیصلہ سنا دیا ہے۔ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج محمد سہیل نے محفوظ فیصلہ سناتے ہوئے مجرم افتخار کو پھانسی کی سزا سنائی اور ساتھ ہی 5 لاکھ روپے جرمانہ ادا کرنے کا حکم بھی جاری کیا۔ عدالت نے 10 لاکھ روپے کی رقم متاثرہ لڑکی کو ادا کرنے کا بھی حکم دیا ہے۔ عدالتی فیصلے کے مطابق عدالت نے زیادتی کے نتیجے میں پیدا ہونے والے بچے کی کفالت کے لیے مجرم کو 20 لاکھ روپے ادا کرنے کا حکم دیا ہے، فیصلہ میں بتایا گیا کہ مجرم اپنی سوتیلی بیٹی سے والدہ کی عدم موجودگی میں ایک سال تک مسلسل زیادتی کرتا رہا۔ عدالتی فیصلے میں واضح کیا گیا کہ پنجاب فورنزک سائنس ایجنسی کے ڈی این اے ٹیسٹ سے اہم شواہد ملے اور پیدا ہونے والے بچے کا ڈی این اے مجرم سے میچ کر گیا تھا۔

### بقیہ سحر 30

قیادت نے انہیں سہیل آفریدی کی حکومت کی بحالی اور گورنر راج کے خاتمے کے لیے مذاکرات کے تمام ممکنہ راستے اختیار کرنے کا اختیار دے دیا ہے۔ پاکستان تحریک انصاف خیبر پختونخوا کی پارلیمانی پارٹی کا اہم آن لائن اجلاس 20 اکتوبر کی رات 10 بجے شروع ہوا جو 21 اکتوبر تک جاری رہا۔

### بقیہ سحر 31

اکاؤنٹ اور شہداء فیملی ویلفیئر اکاؤنٹ کا شرح منافع 12.72 فیصد سے بڑھا کر 12.96 فیصد کر دیا گیا ہے

### بقیہ سحر 32

جانے والے یوم سیاہ کی تیاریوں کو حتمی شکل دی گئی۔ یہاں جاری بیان کے مطابق اجلاس میں وزیر اعظم کے کوآرڈینیٹر برائے کشمیر امور شبیر احمد عثمانی، سیکرٹری کشمیر امور گلگت بلتستان سید ظفر علی شاہ، ایڈیشنل سیکرٹری کشمیر امور گلگت بلتستان کامران رحمان خان، جوائنٹ سیکرٹری کشمیر امور منور حسین، جوائنٹ سیکرٹری آزاد جموں و کشمیر کونسل علی اکبر خٹک اور کل جماعتی حریت کانفرنس کے رہنما ایڈووکیٹ پرویز نے شرکت کی

### بقیہ سحر 33

کے لیے پالیسی افسر مسٹر کونراڈ ڈووڈا اور پاکستان میں یورپی یونین کے وفد کے شعبہ سیاسی، تجارت و ابلاغ کے سربراہ مسٹر پیوٹر سوسٹرا نے وزارتِ قانون وانصاف میں خیرسگالی ملاقات کی

### بقیہ سحر 34

کیلئے حکومتی عزم کا اعادہ کیا گیا۔ بدھ کو ہونے والے اجلاس میں وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انوار چوہدری نے اجلاس میں آن لائن شرکت کی جبکہ وزیر مملکت برائے خزانہ و محصولات بلال اظہر کیانی، وزیراعظم کے تجارت وصنعت سے متعلق رابطہ کار رانا احسان افضل خان، متعلقہ وزارتوں کے سیکرٹریز اور مختلف محکموں کے سینئر حکام بھی شریک ہوئے۔ کاروباری برادری کے متعدد نمائندوں نے اپنی آراء اور تجاویز پیش کیں

### بقیہ سحر 35

جغرافیائی نقطہ نظر سے امریکا کیلئے پاکستان کے ساتھ تعلقات قائم رکھنا ضروری ہے۔ امریکی وزیر خارجہ کا کہنا تھا کہ جیسے بھارتی حکومت کو ایران سے تعلقات رکھنے کی ضرورت ہے اور بھارتی حکومت ایرانی رہنماؤں سے ملاقات کرتی ہے، اسی طرح امریکا کو پاکستان سے تعلقات کی ضرورت ہے۔ مارکو روبیو نے مزید کہا کہ پاکستان کے ساتھ تعلقات میں ہم ان سے بات چیت کریں تو شاید اس سے ہمیں مدد ملے، ممکن ہے کہ ان تعلقات کے ذریعے ہم بھارت کو لاحق خدشات دور کرنے میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔

### بقیہ سحر 36

اسپکشن کی گئی، اس دوران 7 بھٹے مسمار اور 4 سیل کیے گئے۔ ماحولیاتی قوانین کی خلاف ورزی پر بھٹوں کو 19 لاکھ 50 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا جبکہ ایک بھٹے کے خلاف ایف آئی آر بھی درج کرائی گئی۔ غیر معیاری پلاسٹک کے خلاف کارروائیوں کے دوران 227 مقامات کی چیکنگ کی گئی، 9 مقامات سیل اور 840 کلوگرام غیر معیاری پلاسٹک ضبط کیا گیا

### بقیہ سحر 37

گاڑی تلے روند کر یتیم نوجوان وسیم عباس کو قتل کیے جانے کے واقعہ کے بعد تحقیقات کا دائرہ وسیع کر دیا گیا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ یتیم خانے کی تمام انتظامیہ کو شامل تفتیش کر لیا گیا ہے جبکہ یتیم خانے کے ذمہ داران کو ریکارڈ سمیت ریجنل پولیس آفس (آر پی او) ملتان طلب کر لیا گیا ہے۔

### بقیہ سحر 38

سعودی سفیر ڈاکٹر راجح تامی البقامی نے ملاقات کی۔ گورنر پنجاب نے نئے تعینات ہونے والے سعودی سفیر ڈاکٹر راجح تامی البقامی کو خوش آمدید کہا اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور سمیت پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان دوطرفہ تعلقات کو مزید فروغ دینے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان مشترکہ دفاعی معاہدہ خطے میں امن کے لیے ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔

### بقیہ سحر 39

مسائل کی فوری دادرسی کو یقینی بنانے کیلئے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ کھلی کچہریوں میں شہریوں نے اپنے مسائل کے حل کے لئے اپنی شکایات پیش کیں۔ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد نے شہریوں کے مسائل سنے اور ان کے فوری حل کے لئے متعلقہ افسران کو مارک شدہ درخواستوں پر دیئے گئے وقت میں قانونی کارروائی کرکے رپورٹ پیش کرنے کے احکامات جاری کئے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد پولیس خواتین اور بچوں پر تشدد کے حوالے سے زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہے۔ شہریوں کو ہر ممکن ریلیف مہیا کرنا اولین ترجیح ہے۔ قانون کی بالادستی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہر شہری کو مساوی حقوق حاصل ہیں۔ تمام درخواستوں پر میرٹ پر فیصلے کیے جائیں گے۔ شہریوں کی جان، مال اور عزت نفس کا تحفظ مقدم ہے۔

### بقیہ سحر 40

پی کلو تک پہنچ گئی، اوگرا اربوں روپے کی لوٹ مار پر خاموش تماشائی بنا ہوا ہے۔

### بقیہ سحر 41

بانڈز سے حاصل ہونے والی رقم بجٹ سپورٹ کے لیے استعمال کی جا سکے گی، جبکہ اس کی ایگزیکیوٹنگ ایجنسی وزارت خزانہ ہے۔

### بقیہ سحر 42

انٹرویو دیتے ہوئے ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی کا کہنا تھا کہ آبنائے ہرمز کوئی بین الاقوامی آبی گزرگاہ نہیں، بلکہ یہ ایران اور عمان کی علاقائی سمندری حدود میں واقع ہے۔

### بقیہ سحر 43

صحت کے مطابق رواں ماہ کوہاٹ میں ڈینگی کے 975 کیسز رپورٹ ہوئے، جن میں 80 ایکٹو کیسز ہیں، جبکہ پشاور میں اکتوبر کے دوران 209 افراد میں ڈینگی کی تصدیق ہوئی۔ محکمہ صحت کے اعداد و شمار کے مطابق رواں ماہ بنوں میں 81، چارسدہ میں 37، ہری پور میں 34، ایبٹ آباد میں 21 جبکہ ہنگو اور نوشہرہ میں 20،20 کیسز رپورٹ ہوئے۔ محکمہ صحت کا کہنا ہے کہ خیبر پختونخوا میں رواں ماہ اب تک ڈینگی کے 1510 کیسز سامنے آ چکے ہیں، جبکہ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مزید 99 افراد میں وائرس کی تصدیق ہوئی ہے۔ رواں سال صوبے میں ڈینگی کے مصدقہ کیسز کی تعداد 4091 ہوگئی ہے۔ محکمہ صحت کے مطابق ڈیرہ اسماعیل خان میں ڈینگی سے متاثرہ ایک شخص کی موت بھی واقع ہوئی ہے۔

### بقیہ سحر 44

دیش کمار نے مذہبی تہوار کے موقع پر بہترین انتظامات کرنے پر وزیراعلیٰ بلوچستان اور صوبائی حکومت کی تعریف کی۔ درگا اشٹمی کی تقریبات کا پُرامن انعقاد پاکستان میں اقلیتوں کی مذہبی آزادی، مذہبی رواداری اور بین المذاہب ہم آہنگی کی عکاسی کرتا ہے۔

### بقیہ سحر 45

کہا کہ سہیل آفریدی کو دو تہائی اکثریت کے ساتھ آئینی اور قانونی وزیراعلیٰ ہیں۔ سہیل آفریدی بانی چیئرمین کے اعتماد کے مطابق وزیراعلیٰ ہیں۔ جو بھی وزیر اعلیٰ بنے گا، وہ بانی چیئرمین کی مرضی کے بغیر نہیں آ سکتا۔ جو بھی یہ کام کر رہا ہے وہ پارٹی کی پیٹھ میں چھرا گھونپے گا۔

### بقیہ سحر 46

میں پاکستان رینجرز (سندھ) اور ابتکار راہ روشن این جی او کے اشتراک سے مفت میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا، جہاں 721 سے زائد مقامی مریضوں کا طبی معائنہ کیا گیا۔ کیمپ میں پاکستان رینجرز (سندھ) اور این جی او کے ماہر ڈاکٹروں اور طبی عملے نے خدمات انجام دیں۔ جنرل میڈیکل، آرتھوپیڈک، گائنا کالوجی، ڈرماٹولوجی اور ڈینٹل کے ماہر ڈاکٹروں نے مقامی مریضوں کا معائنہ کیا، جبکہ انہیں مفت علاج اور ادویات بھی فراہم کی گئیں۔ میڈیکل کیمپ کے دوران مریضوں کے مختلف لیبارٹری ٹیسٹ بھی کیے گئے۔ اہل علاقہ نے دور افتادہ علاقے نگر پارکر میں مفت طبی سہولیات کی فراہمی پر پاکستان رینجرز (سندھ) اور ابتکار راہ روشن این جی او کا شکریہ ادا کیا۔

### بقیہ سحر 47

کا ہدف مقرر کیا گیا ہے اور قطر سے سستی ایل این جی درآمد کو ترجیح دی جائے گی، اسپاٹ ایل این جی خریداری میں 30 ڈالر فی ایم ایم بی ٹی یو آخری حد ہو سکتی ہے۔

### بقیہ سحر 48

ثابت ہونے کا انکشاف ہوا۔ یونیورسٹی انتظامیہ 5 ہزار 350 ملازمین میں سے 3 ہزار 400 ملازمین کی تعلیمی ڈگریاں تاحال ہائیر ایجوکیشن کمیشن سے تصدیق نہیں کرا سکی۔ پی اے سی نے جعلی ڈگری ثابت ہونے پر ڈاؤ یونیورسٹی کے 27 ملازمین سے تمام تنخواہیں وصول کرنے کا حکم دے دیا۔ جبکہ تمام سرکاری یونیورسٹیز سے اکیڈمک اسٹاف وملازمین کی ڈگریوں کی تصدیق کے متعلق رپورٹ طلب کر لی۔

### بقیہ سحر 49

پاسکو سے اب تک ایک لاکھ بوری گندم بھی نہیں خرید سکی، پچھلے کئی ماہ سے محکمہ خوراک بلوچستان اور پاسکو کے درمیان صرف بات چیت ہی چل رہی ہے۔ دوسری جانب مارکیٹ ذرائع نے بتایا کہ کوئٹہ میں 20 کلو آٹے کا تھیلا 3 ہزار 330 روپے تک پہنچ گیا ہے، خضدار، چاغی، واشک، کیچ اور دیگر اضلاع میں 50 کلو آٹے کی بوری 8 ہزار روپے سے تجاوز کر گئی۔ اس حوالے سے سیکرٹری خوراک بلوچستان نے کہا کہ پاسکو سے گندم خریدنے کیلئے بات چیت کر رہے ہیں، آٹے کی قیمت کا تعین اور ریٹ پر عمل درآمد کرانا محکمہ انڈسٹریز اور ڈپٹی کمشنرز کا کام ہے۔

### بقیہ سحر 50

میں سہولت دینے اور ٹریفک کی روانی بہتر بنانے کے لیے تمام متعلقہ ادارے متحرک ہیں۔ پشاور میں تجاوزات کیخلاف جاری آپریشن کی نگرانی ضلعی انتظامیہ کے اعلیٰ افسران خود کر رہے ہیں جس کا مقصد تجاوزات کیخلاف آپریشن کا بنیادی مقصد سڑکوں کی حدود بحال کرنا اور غیر قانونی تعمیرات کا خاتمہ ہے۔ خیبر پختونخوا میں تجاوزات کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔

### بقیہ سحر 51

کی زیر صدارت منعقدہ تحفظ حرمین شریفین کانفرنس نے مکہ المکرمہ، مدینہ المنورہ اور دونوں مقدس مساجد کے تقدس کے تحفظ کے عزم کا متفقہ طور پر اعادہ کرتے ہوئے مملکت سعودی عرب کی سلامتی، خودمختاری اور استحکام کے تحفظ کے لیے مکمل یکجہتی کا اظہار کیا۔ اسلام آباد کے ایک مقامی ہوٹل میں منعقدہ کانفرنس میں مختلف مکاتب فکر کے علماء ومشائخ، سیاسی و مذہبی جماعتوں کے قائدین اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے شرکت کی۔ کانفرنس سے قمر زمان کائرہ، شمشیر خان مزاری، مولانا سید ضیا اللہ شاہ بخاری، مولانا محمد احمد لدھیانوی، مولانا اسلم صدیقی، مولانا نعمان حاشر، مولانا مفتی عمر فاروق، مولانا شبیر احمد عثمانی، مولانا مفتی عبدالرحمان مدنی، مولانا طاہر عقیل، مولانا زاہد محمود قاسمی، مولانا زاہد منصور، مولانا عبیداللہ گورمانی، مولانا حافظ مقبول احمد، مولانا عبدالہادی، مولانا آفتاب نذیر، مولانا نائب خان، مولانا شہباز احمد نعمانی، مولانا شہباز احمد، مولانا سلطان محمود ضیا، قاری عبدالحکیم اطہر، مولانا اشفاق پتافی اور مولانا ذوالفقار احمد، مختلف اسلامی ممالک کے سفرا اور سفارتی نمائندگان نے خطاب کیا۔ مشترکہ اعلامیہ میں کہا کہ حرمین شریفین کا تحفظ، سعودی عرب کی سلامتی، امت مسلمہ کا اتحاد اور مظلوم انسانیت کا تحفظ مشترکہ دینی، قومی و انسانی ذمہ داریاں ہیں۔ اعلامیے میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو امت مسلمہ میں امن، اتحاد اور یکجہتی کے فروغ اور عالمی امن کے لیے ان کی کوششوں پر خراج تحسین پیش کیا گیا۔ کانفرنس نے مسلم ممالک کے درمیان اتحاد کو مضبوط بنانے اور علاقائی و عالمی سطح پر امن و استحکام کے فروغ کے لیے اقدامات کی حمایت میں ان کے کردار کو سراہا۔ کانفرنس نے سعودی عرب کی سلامتی اور خودمختاری کے تحفظ، حرمین شریفین کی حفاظت اور علاقائی امن کو مضبوط بنانے کے لیے حکومتِ پاکستان کی کوششوں کی بھرپور حمایت کی۔

### بقیہ سحر 52

سے ایک ایمبولینس، روجھان ریسکیو اسٹیشن سے 3 ایمبولینسز اور ایک ریسکیو وہیکل جبکہ راجن پور سٹی سے مزید 7 ایمبولینسز اور ایک ریسکیو وہیکل جائے حادثہ پر پہنچیں، مجموعی طور پر 11 ایمبولینسز اور 2 ریسکیو وہیکلز نے ریسکیو آپریشن میں حصہ لیا۔ ریسکیو ٹیمیں موقع پر پہنچ کر امدادی سرگرمیوں میں حصہ لیا۔ ہسپتال ذرائع کے مطابق 13 زخمی مسافروں کو موقع پر ہی ابتدائی طبی امداد فراہم کی گئی، 24 شدید زخمیوں کو مزید علاج معالجہ کے لیے ڈسٹرکٹ ہسپتال راجن پور اور قریبی ہسپتالوں میں منتقل کر دیا گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز نے بس حادثے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے زخمی مسافروں کے بہترین علاج کا حکم دے دیا۔ مریم نواز نے زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کرتے ہوئے سوگوار خاندانوں سے اظہار ہمدردی و تعزیت کی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز نے حادثے کے ذمے داروں کے خلاف فوری کارروائی کی ہدایت کر دی۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز ملتان میں بھی تیز رفتار کار سڑک پر رکھے ڈیوائیڈر سے ٹکرا گئی تھی جس کے باعث 5 افراد جاں بحق ہو گئے تھے۔

### بقیہ سحر 53

بعد بھی دہلی کی تاریخی ریس کورس مسجد کو بھی 6 دن میں خالی کرنے کا نوٹس جاری کر دیا گیا۔

### بقیہ سحر 54

کرتے ہوئے تکنیکی تعاون، سرمایہ کاری اور طویل مدت کاروباری ساجھے داریوں کے فروغ پر زور دیا۔ ایونٹ میں ممتاز پاکستانی ٹیکنالوجی کمپنیوں، امریکی کاروباری شخصیات، سرمایہ کار اور پاکستانی نژاد امریکی کمیونٹی کے ارکان کی بھرپور شرکت کی۔

### بقیہ سحر 55

لنجار، وزیر برائے محنت و افرادی قوت سعید غنی اور ایڈووکیٹ جنرل سندھ جواد ڈیرو نے ملاقات کی۔ کمیٹی نے اس سے قبل اجلاس میں جوڈیشل کمیشن کی سفارشات کا تفصیلی جائزہ لیا اور پھر اس کے بعد وزیراعلیٰ سے ملاقات کی جس میں پہلے جائزہ اجلاس اور پیش رفت سے آگاہ کیا گیا۔

### بقیہ سحر 56

اطلاق 30 روز تک کیلئے خفیہ طور پر تصاویر، ویڈیو اور آواز ریکارڈ کرنے والے آلات پر ہوگا۔ خفیہ کیمروں والی عینک، پین، کی چین وغیرہ کے استعمال سمیت دکانوں اور آن لائن خرید وفروخت پر پابندی ہوگی

### بقیہ سحر 57

برداشت کریں گے، سب کچھ ٹھیک ہوگا۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ سب سے پہلے اپنے صوبے اور لوگوں کا تحفظ کریں گے، اس کے بعد ملکی اور بین الاقوامی کمپنیوں سے معاہدے کریں گے۔ گورنر خیبر پختونخوا نے کہا کہ ہمارا صوبہ تیل، گیس، معدنیات، تمباکو، بجلی اور دیگر وسائل سے مالا مال ہے، صوبے کی خوش حالی کے لیے معدنی وسائل سے فائدہ اٹھائیں گے۔ انہو

### بقیہ سحر 58

متاثر ہو گیا۔ ریلوے حکام کے مطابق مسافروں میں کمی کے باعث لاہور سے کراچی جانے والی ایک ٹرین منسوخ کر دیا گیا، لاہور سے کراچی جانے والی ٹرین پاک بزنس ایکسپریس کو منسوخ کر دیا گیا

### بقیہ سحر 59

کرنے کی منظوری دی۔ صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب سمال انڈسٹریز کارپوریشن صوبے میں کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کیلئے اپنا مؤثر اور بھرپور کردار ادا کرے۔

### بقیہ سحر 60

منصوبہ زیر غور ہے۔ عہدیداران نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ قائداعظم سولر پاور کے پاس بہاولپور میں 1300 میگاواٹ بجلی پیدا کرنے کی صلاحیت موجود ہے،

### بقیہ سحر 61

کے دوران غیر قانونی کان کنی کے ذریعے 8 ارب روپے سے زائد کی لوٹ مار کی گئی، نادہندہ ٹھیکیداروں سے 4 ارب 31 کروڑ روپے کے واجبات جان بوجھ کر وصول نہیں کئے گئے، جو اس بات کا ثبوت ہے کہ کرپشن کو سرکاری سرپرستی حاصل تھی۔

### بقیہ سحر 62

تینوں مراکز پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن کے پاس بطور سیمپل کلیکشن سینٹر رجسٹرڈ تھے۔ درخواست گزاروں کا موقف تھا کہ یہ مراکز صرف نمونے جمع کرتے ہیں، تشخیصی ٹیسٹ نہیں کرتے۔

### بقیہ سحر 63

پنجاب سمیت ملک بھر کے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرز پر احتجاجی دھرنے دیئے جائیں گے

### بقیہ سحر 64

جائے گی۔ حکام کے مطابق یہ ادویات بلڈ پریشر کم کرنے، دل کی دھڑکن برقرار رکھنے، خون کی روانی بہتر بنانے اور ذہنی تناؤ میں کمی کے لیے استعمال کی جاتی ہیں،

### بقیہ سحر 65

معلومات حاصل کیں اور متعلقہ ملک شاپ سے دودھ کے نمونے لے کر لیبارٹری بھجوا دیے ہیں، ابتدائی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ دودھ پینے کے بعد بچے کی حالت غیر ہوئی۔ حکام کے مطابق لیبارٹری ٹیسٹ اور پوسٹ مارٹم رپورٹ موصول ہونے کے بعد حتمی رپورٹ پیش کی جائے گی، فوڈ سیفٹی قوانین کی خلاف ورزی ثابت ہونے پر ذمہ داران کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی نے شہریوں کو آگاہ کیا ہے کہ وہ اپنے گھروں میں استعمال ہونے والے دودھ کی مفت جانچ پنجاب فوڈ اتھارٹی سے کروا سکتے ہیں۔

### بقیہ سحر 66

عمران شیخ، شفیق بٹ، عبدالجبار، pso شوکت، وقار وکی، محترمہ زاہدہ شفیق، میڈم فوزیہ تبسم، میڈم شمیم اختر دیگر کارکنوں نے شرکت کی۔ تقریب کے اختتام پر سرپرست اعلیٰ مسلم لیگ (ق) لاہور حافظ سید وجیہہ الحسن شاہ بخاری نے ملکی سلامتی، ترقی اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعا کروائی۔

### بقیہ سحر 67

متعلقہ افسروں نے بھی شرکت کی۔ وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے کہا کہ پی ڈی پی شہروں میں بنیادی میونسپل خدمات کی فراہمی کا بڑا منصوبہ ہے جس کے تحت اب تک 51 شہروں میں 99 زیر زمین واٹر ٹینکس کی تعمیر مکمل ہو چکی ہے جبکہ مزید 11 سٹوریج ٹینکس کی تعمیر آخری مراحل میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان ٹینکس میں 23 ملین گیلن برساتی پانی ذخیرہ کرنے کی صلاحیت ہے۔ "مریم نواز کا سوہنا پنجاب" کے تحت 98 ڈرینز بھی مکمل ہو چکی ہیں۔ ذیشان رفیق نے کہا کہ مختلف شہروں میں 1755 کلومیٹر سیوریج لائن کا کام تیزی سے جاری ہے۔ا

### بقیہ سحر 68

قبضے سے مسروقہ نقدی اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ ملزم کے خلاف مقدمات درج ہیں، جبکہ مزید تفتیش جاری ہے۔ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں چوری، ڈکیتی، راہزنی اور دیگر سنگین جرائم میں ملوث ملزمان کی گرفتاری اور جرائم کی روک تھام کے لیے کریک ڈاؤن جاری ہے۔

### بقیہ سحر 69

سلامتی کو لاحق خطرات اور سیاسی بحران کے پیش نظر ترجیحات کا تعین کرنا ہوگا، حکومتوں اور بااختیار حلقوں کو مل کر کام کرنا چاہیے تاکہ بیرونی مداخلت اور دہشتگردی کے خطرات کا مؤثر طور پر مقابلہ کیا جاسکے

### بقیہ سحر 70

مقدمات اور انکوائریوں کی تفصیلات فراہم کرنے کی درخواست پر رجسٹرار آفس کا اعتراض ختم کرتے ہوئے ڈی جی اینٹی کرپشن سمیت فریقین سے 26 اکتوبر کو جواب طلب کر لیا۔ جسٹس جواد ظفر نے نجس بی بی کی درخواست پر سماعت کی۔

### بقیہ سحر 71

بتایا کہ شہر لاہور میں 83 لاکھ سے زائد گاڑیاں، موٹر سائیکلوں کی تعداد کے تناسب میں سرفہرست ہیں، 10 لاکھ سے زائد گاڑیاں اور موٹر سائیکلیں روزانہ شہر لاہور میں ان آؤٹ ہوتی ہیں، پولیس سروسز کی فراہمی، ٹریفک ایجوکیشن اور انفورسمنٹ اولین ترجیحات ہیں، حکومت پنجاب نے محفوظ پنجاب اور محفوظ سفر کے ویژن کے تحت لاہور ٹریفک پولیس کی جدید سہولیات سے آراستہ کیا ہے، جدید ٹیکنالوجی اور سمارٹ پالیسنگ سے بہترین سروس فراہم کی جارہی ہے۔ سی ٹی او لاہور نے بتایا کہ خواتین کے محفوظ سفر اور احساس تحفظ کیلئے سکوٹی ڈرائیونگ سکولز اور کیو آر پینک بٹن سسٹم متعارف کروایا گیا ہے، حادثات کی روک تھام کے لئے دن کے اوقات میں ہر قسم کی ہیوی ٹریفک کے چلنے پر پابندی عائد ہے۔ ٹریفک قوانین پر انفورسمنٹ بڑھانے سے حادثات میں واضح کمی ہوئی، ون وے خلاف زیرو ٹورلنس پالیسی اپنانے پر 90 فیصد حادثات میں کمی آئی، ہیلمٹ مہم سے 40 فیصد ہیڈ انجری کے کیسز میں کمی ہو

### بقیہ سحر 72

کے ساتھ ساتھ ان کی عبادت گاہوں کا تحفظ بھی یقینی بنا رہی ہے۔ ترجمان لاہور پولیس نے کہا کہ رواں سال کے دوران میثاق سنٹرز کے ذریعے 19 ہزار سے زائد اقلیتی شہریوں کو مختلف قانونی خدمات فراہم کی گئی ہیں۔ ترجمان نے بتایا کہ اسی دوران میثاق سنٹرز سے 1865 اقلیتی شہریوں کو کریکٹر سرٹیفکیٹس جاری کیے گئے ہیں۔ اسی طرح 11 ہزار 204 اقلیتی شہریوں اور دیگر اضلاع سے تعلق رکھنے والے 6 ہزار 590 افراد کی پولیس ویری فکیشن بھی کامیابی کے ساتھ مکمل کی گئی ہے جبکہ میثاق سنٹرز میں 79 کریمنل رپورٹس، 73 گمشدگی رپورٹس اور 153 بے وسیلہ افراد کی رپورٹس درج کی گئی ہیں تاکہ بروقت قانونی کارروائی عمل میں لائی جاسکے۔

## صوبائی وزیر کھیل ملک فیصل ایوب کھوکھر سے سیالکوٹ چیمبر آف کامرس کے عہدیداران کی ملاقات

### ملاقات میں صدر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس خاور حسین، وائس صدر چوہدری جہانگیر اور ڈائریکٹر جنرل اسپورٹس پنجاب محمد طارق قریشی موجود تھے

لاہور (سپورٹس رپورٹر) صوبائی وزیر کھیل ملک فیصل ایوب کھوکھر سے سیالکوٹ چیمبر آف کامرس کے عہدیداران نے ملاقات کی، جس میں سیالکوٹ میں کھیلوں کے فروغ، مختلف کھیلوں کے مقابلوں کے انعقاد اور سی ایم پنجاب یوتھ گیمز میں سیالکوٹ کی بھرپور شرکت کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں صدر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس خاور حسین، وائس صدر چوہدری جہانگیر اور ڈائریکٹر جنرل اسپورٹس پنجاب محمد طارق قریشی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران سیالکوٹ چیمبر آف کامرس کے اشتراک سے شہر میں کھیلوں کے مختلف مقابلوں اور اسپورٹس ایونٹس کے انعقاد کی تجاویز پر غور کیا گیا۔ اس موقع پر اس امر پر اتفاق کیا گیا کہ نوجوانوں کو کھیلوں کے بہتر مواقع فراہم کرنے اور کھیلوں کی سرگرمیوں کو فروغ دینے کے لیے سرکاری اداروں اور کاروباری برادری کے درمیان مؤثر تعاون کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ صوبائی وزیر کھیل ملک فیصل ایوب کھوکھر نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں سی ایم پنجاب یوتھ گیمز نوجوانوں کو اپنی صلاحیتیں منوانے کے مواقع فراہم کرنے اور صوبے میں کھیلوں کے فروغ کے حوالے سے ایک تاریخی اقدام ثابت ہوں گی۔ ان گیمز کے ذریعے نوجوانوں کو کھیلوں کی سرگرمیوں میں حصہ لینے، اپنی صلاحیتوں کو نکھارنے اور آگے بڑھنے کے مواقع میسر آئیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری خواہش ہے کہ سیالکوٹ بھی سی ایم پنجاب یوتھ گیمز میں بھرپور حصہ لے اور یہاں کے نوجوان کھلاڑی اپنی صلاحیتوں کا بھرپور مظاہرہ کریں۔ سیالکوٹ کی کاروباری برادری اور چیمبر آف کامرس کے تعاون سے شہر میں کھیلوں کی سرگرمیوں کو مزید وسعت دی جا سکتی ہے۔ ملک فیصل ایوب کھوکھر نے یقین دلایا کہ پنجاب اسپورٹس بورڈ سیالکوٹ میں کھیلوں کے مقابلوں کے انعقاد اور کھیلوں کے فروغ کے لیے چیمبر آف کامرس کے ساتھ مکمل تعاون کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب نوجوانوں کو کھیلوں کے میدان میں آگے بڑھنے کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنے اور کھیلوں کی سہولیات کو بہتر بنانے کے لیے پُرعزم ہے۔ ملاقات کے دوران سیالکوٹ چیمبر آف کامرس کے عہدیداران نے صوبائی وزیر کھیل کو سیالکوٹ کے دورے کی دعوت دی، جس پر ملک فیصل ایوب کھوکھر نے جلد شہر کا دورہ کرنے کی یقین دہانی کرائی۔

## (پی سی بی) کے ٹیلنٹ ہنٹ اسکول کرکٹ پروگرام کے تحت لاہور ریجن میں جاری

### محدود وقت میں 110 میچز کا منظم اور خوش اسلوبی سے انعقاد ایک اہم پیش رفت ہے، خواجہ ندیم احمد

لاہور (سپورٹس رپورٹر) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے ٹیلنٹ ہنٹ اسکول کرکٹ پروگرام کے تحت لاہور ریجن میں جاری مقابلے تین روزہ وقفے کے بعد 22 اکتوبر سے دوبارہ شروع ہوں گے۔ لاہور ریجن میں 19 سے 21 اکتوبر تک جاری رہنے والے ایج گروپ ٹرائلز کے باعث اسکول کرکٹ ٹورنامنٹ کے میچز عارضی طور پر ملتوی کیے گئے تھے، کیونکہ اسکولوں اور کلبوں سے تعلق رکھنے والے بڑی تعداد میں کھلاڑی ان ٹرائلز میں شرکت کے باعث مصروف تھے۔ صدر لاہور ریجن کرکٹ ایسوسی ایشن خواجہ ندیم احمد کے مطابق اب تک لاہور ریجن میں اسکول کرکٹ ٹورنامنٹ کے 110 لیگ میچز کامیابی سے مکمل ہو چکے ہیں، جبکہ ایونٹ کے تحت مجموعی طور پر 138 لیگ میچز کھیلے جانے ہیں۔ لیگ مرحلے کی تکمیل کے بعد 22 گروپس کی ٹاپ ٹیمیں ناک آؤٹ مرحلے میں جگہ بنائیں گی، جہاں ٹیموں کے درمیان اگلے مرحلے تک رسائی کیلئے سنسنی خیز مقابلے متوقع ہیں۔ خواجہ ندیم احمد نے اب تک ٹورنامنٹ میں ہونے والی پیش رفت، کھلاڑیوں کی کارکردگی اور انتظامی امور پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ محدود وقت میں 110 میچز کا منظم اور خوش اسلوبی سے انعقاد ایک اہم پیش رفت ہے۔ اسکول کرکٹ نوجوان کھلاڑیوں کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار، مسابقتی کرکٹ کا تجربہ حاصل کرنے اور مستقبل میں اعلیٰ سطح پر نمائندگی کے مواقع فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ صدر لاہور ریجن کرکٹ ایسوسی ایشن نے ٹورنامنٹ کے کامیاب انعقاد میں تعاون کرنے والی گراؤنڈ اتھارٹیز کا خصوصی شکریہ ادا کیا۔

## پاکستان مینز کرکٹ ٹیم راولپنڈی سے لاہور پہنچ گئی

### قومی کرکٹ ٹیم ایک روز مکمل آرام کے بعد کل پریکٹس سیشن ہوگا

لاہور (سپورٹس رپورٹر) پاکستان مینز کرکٹ ٹیم راولپنڈی سے لاہور پہنچ گئی۔ قومی کرکٹ ٹیم ایک روز مکمل آرام کے بعد کل پریکٹس سیشن ہوگا۔ پاکستان نے راولپنڈی میں کھیلے گئے تین ملکی سیریز کے دونوں میچز جیت لیے۔ پاکستان نے تین ملکی سیریز کے پہلے میچ میں سری لنکا کو 37 رنز سے شکست دی۔ قومی ٹیم نے دوسرے ون ڈے انٹرنیشنل میچ میں انگلینڈ کو 87 رنز سے شکست دی۔ تین ملکی سیریز کا تیسرا میچ جمعرات کو انگلینڈ اور سری لنکا کے درمیان راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ پاکستان تین ملکی سیریز کے چوتھے میچ میں انگلینڈ کا سامنا کرے گا۔ پاکستان اور انگلینڈ کے درمیان ون ڈے انٹرنیشنل میچ اتوار 25 اکتوبر کو قذافی سٹیڈیم میں کھیلا جائے گا

## سابق قومی فاسٹ باؤلر محمد خلیل کی جارحانہ باؤلنگ کے باعث پاکستان اوور 40 کرکٹ ٹیم نے ورلڈ کپ میں بھارتی غرور خاک میں ملا دیا

لاہور (سپورٹس رپورٹر) سابق قومی فاسٹ باؤلر محمد خلیل کی جارحانہ باؤلنگ کے باعث پاکستان اوور 40 کرکٹ ٹیم نے ورلڈ کپ میں بھارتی غرور خاک میں ملا دیا۔ پاکستانی شاہینوں نے بھارتی سورماؤں کو براعظم امریکہ گیانا میں کھیلے جانے والے میچ میں روایتی حریف کو سات وکٹوں سے ہرایا۔ تفصیلات کے مطابق گیانا میں جاری ایونٹ میں اپنے دوسرے میچ میں بھارت نے پہلے کھیلتے ہوئے تمام وکٹوں کے نقصان پر 143 رنز بنائے۔ جواب میں پاکستان نے صرف تین وکٹوں پر ہدف حاصل کر کے میچ سات وکٹوں سے جیت لیا۔ پاکستان کی جانب سے بیٹنگ میں عدنان اکمل اور شہریار غنی نے 63،63 نمایاں رنز بنائے۔ پاکستان کی جانب سے باؤلنگ میں محمد خلیل نے تین، میاں عرفان اور فہد جبار نے دو 2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ اس سے قبل پہلے میچ میں بھی ورلڈ کپ 2026 میں اپنی مہم کا شاندار آغاز کرتے ہوئے ریسٹ آف دی کیریبین کو شکست دی تھی جبکہ روایتی حریف بھارت کے خلاف کامیابی کے بعد مسلسل دو فتوحات حاصل کر لی ہیں۔ پاکستان نے اینمور کمیونٹی سینٹر گراؤنڈ میں ریسٹ آف دی کیریبین کو بھی 9 وکٹوں سے ہرایا تھا گیانا نیشنل اسٹیڈیم، پروویڈنس میں اپنے دوسرے لیگ میچ میں روایتی حریف بھارت کے خلاف بھی جیت کا تسلسل برقرار رکھتے ہوئے آل راؤنڈ کارکردگی کا شاندار مظاہرہ کیا۔ پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے بھارتی ٹیم 34.3 اوورز میں 143 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ پاکستان کے باؤلرز نے نظم وضبط اور مؤثر حکمت عملی کے ساتھ باؤلنگ کرتے ہوئے بھارتی بلے بازوں کو بڑا اسکور کرنے سے روک دیا۔ محمد خلیل نے 7.1 اوورز میں 3 وکٹیں حاصل کر کے باؤلنگ اٹیک کی قیادت کی اور انڈین بلے بازوں کو کھل کر کھیلنے نہ دیا، جبکہ میاں عرفان اور فہد جبار نے 2، 2 وکٹیں حاصل کر کے ان کا بھرپور ساتھ دیا۔ 144 رنز کے ہدف کے تعاقب میں پاکستان کو ابتدا میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑا اور صرف 19 رنز پر اس کے 3 کھلاڑی آؤٹ ہو گئے۔ تاہم، اس نازک موقع پر شہریار غنی اور عدنان اکمل نے شاندار بلے بازی کا مظاہرہ کرتے ہوئے محض 119 گیندوں پر 125 رنز کی فیصلہ کن شراکت قائم کی اور میچ کا پانسہ پاکستان کے حق میں پلٹ دیا۔ دونوں بلے بازوں نے دباؤ کے باوجود غیر معمولی اعتماد، عزم اور مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے 63، تریسٹھ رنز کی عمدہ اننگز کھیلیں۔ ان کی میچ وننگ شراکت کی بدولت پاکستان نے 26.2 اوورز میں 3 وکٹوں کے نقصان پر 144 رنز بنا کر ہدف حاصل کر لیا اور ایک اور شاندار فتح اپنے نام کر لی۔ شہریار غنی کو مین آف دی میچ قرار دیا گیا محمد خلیل نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان روایتی کرکٹ رقابت کے تناظر میں یہ فتح خصوصی اہمیت کی حامل تھی۔ اس کامیابی کے ساتھ پاکستان نے ٹورنامنٹ میں مسلسل دوسری فتح حاصل کر لی۔ اپنے ابتدائی دونوں لیگ میچز جیت کر پاکستان نے آئی ایم سی اوور 40 ورلڈ کپ 2026 میں اپنی مضبوط موجودگی کا بھرپور اظہار کیا ہے۔ دونوں میچوں میں ٹیم کی کارکردگی نے اس کی متوازن صلاحیتوں کو نمایاں کیا، جس میں منظم باؤلنگ، مؤثر بیٹنگ اور اجتماعی عزم شامل ہیں۔ باؤلرز اور بلے بازوں کی مشترکہ کاوشیں ٹیم کے تجربے، گہرائی اور عالمی چیمپئن شپ کا اعزاز حاصل کرنے کے عزم کی عکاسی کرتی ہیں۔ پاکستان ویٹرنز کرکٹ ایسوسی ایشن (PVCA) نے ٹیم کی ان شاندار کامیابیوں پر تمام کھلاڑیوں کو مبارکباد پیش کی ہے اور ایونٹ کے بقیہ لیگ میچز کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے۔ اب ٹیم کی کوشش ہوگی کہ وہ اپنی فتوحات کا تسلسل برقرار رکھتے ہوئے چیمپئن شپ کے ناک آؤٹ مرحلے میں جگہ بنانے کے لیے اپنی پوزیشن مزید مستحکم کرے۔ انڈیا پاکستان کا میچ کسی بھی فارمیٹ میں ہو ہمیشہ دلچسپ ہوتا ہے۔ اوور 40 ٹیم نے ثابت کیا ہے کہ پاکستان کی کرکٹ 10 سال پہلے انڈیا سے بہت بہتر تھی لیکن موجودہ سلیکشن کے معیار کی وجہ سے پاکستان کی قومی ٹیم انڈیا سے نہ جیت سکی۔ پاکستان اپنا تیسرا لیگ میچ آج ایورسٹ کرکٹ کلب میں انگلینڈ کے خلاف کھیلے گا۔ آئی ایم سی اوور 40 ورلڈ کپ 2026 گیانا میں 17 سے 31 اکتوبر تک جاری عالمی کپ جس میں مختلف ممالک کی ٹیمیں چیمپئن شپ کا اعزاز حاصل کرنے کے لیے 45 اوورز پر مشتمل میچز میں حصہ لے رہی ہیں۔ اسکو جیتنے کی پوری صلاحیت موجود ہے۔۔۔

صوبائی وزیر کھیل ملک فیصل ایوب کھوکھر کا سیالکوٹ چیمبر کے عہدیداران اور دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو

## 19ویں چیف آف دی نیول اسٹاف امیچور گالف کپ 2026 کا اسلام آباد میں آغاز

### پیٹرن پاکستان نیوی گالف ریئر ایڈمرل احمد حسین نے ایونٹ کی نمایاں خصوصیات پر روشنی ڈالی

اسلام آباد (سپورٹس ڈیسک) 19 ویں چیف آف دی نیول اسٹاف امیچور گالف کپ 2026 کا اسلام آباد میں آغاز ہو گیا۔ بدھ کو 19 ویں چیف آف دی نیول اسٹاف امیچور گالف کپ 2026 کی میڈیا بریف اور افتتاحی تقریب مارگلہ گرینز گالف کلب اسلام آباد میں منعقد ہوئی۔ اس تقریب کے ساتھ ہی قومی گالف کیلنڈر کے ایک اہم اور ممتاز ایونٹ کا باضابطہ آغاز ہو گیا۔ میڈیا بریفنگ کے دوران پیٹرن پاکستان نیوی گالف (نارتھ) ریئر ایڈمرل احمد حسین نے ایونٹ کی نمایاں خصوصیات پر روشنی ڈالی اور مختلف کیٹیگریز میں مقابلوں کے طریقہ کار اور شرکاء کو تفصیلات سے آگاہ کیا۔ یہ ایونٹ 22 سے 25 اکتوبر 2026 تک منعقد ہوگا جس میں مردوں کے امیچرز (54 ہولز)، خواتین کے امیچرز (36 ہولز)، سینئرز (36 ہولز) اور جونیئرز کیٹیگری (18 ہولز) کے مقابلے شامل ہوں گے۔ اس کے علاوہ مہمانوں اور اسپانسرز کے لیے ایک دعوتی مقابلہ بھی منعقد کیا جائے گا۔ چیف آف دی نیول اسٹاف امیچور گالف کپ 2007 سے قومی گولف سرکٹ میں ایک نمایاں ایونٹ کی حیثیت اختیار کر چکا ہے۔ یہ ایونٹ صحت مند مقابلوں کو فروغ دینے کا ایک پلیٹ فارم مہیا کرتا ہے۔

لاہور: گورنر پنجاب سلیم حیدر خان کے ساتھ ندیم پہلوان، امریکہ سے آئے ان کے دوست میاں رضوان کا گروپ فوٹو

## آلودگی پر قابو پانے کے لیے پنجاب میں اینٹی سموگ گن ٹیکنالوجی کا دائرہ کار مزید وسیع

**گوجرانوالہ میں بھی اینٹی اسموگ گنز کا باقاعدہ آپریشن شروع، شیخوپورہ، فیصل آباد اور ملتان میں بھی شروع کیا جائے گا، صوبے میں 270 صنعتی یونٹس اور 443 بھٹوں کی انسپکشن،**

**خلاف ورزیوں پر لاکھوں روپے جرمانے، متعدد یونٹس اور مقامات سیل، اینٹوں کے 443 بھٹوں کی بھی انسپکشن کی گئی، اس دوران 7 بھٹے مسمار اور 4 سیل کیے گئے**

لاہور (کورٹ رپورٹر) پنجاب میں اسموگ کے تدارک کے لیے اینٹی اسموگ گن ٹیکنالوجی کا دائرہ کار مزید وسیع کر دیا گیا۔ لاہور کے بعد گوجرانوالہ میں بھی اینٹی اسموگ گنز کا باقاعدہ آپریشن شروع کر دیا گیا جبکہ شیخوپورہ، فیصل آباد اور ملتان میں بھی یہ آپریشن شروع کیا جائے گا۔ ڈی جی ماحولیات عبداللہ نیئر شیخ کی نگرانی میں صوبے بھر میں آلودگی پھیلانے والوں کے خلاف فیلڈ انفورسمنٹ اور کریک ڈاؤن جاری ہے۔ محکمہ ماحولیات پنجاب کے مطابق صوبے بھر میں 270 صنعتی یونٹس کی انسپکشن کی گئی، جن میں سے 7 یونٹس سیل جبکہ خلاف ورزیوں پر 16 لاکھ روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔ اینٹوں کے 443 بھٹوں کی بھی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36)

لاہور: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن بیرون ملک پاکستانیوں کے منصورہ میں منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے

### خیبر پختونخوا میں امتحانی مراکز کی نگرانی کے لیے مانیٹرنگ سکواڈز تشکیل

**مانیٹرنگ سکواڈز امتحانی پرچوں کے آغاز سے قبل اچانک دورے کریں گے، امتحان کے اختتام تک متعلقہ مراکز میں موجود رہیں گے**

**ہدایت کے مطابق سکواڈ کا کوئی بھی رکن ایسے امتحانی مرکز یا ہال کا دورہ نہیں کرے گا**

پشاور (بیورو رپورٹ) محکمہ ابتدائی وثانوی تعلیم خیبر پختونخوا نے امتحانی عمل کی مؤثر نگرانی اور امتحانی مراکز میں بے ضابطگیوں کی روک تھام کے لیے مانیٹرنگ سکواڈز تشکیل دے دیے ہیں۔ محکمہ تعلیم کی جانب سے جاری ہدایات کے مطابق مانیٹرنگ سکواڈز امتحانی پرچوں کے آغاز سے قبل اچانک دورے کریں گے اور امتحان کے اختتام تک متعلقہ مراکز میں موجود رہیں گے۔ سکواڈز کی ذمہ داری ہوگی کہ وہ امتحانی مراکز میں بے ضابطگیوں کی نشاندہی کریں اور ان کی روک تھام کے لیے اصلاحی اقدامات تجویز کریں۔ محکمہ ابتدائی وثانوی تعلیم اور متعلقہ تعلیمی بورڈز کے چیئرمینز کو امتحانی مراکز کی نگرانی سے متعلق روزانہ کی بنیاد پر رپورٹس فراہم کی جائیں گی تاکہ امتحانی عمل کی صورتحال کا جائزہ لیا جاسکے۔

### سردیوں میں ایل این جی کے 18 کارگوز خریدنے کا ہدف مقرر، سردیوں میں صرف پنجاب کی گیس ضرورت ایک ارب مکعب تک پہنچنے کا خدشہ ہے، ذرائع

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سردیوں میں ایل این جی کے 18 کارگوز خریدنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ ذرائع پیٹرولیم ڈویژن کے مطابق ملک بھر میں سوئی ناردرن اور سدرن کو مجموعی مقامی گیس دستیابی ایک ارب 40 کروڑ مکعب فٹ ہے جبکہ سردیوں میں صرف پنجاب کی گیس ضرورت ایک ارب مکعب تک پہنچنے کا خدشہ ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ سردیوں میں ایل این جی کے 18 کارگوز خریدنے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47)

### اسلام آباد پولیس عوام کی خدمت کے مشن پر گامزن

**ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا کا اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کے مسائل کے فوری حل کے لئے کھلی کچہری کا انعقاد**

اسلام آباد (عباس ملک سے) اسلام آباد پولیس عوام کی خدمت کے مشن پر گامزن۔ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا کا اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کے مسائل کے فوری حل کے لئے کھلی کچہری کا انعقاد۔ شہریوں کی شکایات سن کر متعلقہ افسران کو فوری حل کے احکامات جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد کیپٹن ریٹائرڈ محمد سہیل چوہدری کے خصوصی احکامات کی روشنی میں ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39)

### کراچی، 2 دن میں فی کلو ایل پی جی 150 روپے مہنگی ہوگئی

**پنجاب اور خیبر پختونخوا میں ایل پی جی 500 روپے کلو میں فروخت ہورہی ہے، عرفان کھوکھر**

کراچی (بیورو رپورٹ) کراچی میں فی کلو ایل پی جی کی قیمت 550 سے بڑھ کر 600 روپے ہو گئی۔ کراچی میں 2 دن میں فی کلو ایل پی جی 150 روپے مہنگی ہوئی ہے۔ اوگرا نے اکتوبر 2026ء میں فی کلو ایل پی جی کا بھاؤ 279.34 روپے مقرر کیا ہے۔ دوسری جانب چیئرمین ایل پی جی ڈسٹری بیوٹرز ایسوسی ایشن عرفان کھوکھر نے ایک بیان میں کہا کہ اوگرا نے اکتوبر کے لیے ایل پی جی کی قیمت 279 روپے فی کلو مقرر کی ہے۔ انہوں نے بتایا ہے کہ پنجاب اور خیبر پختون خوا میں ایل پی جی 500 روپے کلو میں فروخت ہورہی ہے۔ عرفان کھوکھر نے کہا ہے کہ پہاڑی علاقوں میں ایل پی جی 600 روپے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40)

### کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں گندم کا بحران سنگین صورتحال اختیار کر گیا

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں گندم کا بحران سنگین صورتحال اختیار کر گیا۔ ذرائع کے مطابق بلوچستان حکومت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49)

### بلوچستان، ہندو برادری کے مذہبی تہوار میں ملک بھر سے یاتریوں کی شرکت

**سینیٹر دنیش کمار کی بہترین انتظامات کرنے پر وزیر اعلیٰ بلوچستان اور صوبائی حکومت کی تعریف**

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) بلوچستان کے تاریخی مذہبی مقام ہنگلاج ماتا استھان میں نوراتری کے موقع پر درگا اشٹمی کی پُروقار تقریبات منعقد ہوئیں، جن میں ملک بھر سے ہندو یاتریوں نے شرکت کی۔ تقریبات میں سیکڑوں پیدل یاتریوں سمیت ہندو برادری کی بڑی تعداد شریک ہوئی۔ بلوچستان کی پہلی ہندو خاتون اسسٹنٹ کمشنر کشش چوہدری کو تقریبات کے لیے فوکل پرسن مقرر کیا گیا اور انہیں انتظامات کی نگرانی کی ذمہ داری سونپی گئی۔ حکومت بلوچستان کے خصوصی تعاون سے ہنگلاج ماتا استھان آنے والے ہندو یاتریوں کے لیے مختلف انتظامات کیے گئے اور سہولیات فراہم کی گئیں۔ ہندو رہنما سینیٹر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44)

### گورنر راج کے نفاذ کے بعد خیبر پختونخوا میں انتظامیہ متحرک، تجاوزات کیخلاف کارروائیاں مزید تیز

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) گورنر راج کے نفاذ کے بعد پشاور میں تجاوزات کیخلاف ضلعی انتظامیہ کی کارروائیاں مسلسل تیسرے روز بھی جاری رہیں، پشاور انتظامیہ نے رنگ روڈ، کوہاٹ روڈ، پشتہ خرہ چوک اور پی ڈی اے ٹول پلازہ پر تجاوزات کیخلاف کارروائیاں کیں جبکہ شہریوں کو آمدورفت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50)

### پی ٹی آئی اور حکومت کے مذاکرات چند دنوں میں دوبارہ شروع ہوسکتے ہیں، عامر ڈوگر

**خیبر پختونخوا میں بانی چیئرمین کی مرضی کے بغیر کوئی وزیر اعلیٰ نہیں آسکتا، چیف وہپ**

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پی ٹی آئی چیف وہپ عامر ڈوگر نے آئندہ دنوں میں مذاکرات دوبارہ شروع ہونے کا عندیہ دے دیا۔ عامر ڈوگر نے کہا کہ آئندہ کچھ دنوں میں مذاکرات دوبارہ شروع ہو سکتے ہیں۔ بانی چیئرمین کی مرضی کے بغیر وزیر اعلیٰ کی تبدیلی چاہنے والے 68 ارکان سے متعلق سلمان اکرم راجہ نے سخت مؤقف اپنایا ہے۔ عامر ڈوگر کا کہنا تھا کہ پارٹی میں اندرونی اختلافات کی خبریں بے بنیاد ہیں۔ پارلیمانی پارٹی کے اندر کوئی اختلافات نہیں۔ اپوزیشن لیڈران محمود خان اچکزئی اور علامہ راجہ ناصر عباس پر مکمل اعتماد ہے۔ ان دونوں کو بانی چیئرمین کی حمایت حاصل ہے۔ ہمارا فرض ہے ہم ان کے ساتھ چلیں۔ انہوں نے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45)

### مذہبی وسیاسی جماعتوں، مدارس عربیہ اور مساجد کی تنظیموں کا حرمین شریفین کے تحفظ کے عزم کا اعادہ، سعودی عرب کی سلامتی کی حمایت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان علماء کونسل اور انٹرنیشنل تنظیم حرمین شریفین کونسل کے مشترکہ اہتمام میں حافظ محمد طاہر محمود اشرفی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 51)

### کراچی کی ڈاؤ یونیورسٹی کے 27 ملازمین کی تعلیمی ڈگریاں جعلی نکلیں

**پی اے سی کا جعلی ڈگری ثابت ہونے پر ڈاؤ یونیورسٹی کے 27 ملازمین سے تمام تنخواہیں وصول کرنے کا حکم**

**یونیورسٹی کے ڈائریکٹر فنانس کے مطابق جعلی ڈگری ثابت ہونے والے 27 ملازمین کو ملازمت سے برطرف کر دیا گیا ہے**

کراچی (بیورو رپورٹ) کراچی کی ڈاؤ یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کے 27 ملازمین کی تعلیمی ڈگریاں جعلی ثابت ہونے کا انکشاف ہوا ہے جس کے بعد ملازمین سے تمام تنخواہیں واپس لینے کا حکم دے دیا گیا ہے۔ سندھ اسمبلی کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا اجلاس چیئرمین نثار کھوڑو کی صدارت میں ہوا، اجلاس میں ڈاؤ یونیورسٹی کی سال 2024 اور 2025 کے آڈٹ پیراز کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں کمیٹی اراکین قاسم سومرو، مخدوم فخر الزمان سمیت وی سی ڈاؤ میڈیکل یونیورسٹی نازلی حسین اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ پی اے سی اعلامیہ کے مطابق اجلاس میں ڈاؤ یونیورسٹی کے 27 ملازمین کی تعلیمی ڈگریاں جعلی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48)

لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے سعودی سفیر ملاقات کرتے ہوئے۔

### وسیم عباس ہلاکت کا معاملہ، یتیم خانے کی انتظامیہ بھی شامل تفتیش

ملتان (بیورو رپورٹ) آر پی او ملتان آفس کی جانب سے یتیم خانے کے ذمہ داران سے پوچھ گچھ شروع کر دی گئی اور ریکارڈ سمیت طلب کر لیا گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37)

### گورنر پنجاب سلیم حیدر خان سے پاکستان میں نئے تعینات سعودی سفیر ڈاکٹر راجع تامی البقامی کی ملاقات

لاہور (سٹاف رپورٹر) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے گورنر ہاؤس لاہور میں پاکستان میں نئے تعینات ہونے والے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38)

### حکومت نے رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں 1514 ارب روپے قرض لیا

**ستمبر 2025 کے مقابلے میں ستمبر 2026 کے دوران تقریبا 913 ارب روپے زیادہ قرض حاصل کیا گیا، دستاویزات**

**ستمبر کے دوران حکومت نے 3 ارب ڈالر کے بانڈز جاری کیے، دستاویزات**

**وزارت اقتصادی امور کے مطابق 3 ارب ڈالر کے بانڈز سے حاصل ہونے والی رقم بجٹ سپورٹ کے لیے استعمال کی جاسکے گی**

اسلام آباد (اے ایف بی) حکومت نے رواں مالی سال 27-2026 کی پہلی سہ ماہی، جولائی سے ستمبر کے دوران مجموعی طور پر 1514 ارب روپے قرض حاصل کیا، جبکہ صرف ستمبر 2026 میں 1037 ارب روپے قرض لیا گیا۔ وزارت اقتصادی امور کی دستاویزات کے مطابق ستمبر 2025 کے مقابلے میں ستمبر 2026 کے دوران تقریبا 913 ارب روپے زیادہ قرض حاصل کیا گیا۔ دستاویزات کے مطابق ستمبر کے دوران حکومت نے 3 ارب ڈالر کے بانڈز جاری کیے، جن میں سے 1.75 ارب ڈالر کے بانڈز پر شرح منافع 7.5 فیصد جبکہ باقی 1.25 ارب ڈالر کے بانڈز پر شرح منافع 7.9 فیصد ہے۔ ان بانڈز کی مدت 2036 میں مکمل ہوگی۔ وزارت اقتصادی امور کے مطابق 3 ارب ڈالر کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41)

## قطر اور پاکستان کے ذریعے امریکا کے ساتھ رابطے جاری ہیں، عباس عراقچی

**آبنائے ہرمز کوئی بین الاقوامی آبی گزرگاہ نہیں، بلکہ یہ ایران اور عمان کی علاقائی سمندری حدود میں واقع ہے**

**ایران اور عمان کے درمیان آبنائے ہرمز میں بحری آمد ورفت کے حوالے سے اتفاق ہو چکا ہے، آبنائے ہرمز میں راستوں کا ایک مخصوص نقشہ تیار کیا جاچکا ہے**

تہران: (فارن ڈیسک) ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ اب بھی قطر اور پاکستان کے ذریعے امریکا کے ساتھ رابطے میں ہیں۔ عراقی ٹی وی نیٹ ورک الاخباریہ کو (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42)

اسلام آباد: وزیر داخلہ محسن نقوی وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری کے ہمراہ لائبہ کے والد رانا اعجاز سے ملاقات کرتے ہوئے

### خیبر پختونخوا کے دو اضلاع ڈینگی کے حوالے سے ہائی رسک قرار

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا کے دو اضلاع پشاور و کوہاٹ کو ڈینگی کے حوالے سے ہائی رسک قرار دیدیا گیا ضلع کوہاٹ میں ڈینگی کی صورتحال وبائی شکل اختیار کر گئی ہے۔ محکمہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43)

### تھرپارکر میں رینجرز کا فری میڈیکل کیمپ، سیکڑوں مریضوں کا معائنہ اور ادویہ کی فراہمی

تھرپارکر (مانیٹرنگ ڈیسک) تھرپارکر میں رینجرز کے فری میڈیکل کیمپ میں سیکڑوں مریضوں کا معائنہ کیا گیا اور ادویات بھی مفت فراہم کی گئیں۔ تھرپارکر کے دور افتادہ علاقے نگرپارکر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46)

### 5 تاریخی مساجد کی مسماری کے بعد نئی دہلی کی تاریخی ریس کورس مسجد کو بھی خالی کرنے کا نوٹس جاری

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارت میں مودی حکومت کی جانب سے مسلم شناخت اور اسلامی تاریخی ورثے کو مٹانے کی مبینہ کوششیں جاری ہیں، پانچ تاریخی مساجد مسمار کرنے کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53)

### دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پولیس اور فورسز کو تعاون فراہم کریں گے، گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی

پشاور (بیورو رپورٹ) گورنر خیبر پختون خوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پولیس اور سیکیورٹی فورسز کو مکمل تعاون فراہم کریں گے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ ہم تنقید برائے اصلاح (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 57)

### لاہور فیصل آباد ریلوے ٹریک کی بندش، متعدد ٹرینوں کا شیڈول متاثر

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور سے فیصل آباد ریلوے ٹریک کی بندش کے باعث کراچی، لاہور، سرگودھا جانے والی ٹرینوں کا شیڈول (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 58)

### امریکی ٹیک کمپنیاں پاکستان میں سرمایہ کاری کے مواقع سے فائدہ اٹھائیں، پاکستانی سفیر

**پاک۔امریکا اقتصادی تعلقات میں جدید ٹیکنالوجی میں سرمایہ کاری، تزویراتی اہمیت کی حامل ہے**

واشنگٹن (سی ایم لنکس) سفیر پاکستان رضوان سعید شیخ نے امریکی ٹیک کمپنیوں کو پاکستان میں اشتراک عمل کے وسیع اور منافع بخش مواقع سے فائدہ اٹھانے کی دعوت دی ہے۔ سفیر پاکستان رضوان سعید شیخ نے ڈیلاس، ٹیکساس میں 'پاک۔امریکا ٹیک کنیکٹ 2026' سے خطاب (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54)

### میر رضا جوڈیشل کمیشن: وزیر اعلیٰ کی سفارشات پر من وعمل کی ہدایت

**کابینہ کی ذیلی کمیٹی برائے میر رضا کیس کے اراکین کی وزیر اعلیٰ سے ملاقات، سفارشات بھی پیش کر دیں**

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے میر رضا کیس کے جوڈیشل کمیشن کی سفارشات پر من وعن عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت دے دی۔ وزیر اعلیٰ مراد علی شاہ سے کابینہ کی ذیلی کمیٹی برائے میر رضا کیس کے اراکین وزیر بلدیات سید ناصر شاہ، وزیر داخلہ ضیا الحسن (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55)

### پنجاب، جاسوسی کیلئے استعمال ہونے والے آلات پر پابندی عائد، نوٹیفکیشن جاری

**خفیہ کیمروں والی عینک، پین، کی چین وغیرہ کے استعمال سمیت دکانوں اور آن لائن خرید وفروخت پر پابندی ہوگی**

**پابندی کا مقصد خواتین اور بچوں کی عزت اور نجی زندگی کا تحفظ یقینی بنانا ہے**

لاہور (سٹاف رپورٹر) حکومتِ پنجاب نے جاسوسی کیلئے استعمال ہونے والے آلات پر پابندی عائد کردی۔ حکومتِ پنجاب کی جانب سے جاسوسی کیلئے استعمال ہونے والے آلات پر پابندی عائد کی گئی ہے جس کا باقاعدہ نوٹیفکیشن بھی جاری کیا گیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق پابندی کا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 56)

کراچی: ایڈیشنل آئی جی کراچی آزاد خان جمالی پل تقریب سے خطاب کرتے ہوئے

## راجن پور میں تیز رفتار مسافر بس کو حادثہ، 10 افراد جاں بحق، 32 زخمی

**واقعہ راجن پور میں انڈس ہائی وے بنگلہ ہدایت کے قریب پیش آیا جہاں تیز رفتار بس ڈیوائیڈر سے ٹکرا کر الٹ گئی، ریسکیو**

**وزیر اعلیٰ مریم نواز کا بس حادثے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر افسوس کا اظہار، زخمی مسافروں کے بہترین علاج کا حکم**

راجن پور/لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) راجن پور میں صبح سویرے سویرے انڈس ہائی وے پر ستارہ پمپ نزد بنگلہ ہدایت کے قریب کراچی سے ڈی جی خان جانے والی عادل شاہ مسافر بس زیر تعمیر سڑک کے ڈیوائیڈر سے ٹکرانے کے باعث خوفناک حادثے کا شکار ہوگئی جس کے نتیجے میں 10 افراد جاں بحق اور 37 زخمی ہو گئے۔ ریسکیو 1122 حکام کے مطابق حادثے کی اطلاع ملتے ہی فوری طور پر امدادی کارروائی کا آغاز کر دیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر راجن پور عمران حسین رانجھا، اسسٹنٹ کمشنر روجھان محمد اشرف صالح اور ریسکیو کے ڈسٹرکٹ انچارج ڈاکٹر محمد اسلم بھی اطلاع ملتے ہی جائے حادثہ پر پہنچے بنگلہ ہدایت پوائنٹ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52)

### گھریلو چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث سابقہ ریکارڈ یافتہ منظم گروہ کا اہم رکن گرفتار

**گرفتار ملزم کے قبضہ سے مسروقہ نقدی اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد**

اسلام (آباد عباس ملک سے) گھریلو چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث سابقہ ریکارڈ یافتہ منظم گروہ کا اہم رکن گرفتار۔ گرفتار ملزم کے قبضہ سے مسروقہ نقدی اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس تھانہ شالیمار پولیس ٹیم نے گھریلو چوری کی متعدد وارداتوں میں سابقہ ریکارڈ منظم گروہ کے اہم رکن کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزم کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 68)

پشاور: گورنر کے پی کے فیصل کریم کنڈی اہم اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

### لاہور، غلط انجکشن لگنے سے 5 سالہ بچی موت کے منہ میں چلی گئی

**واقعے کے بعد عملہ کلینک کو تالہ لگا کر فرار ہوگیا، پولیس کی قانونی کارروائی شروع**

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور میں ایک اور زندگی اتائیت کی بھینٹ چڑھ گئی، سندر میں مبینہ طور پر غلط انجکشن لگنے سے 5 سالہ ننھی کلی ابدی نیند سوگئی۔ بتایا گیا ہے کہ سندر کی رہائشی مدیحہ کو طبیعت خراب ہونے پر قریبی کلینک لے جایا گیا جہاں اتائی ڈاکٹر کی جانب سے بچی کو انجکشن لگایا گیا۔ پولیس کے مطابق انجکشن لگتے ہی بچی کی طبیعت بگڑ گئی، بچی کو تشویشناک حالت میں سرکاری ہسپتال منتقل کیا گیا تاہم دوران علاج 5 سالہ مدیحہ جانبر نہ ہوسکی۔ مدیحہ کی لاش پوسٹ مارٹم کے لیے مردہ خانے منتقل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق اتائی کلینک کو عملہ تالہ لگا کر فرار ہوگیا، پولیس نے اتائی ڈاکٹر کے خلاف قانونی کارروائی شروع کر دی۔

### اقلیتی برادری کو درپیش مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جارہا ہے، سی سی پی او لاہور

**میثاق سنٹرز کا قیام پُرامن اور متوازن معاشرے کی تشکیل کی جانب اہم سنگِ میل ہے، بلال صدیق کمیانہ**

لاہور (کرائم رپورٹر) سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ نے کہا ہے کہ اقلیتوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جارہے ہیں۔ انہوں نے یہ بات میثاق سنٹرز کی کارکردگی کے حوالے سے جاری اپنے بیان میں کہی۔ سی سی پی او لاہور نے کہا کہ اقلیتی شہریوں کے مسائل کا فوری حل اور انہیں فوری ریلیف کی فراہمی لاہور پولیس کی اولین ذمہ داری ہے۔ سی سی پی او لاہور نے کہا کہ میثاق سنٹرز کا قیام پُرامن اور متوازن معاشرے کی تشکیل کی جانب اہم سنگِ میل ہے۔ لاہور پولیس اقلیتی شہریوں کی جان و مال (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 72)

### وزیر بلدیات ذیشان رفیق کی زیر صدارت پی ڈی پی کا جائزہ اجلاس

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق کی زیر صدارت سول سیکرٹریٹ میں ایک اجلاس کے دوران پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام (پی ڈی پی) کا جائزہ لیا گیا ہے۔ پارلیمانی سیکرٹری بلدیات خرم خان ورک، سیکرٹری لوکل گورنمنٹ زید بن مقصود، سپیشل سیکرٹری شاہد زمان لک اور دیگر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 67)

### قومی ایکشن پلان کا از سر نو جائزہ، اے پی سی کر کے تمام اسٹیک ہولڈرز کو مشترکہ حکمت عملی کا حصہ بنایا جائے، لیاقت بلوچ

لاہور (سٹاف رپورٹر) جماعت اسلامی پاکستان کے نائب امیر لیاقت بلوچ نے مطالبہ کیا ہے کہ قومی ایکشن پلان کا از سر نو جائزہ لیا جائے اور آل پارٹیز کانفرنس منعقد کر کے تمام اسٹیک ہولڈرز کو مشترکہ حکمت عملی کا حصہ بنایا جائے، قومی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 69)

### حاجی امتیاز احمد کیخلاف مقدمات کی تفصیلات طلب کرنے کی درخواست پر 26 اکتوبر کو جواب طلب

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے این اے 68 منڈی بہاؤالدین سے پاکستان تحریک انصاف کے رکن قومی اسمبلی حاجی امتیاز احمد کے خلاف اینٹی کرپشن میں درج (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 70)

### لاہور میں ون وے خلاف ورزیوں پر زیرو ٹالرنس پالیسی سے حادثات میں 90 فیصد کمی ہوئی، سی ٹی او لاہور

لاہور (کرائم رپورٹر) سندھ پولیس کے زیر تربیتی ڈی ایس پیز نے سی ٹی او آفس لاہور کا دورہ کیا جہاں چیف ٹریفک آفیسر سید عبدالرحیم شیرازی نے افسران کو بریفنگ دی۔ افسران کو سمارٹ ٹریفک مینجمنٹ سسٹم، ای چالاننگ، ڈیجیٹل چالاننگ پر بریفنگ دی گئی، افسران کو پیپرلیس لائسنسنگ سسٹم، ڈیجیٹل مانیٹرنگ وسرویلنس اور سروس انفراسٹرکچر مفصل بریفنگ دی گئی۔ سی ٹی او عبدالرحیم شیرازی نے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 71)

### وزیر صنعت وتجارت کی زیر صدارت بورڈ ممبران کا اجلاس

**معاشی سرگرمیوں کے فروغ اور برآمدات بڑھانے کیلئے رواں سال آسان قرضوں کا بڑا پروگرام شروع کیا جارہا ہے**

**محکمہ صنعت وتجارت کا یہ پروگرام صوبے میں چھوٹی اور بڑی صنعتوں کے فروغ کیلئے معاون ثابت ہوگا**

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین کی زیر صدارت پنجاب سمال انڈسٹریز کارپوریشن کے بورڈ ممبران کا 139 واں اجلاس منعقد ہوا۔ پسک ہاؤس ڈیوس روڈ پر منعقدہ اجلاس میں یک نکاتی ایجنڈے کا جائزہ لیا گیا۔ مینجنگ ڈائریکٹر پنجاب سمال انڈسٹریز کارپوریشن مبین الٰہی نے یک نکاتی ایجنڈا آئٹم بارے بریفنگ دی۔ بورڈ نے پسک ملازمین کی پنشن معاملے کے حوالے سے لاہور ہائی کورٹ کے ڈویژن بینچ کے فیصلے کے خلاف وفاقی آئینی عدالت میں اپیل دائر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 59)

### صوبائی وزیر توانائی ملک فیصل ایوب کھوکھر کی زیر صدارت اہم اجلاس

**سندر انڈسٹریل اسٹیٹ اور اورنج لائن ٹرین کے لیے بجلی کی فراہمی کے مجوزہ منصوبے پر تفصیلی غور**

**عوام اور صنعتی شعبے کو سستی، معیاری اور قابلِ اعتماد بجلی فراہم کرنا اولین ترجیح ہے، صوبائی وزیر توانائی**

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر توانائی ملک فیصل ایوب کھوکھر کی زیر صدارت توانائی کے شعبے سے متعلق ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں سندر انڈسٹریل اسٹیٹ اور اورنج لائن ٹرین کے لئے بجلی کی فراہمی کے مجوزہ منصوبے سمیت توانائی کے جدید اور مؤثر حل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں سیکرٹری توانائی محمد اجمل بھٹی اور مختلف کمپنیوں کے عہدیداران نے شرکت کی۔ اس موقع پر پی ایف اے ایس کے عہدیداران نے صوبائی وزیر توانائی کو سی ٹی بی سی ایم (Bilateral Trading Competitive Market Contract) پراجیکٹ کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی اور مجوزہ منصوبے کے مختلف پہلوؤں سے آگاہ کیا۔ اجلاس میں منصوبے کی افادیت، بجلی کی ترسیل کے ممکنہ انتظامات اور صنعتی شعبے کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے مختلف تجاویز کا جائزہ لیا گیا جبکہ بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ سندر انڈسٹریل اسٹیٹ اور اورنج لائن ٹرین کی بجلی کی ضروریات پوری کرنے کیلئے ایک (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 60)

## خیبر پختونخوا: پی ٹی آئی دورِ اقتدار میں شعبہ معدنیات میں تاریخ کی بدترین کرپشن بے نقاب

**یہ محض بدانتظامی نہیں بلکہ منظم کرپشن ہے، جس سے خیبر پختونخوا کے خزانے کو صرف ایک سال میں 16 ارب 94 کروڑ روپے سے زائد کا نقصان پہنچایا گیا**

**پی ٹی آئی حکومت کی سرپرستی اور مجرمانہ گٹھ جوڑ سے صرف سال 2022 اور 2023 کے دوران غیر قانونی کان کنی کے ذریعے 8 ارب روپے سے زائد کی لوٹ مار کی گئی**

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی دورِ اقتدار میں معدنیات کے شعبے میں تاریخ کی بدترین کرپشن اور لوٹ مار بے نقاب ہوگئی۔ سرکاری آڈٹ رپورٹ میں قرار دیا گیا ہے کہ یہ محض بدانتظامی نہیں بلکہ منظم کرپشن ہے، جس سے خیبر پختونخوا کے خزانے کو صرف ایک سال میں 16 ارب 94 کروڑ روپے سے زائد کا نقصان پہنچایا گیا۔ آڈٹ رپورٹ کے مطابق پی ٹی آئی حکومت کی سرپرستی اور مجرمانہ گٹھ جوڑ سے صرف سال 2022 اور 2023 (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 61)

کوآرڈینیٹر وزارت صنعت وتجارت ندیم پہلوان کی زیر صدارت کی کھلی کچہری میں عہدیداران کو نوٹیفکیشن دیئے گئے

### لاہور ہائیکورٹ کا رجسٹرڈ لیبارٹری سیمپل کلیکشن سینٹرز 24 گھنٹوں میں ڈی سیل کرنے کا حکم

**ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسرز کی جانب سے سیلنگ غیر قانونی قرار، مراکز بند کرنے کا اختیار پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن کی مجاز انسپکشن ٹیم کو حاصل ہے**

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسرز کی جانب سے پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن کے پاس رجسٹرڈ لیبارٹری سیمپل کلیکشن سینٹرز سیل کرنے کے اقدامات کو بغیر قانونی اختیار قرار دیتے ہوئے کالعدم کر دیا اور سیل شدہ مراکز 24 گھنٹوں میں ڈی سیل کرنے کا حکم دے دیا۔ جسٹس منور اقبال دوگل نے 17 صفحات پر مشتمل تفصیلی فیصلہ جاری کیا۔ یہ فیصلہ محمد عمر حسن بنام ڈپٹی کمشنر لاہور وغیرہ اور ابو ہریرہ بنام ڈپٹی کمشنر لاہور وغیرہ پر مشترکہ طور پر جاری کیا گیا۔ درخواست گزاروں کے وکلاء، پنجاب حکومت کی جانب سے اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل محمد عثمان اور پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن کے لیگل ایڈوائزر پیش ہوئے۔ درخواست گزاروں کے مطابق ایس آر چغتائی لیب کے دو کلیکشن سینٹرز (کوٹ خواجہ سعید ٹیچنگ ہسپتال کے سامنے اور لاہور سرگودھا روڈ، بیگم کوٹ) اور ایس اے چغتائی لیب کا ایک کلیکشن سینٹر (صادق چوک، شیر شاہ روڈ) 27 اور 29 اگست 2026ء کو ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسرز نے سیل کر دیئے تھے۔ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 62)

### محکمہ صحت پنجاب کا جعلی ادویات سے متعلق دوبارہ الرٹ جاری

**انجکشن کیراپامن اور لبرکس گولی کے مخصوص بیچز کو مضر صحت قرار دے دیا گیا**

**محکمہ صحت نے ڈرگ انسپکٹرز کو ہدایت کی ہے کہ فوری کارروائی کرتے ہوئے مضر صحت ادویات کی فروخت روکنے کو یقینی بنایا جائے**

لاہور (سٹاف رپورٹر) محکمہ صحت پنجاب نے جعلی اور مضر صحت ادویات کے خلاف ایک بار پھر الرٹ جاری کرتے ہوئے انجکشن کیراپامن اور لبرکس گولی کے مخصوص بیچز کو مضر صحت قرار دے دیا ہے۔ الرٹ کے مطابق متعلقہ حکام کو مارکیٹ میں فوری سروے کرنے اور انجکشن کیراپامن اور لبرکس گولی کے مخصوص بیچز کو فوری طور پر مارکیٹ سے اٹھانے کی ہدایت جاری کی گئی ہے۔ محکمہ صحت نے واضح کیا ہے کہ مذکورہ ادویات برآمد ہونے کی صورت میں ڈرگ ایکٹ کے تحت قانونی کارروائی عمل میں لائی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 64)

### پنجاب کے 256 ہائر سیکنڈری سکول سولر توانائی پر منتقل کرنے کا فیصلہ

**سکولوں کو سولر توانائی پر منتقل کرنے سے ماہانہ لاکھوں روپے کے یوٹیلیٹی بلوں میں نمایاں بچت ہوگی، حکام**

**متعلقہ اداروں کو عملدرآمد کے لیے ضروری اقدامات کی ہدایت کر دی گئی ہے**

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب حکومت نے صوبہ بھر کے 256 ہائر سیکنڈری سکولوں کو سولر توانائی پر منتقل کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ اس منصوبے کے تحت لاہور کے 15 ہائر سیکنڈری سکول بھی شامل ہیں۔ فہرست کے مطابق گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول اعوان ٹاؤن، برکی، چونگ، جلو موڑ، سنگھ پورہ، شاہدرہ، سمن آباد، کوٹ لکھپت، گلبرگ، مانگا، موری گیٹ اور گڑھی شاہو سمیت دیگر سکولوں کو مرحلہ وار سولر سسٹم پر منتقل کیا جائے گا۔ حکام کے مطابق سکولوں کو سولر توانائی پر منتقل کرنے سے ماہانہ لاکھوں روپے کے یوٹیلیٹی بلوں میں نمایاں بچت ہوگی جبکہ تعلیمی اداروں کو بجلی کی فراہمی بھی زیادہ مستحکم ہو سکے گی۔ منصوبے کے لیے 256 ہائر سیکنڈری سکولوں کی فہرست جاری کر دی گئی ہے اور متعلقہ اداروں کو عملدرآمد کے لیے ضروری اقدامات کی ہدایت کر دی گئی ہے۔

## بچوں سے بھیک منگوانے پر 3 سال تک قید، بھاری جرمانہ بھی ہوگا، نیا آرڈیننس نافذ

**گورنر پنجاب نے پنجاب ویگرنسی ترمیمی آرڈیننس 2026ء کی منظوری دے دی، جو فوری نافذ العمل ہوگا**

**پنجاب میں بچے کی قانونی تعریف تبدیل کر کے عمر کی حد 14 سے بڑھا کر 16 سال کر دی گئی ہے**

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب میں گداگری کی روک تھام کے لئے نیا آرڈیننس نافذ ہوگیا۔ گورنر پنجاب نے پنجاب ویگرنسی ترمیمی آرڈیننس 2026ء کی منظوری دے دی جو فوری نافذ العمل ہوگا۔ پنجاب میں بچے کی قانونی تعریف تبدیل کر کے عمر کی حد 14 سے بڑھا کر 16 سال کر دی گئی ہے، بچوں سے بھیک منگوانے والے والدین اور سرپرستوں کو 3 سال تک قید کی سزا ہو سکے گی، نئے آرڈیننس کے تحت بچوں سے بھیک منگوانے پر 3 لاکھ روپے تک جرمانے کی سزا بھی مقرر کی گئی ہے۔ پنجاب میں گداگری کی روک تھام کے لیے انتظامی ڈھانچے میں تبدیلی کرتے ہوئے ڈی جی سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال کنٹرولر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 73)

لاہور: صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین سمال انڈسٹریز کارپوریشن کے بورڈ ممبران کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

### چوہدری شافع حسین کی ہدایت پر ندیم پہلوان کی زیر صدارت کھلی کچہری

**کھلی کچہری میں شہریوں فری میڈیکل ٹریٹمینٹ اور خواتین نے صفائی، بنیادی سہولیات اور گھریلو مسائل سپیشلی طلاق کے متعلقہ مسائل پیش کیے**

**عوامی مسائل کا ازالہ اور کارکنوں کو فعال کرنا پارٹی کی اولین ترجیح ہے، ندیم پہلوان**

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر صنعت وتجارت وجنرل سیکرٹری پاکستان مسلم لیگ (ق) پنجاب چوہدری شافع حسین کی ہدایت پر کوآرڈینیٹر وزارتِ صنعت و تجارت ندیم پہلوان کی زیر صدارت مسلم لیگ (ق) ہاؤس لاہور میں کھلی کچہری منعقد ہوئی۔ کھلی کچہری میں شہریوں فری میڈیکل ٹریٹمینٹ اور خواتین نے صفائی، بنیادی سہولیات اور گھریلو مسائل سپیشلی طلاق کے متعلقہ مسائل پیش کیے، جن کے حل کے لیے ندیم پہلوان نے اقدامات کیے۔ ندیم پہلوان نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عوامی مسائل کا ازالہ اور کارکنوں کو فعال کرنا پارٹی کی اولین ترجیح ہے۔ اس موقع پر پارٹی کی تنظیم نو کے سلسلے میں نئے عہدیداران کو نوٹیفکیشن جاری کیے گئے، جن میں نائب صدر لاہور ڈاکٹر محمد اقبال آصف سمیت محمد شعیب، ثناء اعجاز اور خدیجہ شامل ہیں۔ تقریب میں افتخار علی اعوان، ندیم پگاں والا، ڈاکٹر زاہد قریشی، رانا مقصود، (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 66)

### لیوی اور ظالمانہ ٹیکسوں کے خلاف (کل) ضلعی ہیڈکوارٹرز پر احتجاجی دھرنے ہوں گے، جماعت اسلامی پنجاب

لاہور (سٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن کی اپیل پر ظالمانہ ٹیکسوں، لیوی اور بھتہ ٹیکس کے خلاف ملک گیر احتجاجی تحریک کے سلسلے میں کل 23 اکتوبر بروز جمعہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 63)

### دودھ پینے سے بچے کی ہلاکت، فوڈ اتھارٹی کا نوٹس، نمونے لیبارٹری بھجوا دیئے

لاہور (کورٹ رپورٹر) نشتر کالونی میں دودھ پینے کے بعد بچے کی ہلاکت کے معاملے پر ڈائریکٹر جنرل پنجاب فوڈ اتھارٹی نے فوری نوٹس لیتے ہوئے تحقیقات کا حکم دے دیا۔ پنجاب فوڈ اتھارٹی کے مطابق ٹیموں نے بچے کے لواحقین سے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 65)

ایڈیٹر: رانا خالد قمر، مینجنگ ایڈیٹر: رانا مجتبیٰ
پبلشر ملک سلیم اعوان نے پوائنٹ
پرنٹرز (الجریدہ) گڑھی شاہو سے چھپوا کر
LDA55/S بلاک B فیصل ٹاؤن سے
شائع کیا فون: 04235220396
E:Mail
dailysehar1@gmail.com

لاہور: ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران کھلی کچہری کے دوران شہری کی درخواست پر متعلقہ افسر کو احکامات جاری کرتے ہوئے